

AN INDEPENDENT NATIONAL DAILY FROM LAHORE
جھوٹ کیخلاف سچ کی طاقت
A.B.C CERTIFIED
DAILY MASAFAT LAHORE
روزنامہ مسافت لاہور
بانی اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر مسز راحت آراء
ایڈیٹر حیدر علی بھٹی
قیمت 10 روپے
جلد نمبر 24 جمعۃ المبارک 28 رجب المرجب 1445ھ 9 فروری 2024ء 27 ماگھ 2079ب شمارہ نمبر 242

القرآن

پھر تمہیں کیا ہوگیا ہے کہ منافقوں کے معاملہ میں دو گروہ ہو رہے ہیں اور اللہ نے ان کے اعمال کے سبب سے انہیں الٹ دیا ہے، کیا تم چاہتے ہو کہ جسے اللہ نے گمراہ کیا ہوا سے راہ پر لاؤ، اور جسے اللہ گمراہ کرے اس کے لیے تو ہرگز کوئی راہ نہیں پائے گا۔ (سورۃ النساء)

نگران وزیراعظم

ووٹوں کے ذریعے ظاہر ہونے والی آوازیں ہماری جمہوریت کی مضبوطی میں کردار ادا کریں گی

مجھے نہیں پتا موبائل فون بندش سے شہریوں کو کیا مشکلات ہیں تاہم اسے سیکیورٹی تناظر میں دیکھا جائے تو بہتر ہے، کامیاب الیکشن پر حکومت، مسلح افواج، الیکشن کمیشن و دیگر کی کاوشوں کو سراہتا ہوں

خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں دہشت گردی کے چند واقعات کے باوجود ملک بھر میں آزادانہ اور منصفانہ انتخابات کے انعقاد کے لیے مسلح افواج، سول آرمڈ فورسز، ایل ای اے، سویلین ایڈمنسٹریشن اور الیکشن کمیشن آف پاکستان کی کاوشیں قابل تعریف ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگراں وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے کہا ہے کہ مجھے نہیں پتا موبائل فون بندش سے شہریوں کو کیا مشکلات ہیں تاہم اسے سیکیورٹی تناظر میں دیکھا جائے تو بہتر ہے، کامیاب الیکشن پر حکومت، مسلح افواج، الیکشن کمیشن و دیگر کی کاوشوں کو سراہتا ہوں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ میں عام انتخابات 2024ء کے کامیاب انعقاد پر قوم کو مبارک باد پیش کرتا ہوں، الیکشن کمیشن آف پاکستان، عبوری صوبائی حکومتوں، مسلح افواج، سول آرمڈ فورسز، پولیس، قانون نافذ کرنے والے اداروں، (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1)

ڈیرہ اسماعیل خان اور خاران میں دہشت گردوں کے حملے، 6 اہلکار شہید، متعدد زخمی

پولیس کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوادر کی گاڑی پر ریموٹ کنٹرول بم سے دھما کا کیا گیا

ڈیرہ اسماعیل خان / خاران (مانیٹرنگ ڈیسک) عام انتخابات 2024 کے موقع پر خیبر پختونخوا کے ضلع ڈیرہ اسمعیل خان اور بلوچستان کے ضلع خاران میں دہشت گردی کے 2 الگ الگ واقعات میں سیکیورٹی فورسز کے 6 اہلکار شہید اور متعدد زخمی ہوگئے۔ مقامی پولیس کے سربراہ رف قیصرانی نے بتایا کہ ڈیرہ اسمعیل خان ضلع کے علاقے کلاچی میں گشت پر مامور پولیس وین کو بم دھماکے اور فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا جس میں 4 پولیس اہلکار شہید ہوگئے۔ اس حملے سے کچھ دیر قبل ضلع ٹانک میں سیکیورٹی فورسز کی گاڑی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2)

نواز شریف

فوج سا تھ ہے کسی ڈیل کی ضرورت نہیں، ہمیں فوج کیسا تھ کبھی کوئی مسئلہ نہیں رہا

خدا کا واسطہ مخلوط حکومت کا نام نہ لیں، مسائل کو حل کرنا ہے تو ایک جماعت کو پورا مینڈیٹ ملنا چاہیے' قائد مسلم لیگ ن

ملک ٹھیک چل رہا تھا ان لوگوں نے آ کر قوم کے خواب بکھیرے، جو کاری ضرب لگائی گئی اس کو ٹھیک کرینگے، میڈیا سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے مخلوط حکومت بننے کے حوالے سے ہاتھ جوڑتے ہوئے کہا ہے کہ ملک کو درپیش مسائل حل کرنے کے لئے ایک جماعت کی اکثریتی حکومت ضروری ہے، دوسروں پر دارومدار نہیں ہونا چاہیے، فوج کے ساتھ ڈیل کی کوئی ضرورت نہیں، ہمیں فوج کے ساتھ کبھی کوئی مسئلہ نہیں رہا، ملک ٹھیک چل رہا تھا پی ٹی آئی والوں نے آ کر قوم کے خواب بکھیرے اور انہیں خراب کیا، جو کاری ضرب لگائی گئی ہے ہم اس کو ٹھیک کریں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 128 میں ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3)

اسلام آباد: نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ جنرل الیکشن میں پولنگ اسٹیشن کا دورہ کرتے ہوئے

لاہور: مسلم لیگ کے قائد نواز شریف ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

ملک بھر میں 12 ویں عام انتخابات 2024ء کے لیے پولنگ کا آغاز صبح 8 بجے ہوا جو شام 5 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہا۔ اس موقع پر سیکیورٹی کے حوالے سے بھی خاص انتظامات کیے گئے

الیکشن 2024: ملک بھر میں پر امن طریقے سے پولنگ

قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 71 میں خواجہ آصف آگے جبکہ پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ آزاد امیدوار ریحانہ ڈار دوسرے نمبر پر ہیں۔ حلقہ این اے 15 میں خرم شہزاد 1148 ووٹ لے کر پہلے جبکہ میاں جاوید لطیف دوسرے نمبر پر ہے

پشاور کے حلقہ این اے 32 کے گلبہار پولنگ اسٹیشن مرد کے ایک پولنگ بوتھ کے غیر حتمی غیر سرکاری نتائج کے مطابق پی ٹی آئی کے نامزد آزاد امیدوار آصف خان 60 ووٹ لیکر آگے ہیں، حلقہ این اے 32 کے غیر حتمی غیر سرکاری نتائج کے مطابق پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار شعیب شاہین 324 ووٹ لے کر پہلے نمبر پر رہے

فارم 45 کی تصویر لیکر ریٹرننگ افیسر کو بذریعہ موبائل فون بھیجیں، اگر موبائل فون کے سگنلز نہ ہوں یا کسی بھی وجہ سے فارم 45 کی ترسیل میں دشواری پیش آئے تو پریزائیڈنگ افسر کا انتظار کیے بغیر ریٹرننگ افسر فارم 45 اور پولنگ کا سامان لیکر آر او آفس فوری روانہ ہوا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں 12 ویں عام انتخابات 2024ء کے لیے پولنگ کا آغاز صبح 8 بجے ہوا جو شام 5 بجے تک بغیر کسی وقفے کے جاری رہا۔ اس موقع پر سیکیورٹی کے حوالے سے بھی خاص انتظامات کیے گئے۔ مجموعی طور پر پولنگ پرامن ماحول میں منعقد ہوئی۔ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 130 سے مسلم لیگ ن کے قائد نواز شریف 731 ووٹوں کے ساتھ آگے ہیں جبکہ پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ امیدوار یاسمین راشد دوسرے نمبر پر رہیں۔ قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 71 میں خواجہ آصف آگے جبکہ پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ آزاد امیدوار ریحانہ ڈار دوسرے نمبر پر ہیں۔ حلقہ این اے 15 میں خرم شہزاد 1148 ووٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 5)

دھاندلی کا مسئلہ اسوقت دیکھیں گے جب فارم 45 کے مطابق نتیجہ نہ آیا' سینیٹر شیری رحمٰن

موبائل، انٹرنیٹ کی بندش سے ووٹرز، ورکرز اور پولنگ ایجنٹس و عملے کو کام کرنے میں شدید دشواری کا سامنا رہا

انٹرنیٹ سروس ہوتی تو ہمیں بذات خود ای سی پی آنے کی ضرورت نہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کی نائب صدر سینیٹر شیری رحمٰن نے کہا ہے کہ وہی رزلٹ سامنے آنے چاہیے جو فارم 45 پر ہوں، دھاندلی کا مسئلہ اسوقت دیکھیں گے جب فارم 45 کے مطابق نتیجہ نہ آیا۔ وہ پنجاب الیکشن کمشن میں موبائل اور انٹرنیٹ سروسز کی بندش کے خلاف درخواست جمع کرانے کے بعد میڈیا سے گفتگو کر رہی تھیں۔ اس موقع پر پی پی گلگت بلتستان کے صدر امجد حسین بھی انکے ساتھ تھے۔ شیری رحمٰن نے کہا کہ پہلے کی طرح آر ٹی ایس اور اب پی ایم ایس کا مسئلہ نہیں آنا چاہیے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4)

آصفہ بھٹو زرداری سمیت کئی رہنماؤں نے ووٹ کاسٹ کیا

الیکشن کے درمیان موبائل فون سروس بند کرنا اچھی بات نہیں، الیکشن کی شفافیت پاکستان کی معیشت کو بہتر کرے گی، خورشید شاہ

کراچی کے ڈپٹی میئر سلمان عبد اللہ مراد نے اپنا ووٹ کاسٹ کر دیا

نوابشاہ (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان پیپلز پارٹی کی رہنما آصفہ بھٹو زرداری نے نوابشاہ میں ووٹ کاسٹ کیا۔ ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد اپنے پیغام میں آصفہ بھٹو زرداری نے کہا کہ ووٹ ایک قومی فریضہ ہے، جسے میں نے تیر کے نشان پر مہر لگا کر ادا کر دیا ہے۔ دریں اثناء سابق وزیر اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے پولنگ اسٹیشن واہڑ میں اپنا ووٹ کاسٹ کرلیا۔ پی ایس 36 سے پی پی امیدوار ڈاکٹر عذرا فضل پیچوہو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 9)

مختلف حلقوں میں پولنگ کا عمل تاخیر کا شکار، کئی جگہوں پر عملہ ہی وقت پر نہیں پہنچ سکا

پولنگ اسٹیشن نمبر 262 سے 265 میں پریزائیڈنگ افسر نہیں پہنچ سکے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عام انتخابات 2024 کے لیے مختلف شہروں کے پولنگ اسٹیشنوں پر پولنگ وقت پر شروع نہ ہوسکی۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے این اے 48 شہزاد ٹاؤن کے پولنگ اسٹیشن پر پولنگ کے آغاز میں تاخیر ہوئی۔ رپورٹس کے مطابق عملہ پولنگ کے انتظامات میں مصروف رہا جس کے باعث پولنگ کا آغاز 15 منٹ تاخیر سے ہوا۔ شہزاد ٹاؤن کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 10)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی صوبائی الیکشن کمشنر اعجاز انور چوہان سے ملاقات کرتے ہوئے

نواز شریف نے این اے 128، مریم نواز، جنید صفدر نے این اے 127 میں ووٹ کاسٹ کیا

ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے آمد کے موقع پر عون چوہدری، عطا اللہ تارڑ، عمر سہیل ضیاء بٹ اور دیگر نے قیادت کا استقبال کیا

نواز شریف نے عطا اللہ تارڑ اور اپنے ہاتھ فضاء میں بلند کر کے کارکنوں کے نعروں کا جواب دیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف نے حلقہ این اے 128، سینئر نائب صدر مریم نواز اور انکے صاحبزادے جنید صفدر نے حلقہ این اے 127 میں اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف پارٹی کی سینئر نائب صدر اور اپنی صاحبزادی مریم نواز اور نواسے جنید صفدر کے ہمراہ حلقہ این اے 128 میں ووٹ کاسٹ کرنے کے لئے پہنچے جہاں استحکام پاکستان پارٹی کے امیدوار عون چوہدری اور ذیلی حلقہ سے امیدوار عمر سہیل ضیاء بٹ سمیت دیگر نے ان کا استقبال کیا۔ نواز شریف اپنا ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد مریم نواز اور جنید صفدر کے ہمراہ حلقہ این اے 127 میں پہنچے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 6)

لاہور: مسلم لیگ ن کے صدر شہباز شریف حلقہ این اے 128 میں اپنا ووٹ کاسٹ کر رہے ہیں

2024 کا الیکشن پاکستان کے لیے ٹرننگ پوائنٹ ہے' تمام اسٹیک ہولڈرز مل بیٹھ کر معاشی مسائل کو حل کریں'

صاحبزادے شہباز شریف سلمان شہباز کی ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف کے صاحبزادے سلمان شہباز نے کہا ہے کہ انشا اللہ پاکستان کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ پنجاب نے ریواز گارڈن میں اپنا ووٹ کاسٹ کر دیا، محسن نقوی نے قطار میں لگ کر اپنی باری آنے کا انتظار کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محسن نقوی نے جی پی ایس جونیئر ماڈل سکول ریواز گارڈن کے پولنگ اسٹیشن نمبر 42 میں اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔ وزیر اعلیٰ محسن نقوی نے قطار میں کھڑے ہو کر اپنی باری کا انتظار کیا اور اپنی باری پر پولنگ آفیسر سے بیلٹ پیپرز لئے اور انتخابی نشان پر مہر لگا کر بیلٹ پیپرز باکس میں ڈالے۔

الیکشن کمیشن کی جانب سے ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے مقررہ وقت میں توسیع نہ کی گئی

پولنگ اسٹیشن کے اندر موجود ووٹرز کو ووٹ کاسٹ کرنے کی اجازت، ہزاروں ووٹرز مایوس واپس لوٹ گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن کی جانب سے ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے مقررہ وقت میں توسیع نہ کی گئی جس کی وجہ سے ہزاروں ووٹرز اپنا ووٹ کاسٹ نہ کر سکے اور مایوس واپس لوٹ گئے۔ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد: صدر مملکت عارف علوی اور امیر جماعت اسلامی سراج الحق اپنا اپنا ووٹ کاسٹ کروا رہے ہیں

الیکشن کمشنر نے این اے 232 میں بیلٹ پیپر چھیننے کا نوٹس لے لیا، رپورٹ طلب

ترجمان الیکشن کمشنر سندھ کے مطابق انتخابات کی شفافیت پر سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمشنر سندھ کا این اے 232 میں پریزائیڈنگ افسر سے بیلٹ پیپر چھیننے کا نوٹس لے لیا۔ ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق واقعے پر متعلقہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 12)

عام انتخابات 2024، ووٹ کاسٹ کرنے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل

دیگر ووٹرز بھی موبائل فون سمیت ووٹ کاسٹ کرنے پولنگ اسٹیشن جاتے رہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ووٹ کاسٹ کرنے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہوتی رہیں۔ الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کرتے ہوئے صوبائی حلقہ 112 میں ووٹر کی ووٹ کاسٹ کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی، ووٹر نے پولنگ بوتھ میں ووٹ ڈالنے کی مکمل ویڈیو (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 13)

نگران وزیراعظم انوارالحق کاکڑ نے اسلام آباد اور راولپنڈی کے مختلف پولنگ سٹیشنز کا دورہ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وزیر اعظم انوارالحق کاکڑ نے اسلام آباد اور راولپنڈی کے مختلف پولنگ سٹیشنز کا دورہ کیا۔ جمعرات کو وزیر اعظم آفس کے میڈیا ونگ سے جاری بیان کے مطابق وزیر اعظم نے انتخابی عمل اور ووٹرز کو فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے انتخابی عمل میں امن وامان اور ووٹرز کو فراہم کی گئی سہولیات پر اطمینان کا اظہار کیا۔

ملک بھر میں موبائل فون سروس عارضی طور پر معطل رہی، عوام کو مشکلات کا سامنا، ملک میں دہشت گردی کے حالیہ واقعات میں قیمتی جانوں کا ضیاع ہوا ہے، ترجمان وزارت داخلہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عام انتخابات کے سلسلے میں ملک بھر میں موبائل فون سروس عارضی طور پر معطل کر دی گئی ہے جس کے باعث عوام کو شدید مشکلات کا سامنا رہا۔ ترجمان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 11)

مرتضیٰ سولنگی

الیکشن کے انعقاد کیلئے ہم نے بھرپور ذمہ داری کا مظاہرہ کیا

ووٹ ڈالنا حب الوطنی کی نشانی ہے، حق رائے دہی استعمال کر کے ہی ملک کو آگے بڑھایا جا سکتا ہے، وزیر اطلاعات

کچھ لوگ ملک میں عدم استحکام پیدا کرنا چاہتے ہیں، غیر قانونی مقیم غیر ملکی تارکین کا انخلا بڑا مسئلہ تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) نگران وفاقی وزیر اطلاعات، نشریات و پارلیمانی امور مرتضیٰ سولنگی نے کہا ہے کہ ووٹ ڈالنا حب الوطنی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 14)

ملک بھر میں انتخابات سو فیصد شفاف ہوئے، چیف الیکشن کمشنر

جہاں کنیکٹویٹی کا مسئلہ ہوگا متعلقہ پریزائیڈنگ افسر خود متعلقہ ریٹرننگ افسر کے دفتر جا کر فارم 45 فراہم کرے گا، ای ایم ایس میں فارم 45 اپ لوڈ کرنے کے بعد جہاں سروس بحال ہوگی

عوام کو حتمی پولنگ اسکیم جاری ہوتے ہی اپنا ووٹ چیک کر لینا چاہیے تھا، سیکورٹی خدشات کے باعث بند موبائل سروس کی بحالی کے احکامات دینا ہمارا مینڈیٹ نہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ نے کہا ہے کہ ملک بھر میں انتخابات 100 فیصد صاف شفاف (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 24)

انٹرنیٹ سے زیادہ اہم ووٹ ڈالنا ہے، سربراہ کامن ویلتھ مبصر گروپ

انٹرنیٹ دریافت ہونے سے قبل ہم الیکشن کرا رہے تھے، رزلٹ بھیجتے وقت انٹرنیٹ بندش سے مسئلہ ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) کامن ویلتھ کے مبصر گروپ کے سربراہ نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ سے زیادہ اہم ووٹ ڈالنا ہے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پولنگ کے عمل سے مطمئن ہیں، ووٹنگ کے عمل میں انٹرنیٹ کی ضرورت نہیں۔ کامن ویلتھ کے مبصر گروپ کے سربراہ نے کہا کہ انٹرنیٹ دریافت ہونے سے قبل ہم الیکشن کرا رہے تھے۔ انہوں نے کہا کہ رزلٹ بھیجتے وقت انٹرنیٹ بندش سے مسئلہ ہوگا۔

ڈاکٹر عارف علوی کی آذربائیجان کے صدارتی انتخابات میں فیصلہ کن کامیابی پر صدر الہام علی یوف کو مبارکباد

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی نے آذربائیجان کے صدارتی انتخابات میں فیصلہ کن کامیابی پر صدر الہام علی یوف کو مبارکباد دی ہے۔ ایوان صدر کے پریس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 19)

نگران حکومت اپنے فرائض کی ادائیگی کے آخری مرحلے میں ہے، جلد منتخب نمائندے حکومت کی باگ دوڑ سنبھال لیں گے، نگران وزیر داخلہ

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) نگران وفاقی وزیر داخلہ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا ہے کہ نگران حکومت اپنے فرائض کی ادائیگی کے آخری مرحلے میں ہے، انشا اللہ جلد عوام کے منتخب نمائندے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 18)

سکیورٹی خدشات، مختلف علاقوں میں موبائل اور انٹرنیٹ سروس عارضی طور پر معطل

امن وامان کے پیش نظر موبائل سروس کو عارضی معطل کرنے کا فیصلہ کیا گیا' وزارت داخلہ

اسلام آباد / لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) عام انتخابات کے موقع پر سکیورٹی خدشات کے پیش نظر ملک کے مختلف علاقوں میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس عارضی طور پر معطل رکھی گئی جس کی وجہ سے شہریوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ ذرائع کے مطابق کراچی، لاہور، کوئٹہ اور پشاور کے مختلف علاقوں میں موبائل فون اور انٹرنیٹ سروس اچانک معطل ہوگئی، موبائل سروس متاثر ہونے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 15)

انڈونیشیا میں پھنسا پی آئی اے کا دوسرا طیارہ بھی پاکستان پہنچ گیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انڈونیشیا میں پاکستان انٹرنیشنل ایئرلائن کے پھنسا دوسرا طیارہ ایئربس اے 320 بھی واپس پاکستان (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 17)

راولپنڈی، اڈیالہ جیل میں قید عمران خان اور دیگر اہم سیاسی شخصیات نے ووٹ کاسٹ کیا

کم ٹرن آؤٹ کی وجہ قیدیوں کی بڑی تعداد کے پاس اصل شناختی کارڈ کی عدم موجودگی تھی

جیل میں مجرم، ڈکیت، چور، خوفناک جرائم میں ملوث سزا یافتہ مجرمان اور وہ ملزمان قید ہیں جن کے مقدمات عدالت میں چل رہے ہیں

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) اڈیالہ جیل میں قید سابق وزیراعظم عمران خان اور دیگر معروف سیاسی شخصیات نے پوسٹل بیلٹ کے ذریعے ووٹ کاسٹ کیا۔ تفصیلات کے مطابق سابق وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی، سابق وزیر اعلیٰ پنجاب چوہدری پرویز الٰہی، عوامی مسلم لیگ کے سربراہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 20)

اسلام آباد سے پورے ملک میں انتخابات کی مانیٹرنگ جاری رہی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی دارالحکومت اسلام آباد سے پورے ملک میں انتخابات کی مانیٹرنگ جاری رہی۔ ترجمان الیکشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 25)

عام انتخابات کیلئے ووٹنگ کا عمل بلا تعطل اور پرامن طریقے سے جاری ہے، ترجمان الیکشن کمیشن

الیکشن کمیشن نے چاروں صوبوں میں 90 ہزار 6 سو 75 پولنگ سٹیشنز قائم کیے ہیں

عوام ہیلپ لائن 051-111327000 پر کال کر کے یہاں 24 گھنٹے اپنی شکایات درج کر سکتے ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن آف پاکستان (ای سی پی) کے ترجمان ہارون شنواری نے کہا کہ ملک بھر میں سخت حفاظتی اقدامات کے ساتھ عام انتخابات کے لیے ووٹنگ کا عمل بلا تعطل اور پرامن طریقے سے جاری ہے۔ خصوصی گفتگو میں انہوں نے کہا کہ ابھی تک تشدد اور دھاندلی کا کوئی واقعہ رپورٹ نہیں ہوا، انتخابی عمل کے پرامن انعقاد کے لیے سخت سکیورٹی کو یقینی بنانے کے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 27)

نواز شریف کی قیادت میں ملک کو دلدل سے نکالیں گے: رانا ثنا اللہ

آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے، پاکستان کچھ وجوہات کی بنا پر کرائسز میں ہے

تعمیر و ترقی اور خوشحالی کا سفر آگے بڑھے گا، بہت جلد عام آدمی کو ریلیف ملے گا

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) مسلم لیگ ن پنجاب کے صدر رانا ثنا اللہ نے کہا ہے کہ ن لیگ نواز شریف کی قیادت میں ملک کو دلدل سے نکالنے کے سفر کا آغاز کرے گی۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثنا اللہ نے کہا کہ آج کا دن پاکستان کی تاریخ میں اہمیت کا حامل ہے، پاکستان کچھ وجوہات کی بنا پر کرائسز میں ہے، قوم آج فیصلہ کرے گی، پاکستان آگے بڑھے گا اور سرخرو ہوگا۔ رانا ثنا اللہ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 16)

گوگل نے ڈوڈل پر پاکستان کا جھنڈا اور بیلٹ بکس کی تصویر لگا کر انتخابات کی اہمیت کو اجاگر کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک بھر میں عام انتخابات کے موقع پر گوگل نے ڈوڈل پر پاکستان کا جھنڈا اور بیلٹ بکس کی تصویر لگا کر انتخابات کی اہمیت کو اجاگر کیا، صوبائی دارالحکومت لاہور میں ووٹرز (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 21)

اسلام آباد، غیر ملکی مبصرین کا پولنگ اسٹیشنز کا دورہ، انتخابی امور کا جائزہ لیا، اطمینان کا اظہار

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دولت مشترکہ کے وفد اور غیر ملکی مبصرین نے وفاقی دارالحکومت اسلام آباد کے پولنگ اسٹیشنز کا دورہ کیا۔ دولت مشترکہ کے وفد اور غیر ملکی مبصرین نے انتخابی امور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 26)

انتخابات کے دوران سکیورٹی خدشات، پاک-افغان طورخم بارڈر بند رہا

بارڈر حکام کے مطابق بارڈر پر کسٹم سمیت تمام دفاتر بند ہیں اور کلیئرنس کا عمل معطل رہا

اسلام آباد / پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) عام انتخابات کے موقع پر ملک بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں، امن وامان کی خراب صورتحال کے خدشات کے پیش نظر پاک-افغان طورخم بارڈر بھی بند رہا۔ تفصیلات کے مطابق طورخم بارڈر کو گزشتہ رات بارہ بجے سے بند کر دیا گیا جس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 22)

سادہ اکثریت ملنے کی امید کی ہے، دوسری صورتحال ہوتی ہے تو پھر بیٹھ کر فیصلہ کرینگے' حمزہ شہباز

عوام کی مشکلات کے ازالے، مہنگائی کے خاتمے کے لئے سب کو مل کر پارلیمنٹ میں لائحہ عمل بنانا پڑیگا

پہلا مرحلہ الیکشن جیتنا ہے، واضح اکثریت سامنے آئے گی تو پھر وزارت اعلیٰ کا فیصلہ کیا جائیگا' میڈیا سے گفتگو

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر اعلیٰ پنجاب حمزہ شہباز نے کہا ہے کہ سادہ اکثریت ملنے کی امید کی ہے تاہم اگر دوسری صورتحال ہوتی ہے تو پھر بیٹھ کر فیصلہ کریں گے، وقت کا پہیہ گھومتا رہتا ہے، 2018 میں نواز شریف، مریم نواز جیل میں تھے، اگر کسی نے قانون کی خلاف ورزی کی ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 23)

نواب شاہ: سابق صدر آصف علی زرداری اپنا ووٹ کاسٹ کرتے ہوئے دوسری جانب جماعت اسلامی کے رہنما حافظ نعیم الرحمن میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے

راولپنڈی: نگران وفاقی وزیر داخلہ ڈاکٹر گوہر اعجاز پولنگ اسٹیشن میں عملے سے گفتگو کرتے ہوئے

روزنامہ
DAILY MASAFAT LAHORE
مسافت
لاہور
بانی
اصغر علی جٹ (مرحوم)
ایگزیکٹو ایڈیٹر
چوہدری اکرم مجید
چیف ایڈیٹر
مسز راحت آراء
ایڈیٹر
حیدر علی بھٹی

ایڈیٹوریل

سابق وزیر اعظم نواز شریف کا دورہ سوات

مسلم لیگ ن کے قائد اور سابق وزیر اعظم نواز شریف نے کہا کہ سوات والے کیسے ایک شخص کے جھانسے میں آگئے؟ آپ نے تبدیلی کیلئے پرانا پاکستان تباہ کر دیا۔ مسلم لیگ ن کے قائد اور سابق وزیر اعظم نواز شریف نے سوات میں انتخابی جلسے سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ سوات والو نواز شریف آپ سے پیار کرتا ہے، نواز شریف کو سوات والوں کی حالت پر ترس بھی آتا ہے، اس نے آپ سے 1 کروڑ نوکریوں کا وعدہ کیا تھا، کسی کو 50 لاکھ گھروں میں سے ایک گھر ملا ہو تو ہاتھ کھڑا کریں؟ آؤ بتاؤ بھائی عوام سے جھوٹے وعدے کیوں کئے تھے۔ نواز شریف نے کہا کہ خیبر پختونخوا کے لوگ تو بہت سادہ اور سیدھے سادھے ہیں، ان کو دھوکہ دیتے ہوئے آپ کو شرم نہیں آئی؟ آپ نے ان کے جذبات سے کھیلا، آپ نے یہاں ون بلین ٹری پراجیکٹ کا وعدہ کیا تھا، پورا راستہ دیکھتا آیا ہوں ون بلین ٹری کہاں ہے؟ مجھے کہیں بھی ون بلین ٹری نظر نہیں آیا۔ مسلم لیگ ن کے قائد نے مزید کہا کہ یہ بندہ خیبر پختونخوا سے باقی صوبوں میں ایکسپورٹ ہوا ہے، ایسے بندے کو کیوں اجازت دی جس نے آج پاکستان کو اجاڑ دیا ہے، ہمارے زمانے میں 25 روپے کی 5 روٹیاں ملتی تھیں، آج 25 روپے میں ایک روٹی ملتی ہے، نواز شریف کے زمانے میں ماہانہ 1 ہزار کا بل آتا تھا، آج 20 ہزار کا آتا ہے۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ پہلے آپ نے نواز شریف کو نکلنے دیا اب کہتے ہیں پاکستان کو نواز دو، آپ کو پچھلی باتوں کا جواب دینا پڑے گا، میرے زمانے میں سبزی 10 روپے کلو بکتی تھی، آج 500 روپے کلو بکتی ہے، بولو نواز شریف برا تھا یا اچھا، آپ جال میں کیوں پھنس گئے؟ نواز شریف نے مزید کہا کہ اگر ہمیں اس صوبے میں 10 سال ملتے تو سب سے خوبصورت صوبہ ہوتا، مجھے بیٹے سے تنخواہ نہ لینے پر نکال دیا گیا، مجھے نہ نکالا جاتا تو پورا یقین ہے آج ایک شخص بھی بیروزگار نہ ہوتا، آج لوگوں کے گھروں میں روشنی کے چراغ جلتے، آج دوائیوں کے پیسوں کیلئے بھیک نہ مانگنی پڑتی۔ انہوں نے کہا کہ میں ہوتا تو آج غریبی نہ ہوتی بلکہ خوشحالی ہوتی، میں آپ سے سچ بولنے آیا ہوں اور بول رہا ہوں، یہاں کونسی موٹروے بنی ہے؟ وہ تین سو ڈیم کہاں ہیں؟ مجھے چل کر ایک بھی بتاؤ، نواز شریف نے پاکستان سے لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا تھا، آپ پھر اس شخص کے پیچھے لگ گئے اور پاکستان کا یہ حال کردیا۔ مسلم لیگ ن کے قائد نے کہا کہ میں نے کبھی اپنے عوام سے جھوٹ نہیں بولا ہمیشہ سچ بولا، آئندہ بھی ہمیشہ اپنے عوام سے سچ بولوں گا، میں جھوٹ بول کر اپنی عاقبت خراب نہیں کروں گا، آپ سے روز یہاں جھوٹ بولا جاتا تھا، اب خود بھی پھنس گئے اور ملک کو بھی مشکلات میں پھنسا دیا۔ سابق وزیر اعظم نے کہا کہ میں یہاں ایک ایک منصوبہ اپنے سامنے مکمل کراؤں گا، یہ تو 8 تاریخ کو پتہ چلے گا، آپ مجھے چکر نہ دینا، میں پشتو ایسی بولوں گا کہ آپ بھی بھول جائیں گے، میں بہت زبردست پشتو بولتا ہوں، نواز شریف نے مزید کہا کہ آپ مسلم لیگ ن کو موقع دیں گے تو خیبر پختونخوا کی تقدیر بدل دیں گے، میں 40 سال سے سن رہا تھا لواری ٹنل بن رہا ہے، ہم آئے 30 ارب روپے خرچ کر کے لواری ٹنل کو تعمیر کیا، کوئی بھی موسم ہو ٹریفک لواری ٹنل سے گزر کر چترال جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریفک یہاں سے لوئر دیر اور اپر دیر بھی جاتی ہے، ہماری تو حکومت یہاں نہیں تھی، بتاؤ انہوں نے یہاں کیا بنایا؟ ہم یہاں گیس لیکر آئے، کالج اور یونیورسٹیاں بنائیں، لواری ٹنل جب بنی تو میں جیل میں تھا، میں اپنے باپ اور والدہ کو قبر میں نہیں اتار سکا، بہت غم دیکھے لیکن نواز شریف آپ کا غم برداشت نہیں کرسکتا۔

طلسماتی ملک

میری بات / اروبیل اکبر

رات کی تاریکی میں عمران خان کو وزیراعظم ہاؤس سے نکالا تو انہوں نے ڈائری پکڑی اور اپنے گھر کو روانہ ہوگئے گذشتہ روز اڈیالہ جیل میں رات گئے عدالت نے انہیں 10 سال قید سنائی تو قیدی نمبر 804 مسکرا کر قید خانہ عدالت سے اٹھا اور اپنے قید خانہ کی طرف چل پڑا توشہ خانہ ریفرنس میں بشریٰ بی بی اور عمران خان کو چودہ سال قید ہو گئی اور جس وقت آپ یہ سب پڑھ رہے ہونگے امید ہے اس وقت تک انہیں عدت میں نکاح کرنے پر بھی سزا ہوچکی ہوگی پاکستان کی تاریخ کا یہ واحد مجرم ہے جسکی سزا پر ڈانس نہیں ہوا بھنگڑے نہیں ڈالے گئے اور تو اور مٹھائی بھی تقسیم نہیں ہوئی بلکہ مخالفین مزید پریشان ہیں کہ ان سزاؤں کے باوجود عمران خان کی مقبولیت دن بدن بڑھتی ہی جارہی ہے آج پی ٹی آئی ختم، بلے کا نشان ختم، امیدوار جیلوں میں اور باہر والے قتل ہورہے ہیں ملک بھر میں کہیں بھی عمران خان کے نام پر ووٹ مانگنے والوں کی فلیکس لگنے نہیں دی جارہی انکی ریلیوں میں شامل ہونے والوں پر مقدمے درج کیے جارہے ہیں لیکن اسکے باوجود ہر باشعور شہری عمران خان کے امیدواروں کو ڈھونڈ رہا ہے لیکن عمران خان کے مقابلے میں جب توشہ خان خالی کرنے والوں کو جب سزائیں ہوتی تھیں تو ملک بھر میں مٹھائیاں تقسیم کی جاتی تھیں اور تو اور جب جنرل ضیاء الحق کی عدالت نے ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی کی سزا سنائی تو اس وقت بھی مخالفین نے خوشیاں منائیں اور مٹھائیاں بانٹی لیکن آج اس سزا پر عدالت بھی شرمندہ ہے اور اسکی معافی تلافی کا بھی سوچا جارہا ہے عمران خان کو دی جانے والی پہلی سزا سائفر کیس کی ہے جس میں انہوں نے بیرونی غلامی سے نجات کا اعلان کیا تھا لیکن کیا کریں ہم ایک غلام قوم ہیں اور اس غلامی کو ہم نے اپنے گلے کا ہار بنایا ہوا ہے خیر یہ سزائیں بھی ختم ہو جائیں گی کیونکہ یہ ملک خدا کا معجزہ ہے اور معجزوں کا یہ سلسلہ رکا نہیں ہے نہیں یقین تو دیکھ لیں کہ طیارہ ہائی جیک کیس میں شریف برادران کو عمر قید ہوئی چار ماہ بعد دونوں بھائی جدہ پہنچ گئے شاہی مہمان رہے اور دس سال بعد چھوٹا بھائی پھر سے نہ صرف پنجاب کا وزیر اعلیٰ بنا بلکہ فرد جرم عائد ہونے سے چند گھنٹے پہلے بطور وزیراعظم اسلامی جمہوریہ پاکستان کا حلف بھی اٹھا لیا حنیف عباسی کو پھانسی کی سزا ہوئی دو سال کے اندر معطل ہو گئی پانامہ کیس میں یوں تو 360 افراد کے نام تھے مگر پھر میاں نواز شریف کو رگڑا لگانا مقصود تھا اس لیے تاحیات نااہلی ہوئی لیکن چار سال بعد میاں صاحب پھر سے میدان میں ہیں اور وہ بھی ایسے کہ ان کے مقابل سارا میدان صاف کیا جا رہا ہے زرداری صاحب کو سرے محل، بینک سکینڈل اور دیگر کیسز میں گیارہ سال قید ہوئی زرداری صاحب نے تین سال کاٹی اسکے بعد صدر پاکستان بنے اور اب وہ پارٹی کے شریک چئیر مین ہیں یہ معجزہ نہیں تو پھر کیا ہے کہ ایک بندہ جیل میں سزا یافتہ قیدی بن جائے اور پھر کچھ ہی عرصہ بعد اسے ایوان اقتدار بھیج دیا جائے یہاں کب قانون کی پٹاری سے کوبرا نکل آئے اور کب آزادی کا کبوتر اس بارے صرف وہی جانتے ہیں جو غائب بھی ہیں حاضر بھی کہ کس لمحے کس سبب ڈیل ہوجائے کب منظر بدل جائے کب حسینیت زندہ ہو اور کب یزیدیت چھانے لگے سچ کس گھڑی جھوٹ کا لبادہ اوڑھ کر پتلی گلی سے نکل لے اور کب جھوٹ کورا سچ بن کر سامنے آن کھڑا ہو کسی کو کچھ معلوم نہیں لیکن جو جانتے ہیں وہ خوب جانتے ہیں کہ قانون و آئین تو وہ کتاب ہے جو مخالف کو فکس کرنے کے کام آتی ہے ملکی نظام چلانے کے نہیں اور آجکل تو ہمارا سارے کا سارا نظام تو فون کال اور وائس ایپ پر چل رہا ہے جو کہہ دیا وہی قاعدہ اور وہی قانون جسے بدلنے میں رویوں کے بدلنے کا انتظار ہوتا ہے بس ذرا صبر، تھوڑا وقت اور موسم بدلنے کا انتظار ہی تو کرنا ہوتا ہے پھر اسکے بعد کل کا ولن ہیرو بن جاتا ہے اور آج کا ہیرو کل کا ولن ہوسکتا ہے ہماری سیاست مداری کا کھیل اور پتلی تماشا ہے جہاں کردار کسی بھی لمحے یک لخت بدلے جاتے ہیں اور ہمارا نظام کسی بھی وقت کوئی بھی روپ بدل سکتا ہے ادھر سقراط کو تخت بھی مل سکتا ہے اور یونانیوں کو زہر کا پیالہ یہاں گلیلیو زمین کو سورج کے گرد گھما سکتا ہے اور چرچ سورج کو زمین کے گرد لیکن اسکے لیے نعرہ مستانہ بلند کرنا ہوگا کہ میرا چیف میری حکومت، تیرا چیف تیری حکومت، میرا جج حق سچ کا فیصلہ، تیرا جج جابرانہ فیصلہ کسی کی تصویر تک پابندی اور کسی کو ہر لمحہ ٹیلی ویژن پر مملکت خداداد میں کسی بھی وقت کچھ بھی ممکن ہے بلکہ سب کچھ ممکن ہے یہ قطعہ اراضی ممکنات کا دوسرا نام ہے یہاں کسی کے لیے کوئی در بند نہیں سب در کھلے ہیں اور کسی کے پر سب در بند ہیں اور کوئی کھلا نہیں پاکستان باب طلسم ہے یا مجبور و بے کس لوگوں کی دھرتی اب یہ فیصلہ گونگی مخلوق کو کرنا ہے جس نے 8 فروری کو چھٹی کرنی ہے کیونکہ اس دن ہمارا قومی تہوار الیکشن ہے اس دن لوگ صبح نماز ادا کریں پاکستان اور قوم کی ترقی کے لیئے دعا کریں گھر آ کر سویوں سے ناشتہ کریں تمام اہل خانہ بشمول بچوں کے پولنگ سٹیشن کی راہ لیں اور راستہ میں بچوں سے پاکستان زندہ باد کے نعرے، قومی اور ملی ترانوں کا ورد کراتے ہوئے پولنگ سٹیشن پہنچیں کوشش کریں کہ گھر میں کوئی رہ نہ جائے پولنگ سٹیشن کی حدود میں داخل ہوکر ن لیگ کے پولنگ کیمپ سے جا کر ووٹ کی پرچی لیں اور بریانی یا قیمے والے نان سے ناشتہ کریں پھر پیپلز پارٹی کے کیمپ میں جائیں وہاں سے کوک یا پیپسی کی بوتل پئیں اسکے بعد وہاں سے جمیعت العلمائے اسلام کے کیمپ سے حلوے کی پلیٹ کھاتے ہوئے آگے بڑھیں کیونکہ عمران خان کی تصویر والا تو کوئی کیمپ سرے سے لگنے ہی نہیں دیا جائے گا اس لیے آپ سیدھے پولنگ سٹیشن پہنچیں جہاں دروازے پر شیر جوان کھڑے ہونگے

پاکستان میں ہونے والے ''عام انتخابات''

تحریر: محمد مظہر رشید چودھری

قیام پاکستان سے پہلے ہندوستان میں 1945-46 میں ہونے والے انتخابات میں مسلم لیگ کے کامیاب امیدوار ہی پاکستان کی پہلی قانون ساز اسمبلی کے ممبر بنے تھے، مسلم لیگ نے مرکزی اسمبلی کی 102 میں سے 30 اور صوبائی اسمبلیوں کی 495 مسلم نشستوں میں سے 446 نشستوں پر کامیابی حاصل کی تھی، جبکہ آئین سازی کے لیے جولائی 1946 میں 296 ارکان پر دستور ساز اسمبلی بنائی گئی جس میں صوبوں کو آبادی کے حساب سے نمائندگی دی گئی۔ صوبائی اسمبلیوں نے ان نشستوں کے ارکان کا بالواسطہ انتخاب کیا۔ دستور ساز اسمبلی میں کانگریس نے 208 اور مسلم لیگ نے 73 نشستیں حاصل کی تھیں، قیام پاکستان کے بعد دستور ساز اسمبلی میں 69 ارکان میں سے 44 بنگال، 17 پنجاب، چار سندھ، تین شمال مغربی سرحدی صوبے (موجودہ خیبر پختونخوا) اور ایک کا تعلق بلوچستان سے تھا، قیام پاکستان کے بعد دستور ساز اسمبلی میں 10 ارکان کا اضافہ کیا گیا جن میں سے چھ نشستیں مہاجرین کے لیے مختص کی گئی تھیں، مارچ 1951 میں پنجاب میں صوبائی الیکشن منعقد ہوئے جس میں مسلم لیگ نے بھاری اکثریت حاصل کی، نومبر دسمبر 1951 ہی میں صوبہ سرحد (خیبر پختونخوا) کے انتخاب میں بھی مسلم لیگ کو واضح برتری ملی، مئی 1953ء میں صوبہ سندھ کے انتخابات ہوئے، آبادی کے اعتبار سے بڑے صوبے مشرقی بنگال کے انتخابات 1954 میں ہوئے تو اپوزیشن کے اتحاد 'جگتو فرنٹ' نے بنگال سے مسلم لیگ کا صفایا کر دیا، سانچ کے قارئین کرام! صوبائی اسمبلیوں کے اراکین نے جون 1955ء کو پاکستان کی دوسری دستور ساز اسمبلی کے اراکین کا انتخاب کیا۔ 1960ء میں صدارتی انتخابات ہوئے جن میں 75283 بی ڈی اراکین نے حق رائے دہی استعمال کیا اور جنرل ایوب خان پاکستان کے صدر منتخب ہوگئے، بی ڈی ممبران نے 1962ء میں اراکین قومی اسمبلی کا انتخاب کیا جن کی تعداد 156 تھی جن میں چھ خواتین شامل تھیں، دسمبر 1959 اور جنوری 1960 کو جنرل ایوب خان نے غیر جماعتی بنیادوں پر مقامی حکومتوں کے انتخابات منعقد کروائے، جسکے نتیجے میں 80 ہزار ارکان منتخب ہوئے جنھیں 'بی ڈی ممبر' بھی کہا جاتا تھا، جنوری 1965 میں ملک میں صدارتی انتخابات کا انعقاد کیا گیا جنرل ایوب خان کا مقابلہ اپوزیشن جماعتوں کی حمایت یافتہ محترمہ فاطمہ جناح کا مقابلہ ہوا، بعد ازاں آئین میں ترمیم کرکے اسمبلی کے ارکان کی تعداد دو سو اٹھارہ اور الیکٹورل کالج (بیسک ڈیموکریٹس) کے ارکان کی تعداد ایک لاکھ بیس ہزار تک کر دی گئی، بیسک ڈیموکریٹس نے جنوری انیس سو پینسٹھ کے صدارتی انتخاب میں فاطمہ جناح کے مقابلے میں ایوب خان کو ایک اور مدت کے لئے صدر منتخب کیا، جنرل ایوب خان مسلم لیگ کنونشن کے حمائت یافتہ تھے، مادر ملت فاطمہ جناح کی شکست سے جمہوریت کے پنپنے کی آس بھی ختم ہوگئی، جنرل ایوب خان نے 49700 اور مادر ملت نے 28345 ووٹ حاصل کیے، سانچ کے قارئین کرام! قیام پاکستان کے 23 برس بعد سات دسمبر 1970 کو پاکستان کے پہلے عام انتخابات ہوئے، عوامی لیگ نے مشرقی پاکستان کی 162 میں سے 160 نشستوں پر کامیابی حاصل کی، جبکہ مغربی پاکستان کی 138 میں سے 81 نشستیں پیپلز پارٹی نے جیتیں، پی ایم ایل قیوم گروپ نے (9)، پی ایم ایل کونسل نے (7)، نیپ (6) اور جے یو آئی نے (7) نشستیں حاصل کی تھیں، دسمبر 1971 کی پاک بھارت جنگ کے بعد 16 دسمبر 1971 کو بنگلہ دیش کا قیام عمل میں آیا، 1970 کے انتخابات کے نتیجے میں مغربی پاکستان کے نمائندوں پر مشتمل جو پارلیمنٹ وجود میں آئی، اس نے سب سے اہم کام یہ کیا کہ آئین بنایا اور یہ آئین چودہ اگست 1973 سے نافذ ہوگیا، 1971 سے 1977 کے عرصہ میں ذوالفقار علی بھٹو کچھ عرصہ کے لیے پاکستان کے صدر (20 دسمبر 1971 سے 14 اگست 1973) اور بعد ازاں وزیر اعظم (14 اگست 1973 سے 5 جولائی 1977) کے عہدہ پر رہے، 7 مارچ 1977 کو پاکستان میں دوسرے عام انتخابات کا انعقاد ہوا، پاکستان پیپلز پارٹی نے قومی اسمبلی کی 155 نشستیں جیت کر دو تہائی اکثریت حاصل کرلی جبکہ پی این اے کو 36 نشستیں مل سکیں، اپوزیشن نے انتخابی نتائج کو تسلیم کرنے سے انکار کردیا اور دھاندلی کا الزام لگا کر احتجاجی تحریک شروع کردی، اس وقت کے آرمی چیف جنرل ضیاء الحق نے اقتدار پر قبضہ کرلیا اور مارشل لاء نافذ کردیا، انکا اقتدار گیارہ سال تک قائم رہا، سانچ کے قارئین کرام! جنرل ضیاء الحق نے 25 اور 28 فروری 1985ء میں غیر جماعتی بنیادوں پر تیسرے عام انتخابات کا انعقاد کروایا جن کا سیاسی جماعتوں نے بائیکاٹ کیا، غیر جماعتی بنیادوں پر ہونے والے انتخابات کے بعد محمد خان جونیجو پاکستان کے وزیر اعظم بنے، چوتھے عام انتخابات نومبر 1988ء (سولہ نومبر کو قومی اور انیس نومبر کو صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات) کو منعقد ہوئے جسکے نتیجہ میں پی پی پی نے 93 نشستیں حاصل کرلیں جبکہ آئی جے آئی کو 54 نشستیں ملیں، ایم کیو ایم 13 اور 40 آزاد اُمیدوار کامیاب ہوئے تھے، بے نظیر بھٹو شہید پاکستان کی پہلی خاتون وزیر اعظم منتخب ہوئیں، 24 اکتوبر 1990 کو پانچویں عام انتخابات کا انعقاد ہوا جس کے نتیجہ میں اسلامی جمہوری اتحاد (آئی جے آئی) نے 106 نشستیں جیتیں، پاکستان پیپلز پارٹی (پی پی پی) اور دیگر سیاسی جماعتوں پر مشتمل پی ڈی اے صرف 44 نشستوں پر کامیاب ہوسکا، ایم کیو ایم 15، نیپ 6، آزاد 21 نشستیں حاصل کرسکے، ان انتخابات کے نتیجہ میں میاں نواز شریف وزیر اعظم منتخب ہوئے، اکتوبر 1993 کے چھٹے عام انتخابات (چھ اکتوبر کو قومی اسمبلی اور نو اکتوبر کو صوبائی اسمبلیوں کے انتخابات) میں پی پی پی نے 89 نشستیں اور پی ایم ایل (این) نے 73 نشستیں حاصل کیں۔ پی ایم ایل (جونیجو) نے 6 اور آزاد اُمیدواروں نے 15 سیٹیں حاصل کیں، محترمہ بے نظیر بھٹو شہید دوسری بار وزیر اعظم منتخب ہوئیں، 3 فروری 1997 کو ساتویں عام انتخابات کے نتیجہ میں پی پی پی کو 18 نشستیں ملیں، مسلم لیگ (ن) نے 137 نشستیں جیتیں، ایم کیو ایم نے 12، اے این پی نے 10 اور آزاد اُمیدواروں نے 21 نشستیں حاصل کیں، میاں محمد نواز شریف دوسری بار وزیر اعظم بنے، سانچ کے قارئین کرام! جنرل پرویز مشرف نے 12 اکتوبر 1999ء کو ان کی حکومت ختم کرکے اقتدار پر قبضہ کرلیا، سترہویں آئینی ترمیم کے تحت دس اکتوبر دو ہزار دو کو پارلیمانی اور صوبائی انتخابات کرانے کا اعلان کیا گیا، ووٹر کی عمر اکیس سال سے کم کرکے اٹھارہ سال کی گئی، قومی اسمبلی کی نشستوں کی تعداد بڑھا کر تین سو بیالیس کی گئی، ان میں خواتین کے لئے چھیاسٹھ اور اقلیتوں کے لئے آٹھ نشستیں مختص کی گئیں اور صوبائی اسمبلیوں کی نشستیں سات سو اٹھائیس کی گئیں، اقلیتوں کو انیس سو ستتر کے بعد پہلی دفعہ جنرل نشستوں پر ووٹ ڈالنے کا حق دیا گیا، عوامی نمائندگی ایکٹ میں ترمیم کے ذریعے سزا یافتہ افراد کا امیدوار بننا ممنوع قرار پایا، امیدوار کی کم از کم تعلیمی استعداد بی اے مقرر کی گئی، ان انتخابات میں ستتر جماعتوں نے حصہ لیا اور سرکاری اعداد و شمار کے مطابق ووٹنگ کی شرح تقریباً بیالیس فیصد رہی، آٹھویں عام انتخابات 10 اکتوبر 2002ء کو منعقد ہوئے جس میں پاکستان مسلم لیگ (قائداعظم) نے 118 نشستیں حاصل کیں جسے کنگ پارٹی بھی کہا جاتا تھا، پاکستان پیپلز پارٹی کو 81 سیٹیں، پاکستان مسلم لیگ (این) کو 18 اور ایم ایم اے کو 60، ایم کیو ایم کو 17 نیشنل الائنس کو 16 نشستیں ملیں، جنرل پرویز مشرف نے پاکستان پیپلز پارٹی کے ایک درجن اراکین اسمبلی کی وفاداریاں خرید کر پی ایم ایل (کیو) کی حکومت تشکیل دی جس کے نتیجہ میں میر ظفر اللہ جمالی وزیر اعظم منتخب ہوئے، سانچ کے قارئین کرام! نویں عام انتخابات 18 فروری 2008ء کو منعقد ہوئے، ان انتخابات سے پہلے 27 دسمبر 2007 کو بے نظیر بھٹو کی شہادت نے انتخابی نقشہ بدل دیا، خواتین کی خصوصی نشستوں سمیت پی پی پی نے 124، مسلم لیگ (ن) نے 91، مسلم لیگ (ق) نے 54، ایم کیو ایم نے 25، اے این پی نے 13، ایم ایم اے نے 7، پی ایم ایل (ف) نے 5 اور آزاد اُمیدواروں نے 17 سیٹیں حاصل کیں، 11 مئی 2013 کو ملک میں دسویں عام انتخابات منعقد ہوئے، جس کے نتیجہ میں مسلم لیگ (ن) نے 126 نشستیں حاصل کیں 34 خواتین اور اقلیتوں کی 6 سیٹیں ملا کر کل 166 نشستوں سے بڑی پارٹی کی صورت میں سامنے آئی، جبکہ پیپلز پارٹی کی 8 خواتین اور ایک اقلیتی سیٹ ملا کر کل 42 اور تحریک انصاف کی 6 خواتین کی نشستیں اور ایک اقلیتی ملا کر کل 35 نشستیں تھیں، مسلم لیگ (ن) کو 166 نشستوں کے باوجود بھی 6 سیٹوں کی ضرورت تھی تاہم بعض آزاد امیدواروں کی شمولیت کے باعث مسلم لیگ کی حکومت سادہ اکثریت حاصل کرنے میں کامیاب ہوگئی اور میاں محمد نواز شریف نے 5 جون 2013ء کو وزارت عظمٰی کا منصب تیسری بار سنبھالا، میاں نواز شریف کی حکومت کو ایک سال 2 ماہ ہی گزرے تھے کہ پاکستان تحریک انصاف کے رہنما عمران خان نے الیکشن میں دھاندلی کا الزام لگا کر آزادی مارچ جسے 'سونامی مارچ' بھی کہا جاتا ہے

کشمیر کب بنے گا پاکستان؟

تحریر عقیل خان

بھارت کے غیر قانونی تسلط کے خلاف برسر جدوجہد کشمیری عوام سے بھرپور یکجہتی کے لئے 5 فروری کو پوری قوم ایک بار پھر کراچی سے خیبر تک یوم یکجہتی کشمیر منا رہی ہے۔ پاکستان کے عوام ہر سال یوم یکجہتی کشمیر روایتی جوش و جذبے سے مناتے ہیں اس موقع پر کشمیریوں سے اظہار یکجہتی کے لئے ملک بھر میں خصوصی تقریبات کا انعقاد اور ریلیاں نکالی جاتی ہیں۔

پاکستان بھر میں یوم یکجہتی کشمیر پہلی بار 1990 میں سرکاری سطح پر منایا گیا جو اب ایک روایت بن چکی ہے۔ پاکستان نے کشمیریوں کے حق خود ارادیت کی ہمیشہ سیاسی، اخلاقی اور سفارتی سطح پر بھرپور حمایت کی ہے۔ پاکستان کا یہ اصولی موقف ہے کہ مسئلہ کشمیر کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق اقوام متحدہ کی قراردادوں کے تحت حل ہونا چاہئے۔ پاکستان نے بھارت کے غیر قانونی طور پر زیر تسلط جموں و کشمیر کے آزادی پسند عوام کی جائز جدوجہد کی طویل عرصہ سے حمایت کی ہے جو اس بات کا مظہر ہے کہ پاکستان میں حکومتوں کی تبدیلی کے باوجود مسئلہ کشمیر پر پوری قوم کا موقف ایک ہے۔

5 فروری کو یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منانے کا آغاز 1990 میں ہوا۔ جماعت اسلامی کے اس وقت کے امیر قاضی حسین احمد مرحوم نے جنوری 1990 کے اوائل میں لاہور میں ایک پریس کانفرنس میں قوم سے یہ دن منانے کی اپیل کی۔ اس وقت چونکہ پنجاب میں اسلامی جمہوری اتحاد کی حکومت تھی اور میاں محمد نواز شریف وزیر اعلیٰ تھے۔ لہٰذا انہوں نے قاضی صاحب کی اپیل سے اتفاق کرتے ہوئے 5 فروری 1990 کو پنجاب بھر میں سرکاری طور پر یوم یکجہتی کشمیر منانے کا اعلان کر دیا۔ وفاق میں اس وقت بینظیر بھٹو کی حکومت تھی، انہیں بھی اس دن کو سرکاری سطح پر یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منانے کا اعلان کرنا پڑا۔ اس کے ساتھ ہی قاضی صاحب نے مختلف ممالک کی اسلامی تحریکوں سے بھی یہ دن یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منانے کی اپیل کی۔ چنانچہ اس کے بعد سے یہ دن نہ صرف سرکاری طور پر اہتمام کے ساتھ پورے ملک میں منایا جاتا ہے بلکہ دنیا کے اکثر ملکوں میں وہاں کی اسلامی تحریکوں کی طرف سے بھی اسے یوم یکجہتی کشمیر کے طور پر منایا جاتا ہے۔ اس دن نہ صرف پورے ملک بلکہ پورے عالمِ اسلام میں تحریکِ آزادی کشمیر کے ساتھ اظہارِ یکجہتی کے لیے جلسوں، جلوسوں، کانفرنسوں اور سیمیناروں کا اہتمام کیا جاتا ہے۔ تاہم اس کو پاکستان میں سرکاری طور پر منانے کا آغاز 2004 میں ہوا۔ اس وقت کے وزیراعظم میر ظفراللہ جمالی نے 5 فروری 2004 کو مظفر آباد میں پاکستان کے زیرانتظام کشمیر کی قانون ساز اسمبلی اور جموں و کشمیر کونسل کے مشترکہ اجلاس سے خطاب میں سرکاری طور پر منانے کا اعلان کیا۔

1947 سے 2019 تک کشمیر ہندوستان کے ماتحت رہا مگر اس کی اپنی الگ حیثیت تھی۔ 2019 میں مودی حکومت مسلم دشمنی میں اتنا آگے نکل گئی کہ انہوں نے ریاست جموں و کشمیر کو خود مختاری کا درجہ دینے والی آئینی دفعہ 370 کو ختم کرنے کا اعلان کردیا۔ بھارتی حکومت کی طرف سے پانچ اگست کو آئینی شق 370 کے خاتمے کے اعلان کے ساتھ ہی جموں و کشمیر کو حاصل خصوصی حیثیت ختم ہوگئی۔ 5 اگست 2019 کو مقبوضہ کشمیر کو خصوصی حیثیت دینے والے بھارتی آئین کے آرٹیکل 370 اور 35 اے کے خاتمے کے بعد بھارت کشمیر میں مسلمانوں کی آبادی کے تناسب کو تیزی سے تبدیل کر رہا ہے، اس مقصد کے لئے بھارت کی حکومت نے مقبوضہ علاقے میں بھارتی قوانین کا اطلاق بھی عمل میں لایا ہے۔ بھارتی حکومت کے 5 اگست 2019 کے غیر قانونی اقدام کے بعد مقبوضہ کشمیر میں ہزاروں افراد کو گرفتار کر کے جیلوں میں ڈالا گیا، حریت کانفرنس کی پوری قیادت اور آزادی پسند کارکنوں کو فرضی مقدمات میں جیلوں، عقوبت خانوں اور گھروں میں نظر بند کیا گیا ہے۔ کشمیری عوام بھارتی حکومت کے 5 اگست 2019 کے غیر آئینی اقدام کا مقصد مقبوضہ کشمیر میں مسلمانوں کی آبادی کا تناسب کم کرنا اور بھارتی باشندوں کو آباد کرنے کی گھناؤنی سازش کا حصہ ہے۔ بھارت کے موجودہ حکمرانوں خاص طور پر مودی کی جارحانہ پالیسی اور اقدامات نے خطہ کو سنگین خطرات سے دوچار کردیا ہے۔

کشمیریوں کی حق خود ارادیت کے حصول کیلئے جدوجہد کسی کے زیر اثر یا تابع نہیں ہے بلکہ وہ بھارت کے غیر قانونی فوجی تسلط کے خلاف اپنی جدوجہد خود چلا رہے ہیں، بھارت کے ان استبدادی ہتھکنڈوں اور ریاستی دہشت گردی کے باوجود کشمیر کے عوام اپنی مبنی برحق جدوجہد جاری رکھے ہوئے ہیں۔

کشمیری عوام پر جو ظلم ہندوستانی حکمران ڈھا رہے ہیں اس کی مثال کہیں بھی نہیں ملتی۔ آج بھی کشمیر کے لوگ محمد بن قاسم کا انتظار کر رہے ہیں جو آئے اور ان کا آزادی دلائے۔ کشمیر کا سودا کوئی بھی مسلمان قبول نہیں کرسکتا۔ آیئے آج اس کشمیر ڈے (یوم یکجہتی کشمیر) کے موقع پر ہم عہد کریں کہ ہم اپنے مسلم حکمرانوں کو کشمیر کے آزادی کے لیے مجبور کریں گے اور کشمیری بھائیوں کو ان کا حق دلائیں گے خواہ اس کے لیے ہمیں اپنی جانوں کی قربانی کیوں نہ دینی پڑے اور بھارت کے ساتھ اس وقت تک تعلقات نہیں بنائیں جب تک وہ ہمارے کشمیر بھائیوں کو انکا حق نہیں دے دیتا۔

نیلگوں آفاق میں نیلگوں شعلے

ابنِ طٰہ

قائداعظم رحمتہ اللہ علیہ اپنی زندگی میں فضائیہ کی افادیت جانچ چکے تھے۔ یہ مشاہدہ انہوں نے جنگِ عظیم دوم کے دوران کیا تھا۔ 13 اپریل 1948 کو ان کی رائل رسالپور فلائنگ سکول میں کی گئی تقریر ان کے خیالات کی ترجمانی ہے۔ پاک فضائیہ کے لیے رہنما اصول بھی اسی تقریر میں وضع کر دیے گئے تھے۔ پاک فضائیہ کے کمانداروں نے اسی پالیسی پر عمل پیرا ہوتے ہوئے ہمیشہ سے دنیا میں بہترین جنگی طیاروں کو ہی زیرِ استعمال رکھا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ معیاری فنی تربیت، انجینئرنگ، پرزوں کی فراہمی اور پُر لگن افرادی قوت مہیا شبہ پاک فضائیہ کو مختصر لیکن فعال ادارہ بنا دیا ہے۔ پاک فضائیہ کے تمام سربراہان اس مسلسل کاوش کے لیے قابلِ تحسین ہیں۔ عوام الناس اپنی فضائیہ سے ایک جنونی عشق میں مبتلا ہیں۔

ابتداء ہی سے کمانداروں نے اپنی ضروریات، تجویز کردہ کاروائیوں اور محدود وسائل کے تحت جدید ترین جنگی طیارے خریدے ہیں۔ ان کی تفصیل کچھ یوں ہے:

1. ہیلی فیکس بمبار طیارے 1948-54
2. ہاکرسی (سمندری) فیوری 1950-56
3. پہلا جیٹ جنگی جہاز اٹیکر 1951-58
4. بی 57 بمبار طیارے 1959-85
5. گلوسٹر میٹیور 1950 کی دہائی
6. سپٹ فائر 1950 کی دہائی
7. ایف-86 1955-1980
8. ایف-104 1961-1972
9. چینی ساختہ ایف-6 1966-2002
10. میراج-3 1968 (تاحال موجود)
11. میراج-5 1982 (تاحال موجود)
12. ایف-16 1983 (تاحال موجود)
13. ایف-7 1988-2002
14. مقامی تیار کردہ، جے ایف-17 (تھنڈر) 2007 (تاحال موجود)
15. مقامی تیار کردہ، جے ایف 17 بلاک بی اور سی (موجودہ)
16. جے-10 2023 (طیاروں کی چار اعشاریہ پانچویں نسل)
17. جے-10 نئی ساختہ کے ساتھ 2024 میں

پاک فضائیہ کے موجودہ اعلیٰ عہدیداران جدید ترین پانچویں نسل کے طیاروں کی منصوبہ سازی کر رہے ہیں۔ جن میں جے-31 اور کے اے این (KAAN) شامل ہیں۔ فضائیہ کے پاس جدید ترین برقیاتی مواصلاتی حربی طیارے بھی ہیں جن میں ڈی اے-20 اور ساب-2000 شامل ہیں۔ کمانداروں کی کوششوں سے کمپیوٹرز سے منسلک بغیر پائلٹ کے چھوٹے ڈرون بھی تیار کیے گئے ہیں۔ ان میں ٹی بی-2، انیگی، فالکو، براق، براوو، سی ایچ-4، شہپر، ابابیل، باز اور سینئر کیڈٹ شامل ہیں۔ پاک فضائیہ نے فضا سے فضا میں جہازوں کو تیل کی ترسیل کا نظام بھی حاصل کرلیا ہے۔

1965 کی جنگ کے بعد امریکی ساختہ طیاروں (بی-57، ایف-104، ایف-86) پر پابندیوں کی وجہ سے پرزہ جات کی کمی ہوگئی تھی۔ نتیجتاً پاک فضائیہ کی جنگی صلاحیتیں متاثر ہونے کا خدشہ لاحق ہوگیا تھا۔ فضائیہ کے سربراہ ائیر مارشل نور خان نے فوری طور پر حکومت سے درخواست کی کہ انہیں چینی ساختہ ایف-6 اور فرانسیسی ساختہ میراج-3 کی اشد ضرورت ہے۔ میراج-3 اپنے زمانے میں طیاروں کی دوسری نسل کہلاتے تھے، یہ طیارے دوسری نسل میں بہترین تھے۔ یورپ میں آواز کی رفتار سے دوگنی پرواز کرنے والے یہ پہلے طیارے تھے۔ میراج طیارے اپنی ساخت اور پروں کے مخصوص (ڈیلٹا ڈیزائن) کی بدولت پاک فضائیہ کی تقریباً تمام ضروریات پوری کرتے تھے۔ اس متنوع طیارے میں شبینہ بمباری، شبینہ مزاحمتی، جدید ترین برقیاتی نظام، نیوی گیشن، ڈاپلر راڈار سمیت جاسوسی اور فوٹوگرافی کے نظام بھی موجود تھے۔ مزید برآں اس طیارے کے مختلف ماڈل بھی تھے جو ڈبل سیٹ/ ایک سیٹ، نچلی پرواز، فضائی جھڑپوں، کاری وار اور زمینی حملوں میں استعمال ہوتے ہیں۔

میراج-3 طرز کے جدید ترین طیارے کی پاک فضائیہ میں شمولیت کے لیے بہترین ہوا بازوں اور انجینئروں کا انتخاب کیا گیا تھا۔ 1965 کے جنگی ہیرو اور عالمی ریکارڈ یافتہ، ونگ کمانڈر ایم ایم عالم کو اس اہم کام کے لیے ذمہ دار بنایا گیا تھا۔ ان کے فرائض میں ہوا بازوں کا انتخاب اور ان کی ہوائی تربیت شامل تھے۔ یہ ہوائی تربیت ابتداً پاکستان اور مزید تربیت فرانس میں ہونا قرار پائی تھی۔ عالم کی ٹیم میں درج ذیل ہوا باز شامل تھے:

1. سکواڈرن لیڈر حکیم اللہ اور سکواڈرن لیڈر فارق فیروز خان (دونوں افسران بعد ازاں پاک فضائیہ کے سربراہ بنے)۔
2. سکواڈرن لیڈر فاروق عمر (بعد ازیں ائیر وائس مارشل کے عہدے سے ریٹائر ہوئے)۔
3. فلائٹ لیفٹیننٹ عارف منظور (بعد ازاں ملک شام میں ہوائی حادثے میں شہید ہوگئے)۔
4. فلائٹ لیفٹیننٹ اختر راؤ (سکواڈرن لیڈر کے عہدے سے ریٹائر ہوئے)۔

پاک فضائیہ نے اس اہم منصوبے کے لیے ائیر ہیڈکوارٹرز میں "منصوبہ بلیو فلیش (نیلگوں شعلے)" کے نام سے ایک علیحدہ دفتر قائم کیا۔ اس منصوبے کے سربراہ ونگ کمانڈر سیّد عابد رضا تھے۔ ابتدائی ہدایات لینے کے بعد عابد رضا اور ان کے ہمراہی فرانس کی جانب عازمِ سفر ہوئے۔ جن میں درج ذیل افسران شامل تھے۔

1. سکواڈرن لیڈر نجم الدین۔
2. سکواڈرن لیڈر زوزارث۔

فضائی اور تکنیکی ٹیم کی اعلیٰ ترین ہم آہنگی اور پیشہ ورانہ حکمتِ عملی کی بدولت پاک فضائیہ نے یہ بلند پایہ منصوبہ عمدگی سے مکمل کیا۔

"منصوبہ بلیو فلیش" کے تحت ابتداً، چھ عدد میراج-3 طیارے بذریعہ اڑان لائے جانے تھے۔ فرانس سے پاکستان تک یہ ہوائی سفر سردیوں کے موسم میں ہونا قرار پایا تھا۔ یورپی موسمی حالات کے مطابق ان دنوں میں شدید دھند اور زمینی بادلوں کے مدِنظر ہوابازوں کو اعلیٰ ترین فضائی مہارت درکار تھی۔ اس چیلنج سے نمٹنے کے لیے ایم ایم عالم کی زیرِ نگرانی فضائیہ کے مستقر مصحف (سرگودھا) میں وسیع طرز کی تیاریاں کی گئیں۔ طویل سفر اور دورانِ سفر موسمی حالات کے پیشِ نظر موسمیات کی ممکنہ پیش گوئیاں اور فضائی راستے کا بغور تجزیہ کیا گیا۔ پاکستانی ہوابازوں کو جرمنی کی سرحد پر "سٹارس برگ" نامی متبادل ہوا بازی اور ملتی جلتی پروازوں کے لیے فرانس میں بھی تربیت دی گئی۔ یہ تربیت فرانسیسی تربیتی مستقر ڈیجون پر تکمیل پائی۔ واپسی کے سفر کے لیے چار مقامات پر عارضی قیام کا فیصلہ ہوا جن میں اٹلی، ترکی، ایران اور کراچی کے مقامات شامل تھے۔ کراچی کے بعد ان ہوابازوں کی آخری منزل مصحف (سرگودھا) مستقر تھی۔

ان چھ طیاروں کو دو دو کی ٹکڑیوں میں تقسیم کر دیا گیا اور کل تین ٹکڑیاں تشکیل پائیں۔ واپسی کا سفر مشکل تھا کیونکہ ان ہوابازوں نے پہلے کبھی بھی بدلتے ہوئی یورپی موسمی حالات کو نہیں پرکھا تھا۔ تمام راستے موسم ابر آلود تھا۔ زمین نظر نہ آتی تھی اور ہوابازوں کو بمشکل دو سو فیٹ کی بلندی پر مسلسل پرواز کرنا پڑ رہی تھی۔ یہاں تک کہ ایک عارضی قیام کے مستقر پر ہوابازوں کو زمینی کنٹرولڈ راڈار کی مدد سے لینڈ کرنا پڑا۔ اللہ کے فضل و کرم سے ان چھ جانباز ہوابازوں نے منصوبے کے عین مطابق پی اے ایف کے مستقر مسرور (ماڑی پور) پر ان طیاروں سمیت بخیریت لینڈ کیا۔

ہوابازوں کے ہمراہ پاک فضائیہ کے تکنیکی عملے کی تربیت بھی فرانس میں ہوئی۔ اس تربیت کی مدت چھ ماہ تھی۔ منصوبہ "بلیو فلیش" کے تکنیکی سربراہ ونگ کمانڈر سیّد عابد رضا نے اس تربیت کے تمام مراحل خوش اسلوبی سے پایۂ تکمیل تک پہنچائے۔ دورانِ تربیت رضا صاحب گاہے بگاہے اس عملے سے معمول پر آگاہی بھی حاصل کرتے رہے۔ واپسی کے لیے بھی اس عملے کو سی-130 طیارہ مہیا کیا گیا جو تین عارضی قیام کرتا ہوا بخیریت واپس آ گیا۔ یہ عارضی قیام اٹلی، انقرہ (ترکی) اور تہران کے ہوائی اڈے تھے۔

سر لامکاں سے جو طلب ہوئی 2

تحریر: پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

معراج کی رات انبیا نے حضور ﷺ کی اقتدار میں نماز ادا کی تو پھر آسمانی سفر کا آغاز ہوا پہلے آسمان پر پہنچ کر دستک دی گئی تو آواز آئی کون ہے؟ سید الملائکہ نے جواب دیا میں جبرائیل ہوں۔ آواز آئی آپ کے ساتھ کون ہیں تو جبرائیل امین نے جواب دیا یہ محمد ﷺ ہیں آج کی رات انہیں آسمانوں پر پذیرائی بخشی جائے گی۔ تو آسمان کا دروازہ کھول دیا گیا۔ دروازہ کھولنے والے نے محبوب خدا ﷺ کی خدمت میں عقیدت بھرا سلام عرض کرنے کی سعادت حاصل کی۔ پہلے آسمان پر سرتاج الانبیا کی ملاقات اپنے جدِ امجد حضرت آدم سے ہوئی حضرت آدم کو بتایا گیا کہ یہ آپ کے جلیل القدر فرزند ہیں ختم المرسلین ہیں یہی حضرت محمد ﷺ اور تمام انبیا کے سردار ہیں۔ مالکِ دو جہاں نے دادا جان کہہ کر سلام کیا حضرت آدم نے سلام کا جواب دیا اور اپنے عظیم ترین فرزند کو اپنی دعاؤں سے نوازا۔ پھر آپ ﷺ کو دوسرے آسمان پر لے جایا گیا حضرت جبرائیل نے دروازہ کھلوایا یہاں نبی کریم ﷺ نے دو خالہ زاد بھائیوں حضرت یحی بن ذکریا اور حضرت عیسیٰ بن مریم کو دیکھا اور انہیں سلام کیا دونوں نے مرحبا کہا اور آپ ﷺ کی نبوت کا قرار کیا۔ یہاں کے ملکوتی مشاہدات کے بعد آپ ﷺ کو تیسرے آسمان کی طرف اٹھایا گیا۔ یہاں پر حضور ﷺ کی ملاقات حضرت یوسف سے کرائی گئی جن کو آدھا حسن دیا گیا تھا آپ نے بھی سلام کیا انہوں نے جواب دیا مرحبا کہا آپ ﷺ کی نبوت کا اقرار کیا۔ پھر نبی کریم ﷺ کو چوتھے آسمان پر لے جایا گیا وہاں پر حضرت ادریس کو دیکھا اور انہیں سلام کیا انہوں نے بھی جواب دیا مرحبا کہا اور آپ ﷺ کی نبوت کا اقرار کیا۔ پھر آپ ﷺ کو پانچویں آسمان پر لے جایا گیا وہاں حضرت ہارون کو دیکھا اور انہیں سلام کیا انہوں نے بھی سلام کا جواب دیا مرحبا کہا اور آپ ﷺ کی نبوت کا اقرار کیا یہاں سے آپ ﷺ کو چھٹے آسمان پر لے جایا گیا وہاں حضرت موسیٰ سے ملاقات ہوئی حضرت موسیٰ کی چشمان مبارک اشکبار ہوگئیں سرتاج الانبیا کی شان و شوکت دیکھ کر رشک سے آنسو چھلک پڑے اور بے اختیار زبان مبارک سے نکلا یہ خدائے بزرگ و برتر کے وہ برگزیدہ رسولؐ ہیں جن کی امت کو میری امت پر شرف عطا کیا گیا جن کی امت کو میری امت کے مقابلے میں کثرت کے ساتھ جنت میں داخل کیا جائے گا۔ اِس کے بعد آپ ﷺ کو ساتویں آسمان پر لے جایا گیا وہاں آپ ﷺ کی ملاقات حضرت ابراہیم سے ہوئی آپ ﷺ نے سلام انہیں سلام کیا انہوں نے محبت سے جواب دیا مرحبا کہا آپ ﷺ کی نبوت کا اقرار کیا حضرت ابراہیم اپنی پشت مبارک بیت المعمور سے لگائے ہوئے تھے جس میں روزانہ ستر ہزار فرشتے داخل ہوتے ہیں اور دو بارہ ان کے پلٹنے کی باری نہیں آتی ساتوں آسمانوں کے نورانی جلوؤں کے بعد تاجدار کائنات کو سدرۃ المنتہیٰ کے مقام تک لے جایا گیا۔ یہ وہ حساس اور اعلیٰ مقام کہ جہاں آ کر ملائکہ اور انبیا و رسل کی بھی پرواز ختم ہو جاتی ہے یہاں مقرب فرشتوں کے بھی پر جلتے ہیں یہاں پر روح الامین جبرائیل کے بھی پر جلنے لگے اور وہ بے اختیار بول اٹھے کہ اگر میں یہاں سے ایک انگلی کی پور برابر بھی آگے بڑھا تو تجلیات الٰہی مجھے جلا کر خاکستر کر دیں گی۔ سید الملائکہ کی پرواز اور طاقت نے جہاں دم توڑا وہیں سے نسل انسانی کے سب سے بڑے انسان خیر البشر ﷺ عظمتوں اور رفعتوں کے لازوال سفر کا آغاز کیا۔

وہ شبِ اسرا میں تیری ایک ادنی جست نے
قد انسانی کا اونچا اور اونچا کر دیا

سدرۃ المنتہیٰ کا مقام عالم مکان کی آخری حد اور لامکان کا پہلا زینہ ہے۔ تفسیر نیشا پوری میں ایک حدیث مبارکہ ہے۔ فرشتے اللہ رب العزت کی بارگاہ اقدس میں دعا مانگتے تھے کہ اے کائنات کے مالک جس محبوب ﷺ کی خاطر تو نے کائنات تخلیق فرمائی جس پر تو اپنی زبان قدرت سے ہمہ وقت درود پڑھتا ہے اور ہم بھی تیرے حکم کی تعمیل میں اس ہستی پر درود و سلام کا نذرانہ بھیجتے ہیں آج وہی مہمان ذی وقار تشریف لا رہے ہیں اے باری تعالی ہمیں اپنے رسول محتشم کا بے نقاب جلوہ عطا فرما۔ اللہ پاک نے مقرب ملائکہ کی دعا کو شرف قبولیت بخشا اور فرمایا کہ تم ساری کائنات آسمانی سے سمٹ کر اِس درخت سدرۃ المنتہیٰ پر بیٹھ جاو۔ فرشتے ہجوم در ہجوم امڈ پڑے فرشتوں کی اتنی زیادہ کثرت ہوئی کہ وہ درخت ان کے نور کے سائے میں آ گیا۔

قرآن مجید میں ارشاد باری تعالی ہے۔ ترجمہ جب سائے میں لے کر چھپا لیا سدرہ کو جس نے چھپا لیا (ملائکہ کی کثرت نے) النجم۔

اِس عظیم مقام پر قدسیان فلک نے محبوب خدا ﷺ کے دیدار کا لازوال شرف حاصل کیا اور اپنی ہزاروں سالوں کی خواہش اور پیاس کو بجھایا

رخِ مصطفے ﷺ ہے وہ آئینہ کہ اب ایسا دوسرا آئینہ
نہ ہماری بزمِ خیال میں نہ دکان آئینہ ساز میں

محبوب خدا ﷺ مہمانِ عرش جب آگے بڑھنے لگے تو سیدالملائکہ رک گئے اور عرض کی اگر میں ایک چیونٹی برابر بھی آگے بڑھا تو (تجلیات الٰہی کے پرتو سے) جل جاؤں گا۔ یہاں سے آگے جبرائیل امین اور براق آپ کے ساتھ نہ تھے۔ یہاں سے سرتاج الانبیا ﷺ اپنے رب کے اذن سے تنہا ہی روانہ ہوئے۔ خالقِ ارض و سمانے محبوب ﷺ مہمان کے عرش کی سواری کے لیے ایک سبز ملکوتی اور رنگ نور سے سجا نورانی تخت بھیج دیا۔ اس عظیم خوبصورت تخت کا نام زخرف تھا۔ اِسطرح رحمتِ دو جہاں ﷺ وجہ تخلیق کائنات محبوب خدا ﷺ کو عرش معلی تک پہنچا دیا گیا۔ جب سدرۃ المنتہیٰ کی منزل گزر گئی اور فرشتوں کے ہجوم بھی پیچھے رہ گئے تو آگے نور کا سمندر تھا چاروں طرف نور ہی نور اور کچھ دکھائی نہ دے رہا تھا پھر محبوب خدا ﷺ کو اِس نور کے سمندر میں داخل کر دیا گیا۔ دیکھنے والی چشم آپ ﷺ کو دیکھنے سے قاصر تھی نور کیسا تھا آپ کہاں تھے اِس نور کے سمندر اور حصارِ نور میں داخل ہونے کے بعد مہمان عرش نے عرش معلی کی سیر کی۔ عرش نے آپ ﷺ کے تلوؤں کے بوسے لیے اِس کے بعد آپ ﷺ کو بہت عزت و احترام وقار کے ساتھ آگے لے جایا گیا یہاں سے سفر کا ایک نیا مرحلہ تھا جہاں نور خدا تھا اور محبوب خدا ﷺ یہ معراج کا سفر کا نقطہ عروج تھا ایک عالمِ نور تھا انوار و تجلیات الٰہی پر فشاں تھے۔ خدائے بزرگ و برتر کی ذاتی اور صفاتی تجلیات کی برسات تھی عالم لا مکان کے جلوے ہر سو جلوہ ریز تھے۔ سردار الانبیا آمنہ کے لال ﷺ مہمان عرش کو تن تنہا اِن رنگ و نور کے جلوؤں میں داخل کر دیا گیا تھا اور اللہ تعالی کے اسما کے پردے ایک ایک کر کے گزرتے رہے۔ حضور ﷺ عالم بیداری میں لہذا بوجہ بشریت معمولی سی وحشت ہوئی تو رب ذوالجلال کی آواز آئی۔ پیارے محمد ﷺ رک جا بے شک تمھارا رب (استقبال کے لیے) قریب آ رہا ہے۔ سفر معراج کے اِس نازک مرحلہ پر محبوب خدا ﷺ مقام قاب قوسین پر پہنچ گئے ارشاد باری تعالی ہے۔ ترجمہ النجم۔ پھر (اس محبوب حقیقی سے) آپ ﷺ قریب ہوئے اور آگے بڑھے پھر (یہاں تک بڑھے کہ) صرف دو کمانوں کے برابر یا اس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا۔

بقیہ بقیہ جات 1

کی شاہراہ پر گامزن کرینگے۔ مسلم لیگ ن ملکی ترقی کی علامت ہے اور ہمیشہ رہے گا۔ عوام کا اعتماد اور محبت میاں نواز شریف کے ساتھ ہے اور ہمیشہ رہے گی۔

بقیہ بقیہ جات 2

مثبت انداز میں ترجمانی کی ہے۔ تاجر برادری کے حقوق کی ترجمانی کیلئے ہمیشہ تعمیری اقدامات کرتے رہیں گے۔ بازاروں مارکیٹوں کے مسائل کے خاتمے کیلئے اپنی کاوشیں ہمیشہ جاری رکھیں گے۔

بقیہ بقیہ جات 3

سرکاری نتائج سامنے آگئے ہیں جس کے مطابق (ن) لیگ کے قمر الاسلام نے 72006 ووٹ لیے اور ان کے حریف آزاد امیدوار اجمل صابر 58476 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے جبکہ سابق وزیر داخلہ چوہدری نثار 44072 ووٹ لے کر تیسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 4

الیکشن کے غیر حتمی وغیر سرکاری نتائج کے مطابق امیر مقام کو کامیابی حاصل ہوئی، انہوں نے 59863 ووٹ حاصل کرکے فتح حاصل کی۔ یہاں سے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سید فرین 54311 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 5

مکمل کر لیا ہے جو جدید شمسی توانائی کی سہولیات سے لیس ہیں۔ 2022 تک پاکستان کی شمسی توانائی سے چلنے والی مجموعی صلاحیت 1.24 گیگاواٹ تھی جو 2021 کے مقابلے میں 17 فیصد اضافہ ہے۔ حکومت نے ملک میں شمسی توانائی کا حصہ بڑھانے کے لئے بہت سے اقدامات تجویز کیے ہیں، اب تک پاکستان کی شمسی توانائی کی مارکیٹ 49.68 فیصد کی کمپاؤنڈ سالانہ شرح نمو (سی اے جی آر) پر بڑھنے کا تخمینہ ہے جو 2023 میں 1.30 گیگا ٹن سے بڑھ کر 2028 میں 9.77 گیگا ٹن ہوجائے گی۔ سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن پروگرام کے مطابق بلوچستان کے حوالے سے پاکستان کی مجموعی تکنیکی توانائی 2900 گیگاواٹ اور 340 گیگاواٹ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مزید برآں، بلوچستان 5-10 سالوں میں کم لاگت والے راستوں کے ذریعے 14 گیگاواٹ سے زیادہ قابل تجدید توانائی کو نافذ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جس میں 9،500 سے 11،500 میگاواٹ کے پی وی یوٹیلٹی اسکیل پلانٹس بھی شامل ہیں۔ بلوچستان کا جغرافیہ، تابکاری اور محل وقوع اسے قابل تجدید توانائی کے حوالے سے پاکستان کے سب سے زیادہ امکانات والے صوبوں میں سے ایک بناتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دیہی رہائشیوں کے لئے قابل اعتماد بجلی کی رسائی کو بڑھانے کے لئے شمسی پیداوار کے ساتھ جوڑے گئے ڈی سینٹرلائزڈ مائیکرو گرڈز کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ مائیکرو گرڈ عام طور پر صرف بنیادی بجلی (اعلیٰ معیار کی روشنی اور موبائل فون کی چارجنگ) فراہم کرتے ہیں، لیکن یہ طویل مدت میں کافی کم لاگت پر متعدد گھروں کے لئے ایسا کرنے کے قابل ہے۔ ایک اندازے کے مطابق بلوچستان کا 36 فیصد حصہ بجلی سے آراستہ ہے لہذا اس جوڑے میں صوبے کے لیے بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ مستقبل میں یہ صوبہ ملک میں شمسی توانائی کی ترقی کا سب سے بڑا مرکز بننے کے لئے تیار ہے۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی (آئی ای اے) نے حال ہی میں بتایا ہے کہ شمسی توانائی پہلی بار روایتی تیل کے مقابلے میں زیادہ سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے تیار ہے۔ 2023 میں شمسی صنعت میں اوسطاً ایک ارب ڈالر یومیہ (سال کے لیے 380 ارب ڈالر) کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے، جو پہلی بار تیل کی پیداوار میں سرمایہ کاری (سال کے لیے 370 ارب ڈالر) سے زیادہ ہے۔ ایسے پس منظر میں پاکستان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے، پاکستان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے، "صاف توانائی کی ٹیکنالوجی کی مسلسل تزئین و آرائش کے ذریعے، نہ صرف شمسی توانائی بلکہ ہم پائیدار اور صاف توانائی کے مستقبل کو محفوظ بنا سکتے ہیں جبکہ قابل تجدید توانائی کے ذرائع کی طرف عالمی منتقلی کے ساتھ آنے والے معاشی فوائد سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یقیناً پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) نے دونوں ممالک کے درمیان شمسی توانائی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے، ہم صنعت میں قائدانہ کردار ادا کرنے جارہے ہیں، سی پیک کو سبز راہداری بنانے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 6

میں کہا کہ جمہوریت کا یہی ایک خوبصورت پہلو ہے کہ حکومت عوام کے ووٹوں سے بنتی ہے اور عوام اس سے توقعات باندھ لیتے ہیں کہ وہ ان سے کئے گئے وعدے پورے کرے گی، عوام نے ووٹ ڈال کر اپنا فریضہ ادا کر دیا ہے اب اگلی باری حکومت سازی اور اس کے بعد اس حکومت کی ہے جو معرض وجود میں آ کر ملک کی باگ ڈور سنبھالے گی۔ میاں عامر رزاق نے کہا کہ معاشی حالات سدھارنے کے لئے ایک طویل جدوجہد اور پالیسی کی ضرورت ہوگی، جرائت مندانہ فیصلے کرنے ہوں گے اور روایتی اقدامات سے گریز کر کے آگے بڑھنا ہوگا تاکہ ملک ترقی کی راہ پر گامزن ہو سکے۔ انہوں نے مزید کہا کہ پرامن انتخابات کے انعقاد پر ملکی سلامتی کے اداروں کو خراج تحسین پیش کر تے ہیں، قوم اداروں کی مشکور ہے جنھوں نے دن رات محنت کی اور انتخابات کے خواب کی تعبیر کو ممکن بنایا۔

بقیہ بقیہ جات 7

20007 ووٹ اور جماعت اسلامی کے مولانا عبد الاکبر چترالی نے 9253 ووٹ حاصل کئے جبکہ ون کے پی چترال اپر سے پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار ثریا بی بی نے 18914 ووٹ لے کر پہلی پوزیشن جبکہ پی کے ٹو چترال لوئیر سے آزاد امیدوار پی ٹی آئی فاتح الملک علی ناصر نے 28510 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے۔

بقیہ بقیہ جات 8

پر بھی انہوں نے تشویش کا اظہار کیا کہ ایم کیو ایم کو دوبارہ شہر میں مسلط کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے یہ شکوہ کیا کہ ٹی وی چینلز ایم کیو ایم کی جانب سے کی جانے والی دھاندلی کو نہیں دکھا رہے اور ساتھ ہی خدشہ ظاہر کیا کہ شاید میڈیا کو بھی ایسے حالات نہ دکھانے کا پابند کیا گیا ہے۔ انہوں نے اپنی متعدد ٹوئٹس میں ایسی ویڈیوز شیئر کیں، جن میں نامعلوم اور نقاب پوش افراد اور خواتین کو پولنگ اسٹیشنز کے اندر باکسز میں بیلٹ پیپرز ڈالتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے جبکہ بعض ویڈیوز میں پولنگ اسٹیشنز کے اندر لوگوں کو توڑ پھوڑ کرتے ہوئے دیکھا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کراچی کے مختلف علاقوں کے پولنگ اسٹیشنز پر ایم کیو ایم کی جانب سے دھاندلی کی مبینہ ویڈیوز شیئر کیں اور اس بات پر حیرانگی کا اظہار کیا کہ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے ایسی ویڈیوز کا نوٹس کیوں نہیں لیا اور میڈیا ایسی ویڈیوز کو نشر کیوں نہیں کر رہا؟ الیکشن کمیشن آف پاکستان نے حافظ نعیم الرحمن کی جانب سے ایم کیو ایم کی مبینہ دھاندلی کی شیئر کی گئی ویڈیوز پر فوری طور پر کوئی تبصرہ نہیں کیا گیا

بقیہ بقیہ جات 9

ہونے کے بعد اپنی ذاتی حیثیت میں کامیاب ہونے والے آزاد امیدواروں نے مستقبل کے فیصلے کیلئے قریبی رفقاء سے مشاورت کا سلسلہ شروع کردیا ہے اور آئندہ ایک یا دو روز میں حتمی فیصلہ کرلیا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 10

ہمنواؤں اور کارکنوں کی جانب سے مٹھائی کے ہمراہ ان کی رہائشگاہوں اور دفاتر میں جا کر مبارکباد دی گئی۔ کامیاب ہونے والے امیدواروں کے حامیوں نے پارٹی اور انتخابی دفاتر میں بھی جشن منایا اور ڈھول کی تھاپ پر بھنگڑے ڈالتے ہوئے جیتنے والے امیدواروں اور قیادت کے حق میں نعرے لگاتے رہے جبکہ اس موقع پر مٹھائیاں بھی تقسیم کی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 11

اور اسلحہ تھا داخل ہو کر مار پیٹ شروع کردی جس کے نتیجے میں میرا نائب قاصد زخمی ہوگیا جبکہ ڈیوٹی پر مامور پولیس اہلکاروں کو بھی مارنا شروع کر دیا اور بلیٹ بکس چھیننے کی کوشش کر رہے تھے کہ سر سید پولیس کی مزید نفری موقع پر آئی تو ایس ایچ او کو بھی چوٹ آئی جبکہ پولیس کی وردیاں بھی پھاڑی گئیں۔

بقیہ بقیہ جات 12

ناقد رہے ہیں، انہوں نے الیکشن کمیشن کے فیصلے کے خلاف اپیل بھی کی تھی تاہم وہ مسترد کردی گئی۔ بورس نیدیژدین کا کہنا تھا کہ وہ اس فیصلے کو روسی سپریم کورٹ میں چیلنج کریں گے، لاکھوں لوگ ہیں جو مجھے ووٹ کرنا چاہتے ہیں، سروے کے مطابق میں پیوٹن کے بعد دوسرے نمبر پر ہوں۔ یاد رہے کہ روس کے صدارتی انتخابات 15 سے 17 مارچ تک ہونا طے ہیں جب کہ الیکشن میں حصہ لینے والے امیدواران کا آخری فیصلہ ہفتے کو آنا ہے، تاہم الیکشن کمیشن کے مطابق یہ بات واضح ہے کہ بیلٹ پر صرف چار امیدوار ہوں گے۔

بقیہ بقیہ جات 13

دائر کی گئی درخواست میں کہا گیا کہ فارم 45 میں نتائج ہمارے حق میں تھے، فارم 47 میں نتائج تبدیل کر دیے گئے ہیں۔ درخواست گزاروں کے مطابق فارم 45 کے مطابق درخواست گزار انتخابات جیت چکے ہیں۔ امیدواروں کی جانب سے اپنی درخواستوں میں عدالت سے استدعا کی گئی ہے کہ پشاور ہائی کورٹ الیکشن کمیشن کو سرکاری نتائج جاری کرنے سے روکے۔

بقیہ بقیہ جات 14

نے پاکستان میں پرامن انتخابات کے انعقاد پر ملک بھر کے سلامتی کے اداروں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا، پوری پاکستانی قوم اپنی فوج، رینجرز، ایجنسیوں اور پولیس کی مشکور ہیں جنھوں نے دن رات محنت کی اور انتخابات کے خواب کی تعبیر کو ممکن بنایا ملکی سلامتی کے اداروں نے دشمن کے عزائم کو خاک میں ملا دیا، انہوں نے امید ظاہر کی کہ نئی حکومت کے بننے سے پاکستان سیاسی اور معاشی استحکام کی جانب گامزن ہوگا۔

بقیہ بقیہ جات 15

قوم اور خصوصی طور پر سیکورٹی کے اداروں کے جوانوں کو مبارکباد پیش کرتے ہیں جنہوں نے پرامن انتخابات کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کیا، انتخابات ہو چکے ہیں اب عوام ایک دوسرے سے الجھنے کی بجائے باشعور شہری ہونے کا ثبوت فراہم کریں، منتخب ہونے والوں کو بھی ہم مبارکباد پیش کرتے ہیں اور ہارنے والوں سے گذارش کرتے ہیں کہ وہ کھلے دل سے اپنی ہار کو تسلیم کریں اور عوام سے اپنا رشتہ مضبوط بنائیں تاکہ آئندہ انتخابات میں عوام ان کو منتخب کریں۔

بقیہ بقیہ جات 16

کا نفاذ 19 جولائی 2023 سے ہوگا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت داخلہ کی سفارش پر نادرا کے آڈٹ کے لیے اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ کیٹیگری A کی آڈٹ فرم کی خدمات کے حصول کے لیے اوپن بڈنگ کی منظوری دے دی۔ اس فیصلے سے وفاقی کابینہ کے 2019 میں کیے گئے فیصلے میں ترمیم کی گئی جس کے مطابق نادرا کے آڈٹ کے لیے صرف چار بڑی و معروف آڈٹ فرمز کی خدمات حاصل کی جاسکتی تھیں۔ کابینہ کو بتایا گیا نادرا کے آڈٹ کو مزید موثر، شفاف اور بین الاقوامی معیار پر لانے کے لیے ضروری ہے کہ اسٹیٹ بینک میں کیٹیگری A میں رجسٹرڈ تمام آڈٹ فرمز کو نادرا کے آڈٹ کے لیے یکساں مواقع فراہم کئے جائیں۔ وفاقی کابینہ نے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کی سفارش پر "سائبر سیکیورٹی فار ڈیجیٹل پاکستان" کے منصوبے کو بطور "قومی کمپیوٹر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم" نامزد کرنے کی منظوری دے دی۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ سائبر سکیورٹی فار ڈیجیٹل پاکستان کا منصوبہ قومی ترقیاتی بجٹ میں شامل اور اس پر کام پہلے سے جاری ہے۔ وفاقی کابینہ کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں سی ڈی اے ملازمین کو پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی پالیسی پیش کی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے مطابق سی ڈی اے کو اس بات کا تعین کرنا تھا کہ ملازمین کو رعایتی نرخوں پر دینے سے سی ڈی اے کی آمدن میں کیا فرق آئے گا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پلاٹوں کی الاٹمنٹ میں قیمتی زرعی اراضی کا استعمال کرنے کی بجائے عمودی عمارتوں کی تعمیر پر توجہ دی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو گھر مہیا ہوسکیں اور جلد از جلد اس ضمن میں پالیسی وضع کی جائے۔ کابینہ نے الاٹمنٹ کی پیش کردہ پالیسی پر فیصلہ مؤخر کردیا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان کی سفارش پر ActAdaptation کے سیکشن 5(2) میں ترمیم کرنے کی منظوری دے دی۔ اس ترمیم کے تحت اس سیکشن میں آزاد جموں وکشمیر کونسل کی جگہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے الفاظ کا استعمال کیا جائے گا تاکہ پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی کی جانب سے موبائل فون نیٹ ورک اسپیکٹرم کی لائسنس فیس اور تجدید فیس آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کو منتقل کی جاسکے۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے پرائیوٹائزیشن کمیشن کے 7 فروری 2024 کو ہونے والے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی توثیق مؤخر کردی۔ وفاقی کابینہ نے کابینہ کمیٹی برائے قانون سازی کے 31 جنوری اور 7 فروری 2024 کو ہونے والے اجلاس میں کئے گئے فیصلوں کی توثیق کردی۔

بقیہ بقیہ جات 17

کے ساتھیوں کی الیکشن عملے سے تلخ کلامی ہوئی اور انہوں نے مغلظات بھی بکیں۔ رینجرز نے کارروائی کرتے ہوئے ایک شخص کو گرفتار کرلیا تاہم قادر مندوخیل فرار ہوگئے۔ الیکشن کمیشن نے پولنگ اسٹیشن پر حملے کا نوٹس لے کر متعلقہ ریٹرننگ افسر کو فوری طور پر ملوث افراد کے خلاف کارروائی کی ہدایت کردی۔

بقیہ بقیہ جات 18

کے لوگوں کو خاندانی منصوبہ بندی کی معیاری خدمات تک مفت رسائی کی فراہمی اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات میں نگہداشت کے معیار کو ادارہ جاتی شکل دے رہا ہے۔ سلمان اعجاز نے کہا کہ ڈیلیوری سسٹم اور لوگوں میں شعور و آگاہی اور بہتر صحت سے وابستہ سہولیات کی فراہمی کو فوکس کر رہا ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ خاندانوں کو خاندانی منصوبہ بندی کے فوائد سے آگاہ کیا جا سکے۔ سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر پنجاب نے مزید بتایا کہ ورلڈ بینک کا یہ پروگرام کلینکل فرنچائزنگ، واؤچر سکیموں، اور کمیونٹی لیڈرز کے ذریعے فیملی پلاننگ کونسلنگ جیسی اختراعات کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اس پروگرام کو پنجاب کے مختلف اضلاع میں پائلٹ کیا گیا ہے اور خاندانی منصوبہ بندی کے نتائج میں بہتری آرہی ہے۔ اس پروگرام کو ان دور دراز علاقوں اور کمیونٹیز تک پہنچایا جارہا ہے جہاں خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات محدود یا کوئی رسائی نہیں ہے۔ سلمان اعجاز نے کہا کہ لیڈی ہیلتھ ورکرز، فیملی ویلفیئر ورکرز اور کمیونٹی ہیلتھ ورکرز ایک وسیع نیٹ ورک کے ذریعے صحت کی سہولیات، فیملی ہیلتھ کلینک اور فیملی ویلفیئر سے منسلک ہیں۔ یہ پروگرام واؤچر ترغیبی اسکیم، سماجی مارکیٹنگ، مرد اور کمیونٹی رہنماؤں کی مصروفیت، اور خاندانی منصوبہ بندی کی خدمات کے استعمال میں اضافے کے لیے نوجوانوں کے پلیٹ فارمز کو بڑھانے میں مددگار ثابت ہوگا، اس ورلڈ بینک پروگرام کے ذریعے خاندانی منصوبہ بندی سے وابستہ خدمات فراہم کرنے والوں کے باہمی رابطے کو بھی بہتر بنایا جائے گا۔

بقیہ بقیہ جات 19

بے روزگاری اور غربت کی لہر میں کمی آئے گی۔

بقیہ بقیہ جات 20

شریف، آصف علی زرداری، بانی پی ٹی آئی، مولانا فضل الرحمان، اور دیگر کو چھوٹی موٹی سیاست سے اوپر اٹھ کر ملک کو درپیش بے پناہ چیلنجز کا مقابلہ کرنے کے لیے مل کر کام کرنا چاہیے۔ انہیں یہ تسلیم کرنے کی ضرورت ہے کہ تاریخ خود غرض سیاستدانوں پر مہربان نہیں ہے۔

بقیہ بقیہ جات 21

تو ڈالر 500 روپے کا ہو جائیگا، زبردستی اور مسلط کرنے والی حکومت بنائی گئی تو وہ چھ ماہ سے زیادہ نہیں چل پائے گی، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے جاری کردہ بیان میں کیا، ایاز میمن موتی والا نے پرامن اور شفاف انتخابات کے انعقاد پر الیکشن کمیشن آف پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ عام انتخابات میں عوام نے بھرپور انداز میں شرکت کی، پیپلز پارٹی کے تمام جیالوں کو انتخابات میں کامیابی کی مبارکباد پیش کرتا ہوں، آزاد امیدواروں سے کہوں گا کہ وہ ملک وقوم کے ترقی کے لیئے پیپلز پارٹی کا ساتھ دیں اور بلاول بھٹو کو وزیراعظم پاکستان بنائیں، اگر بلاول بھٹو کو وزیراعظم نہ بنایا گیا اور یہاں بھی ہٹ دھرمی کا مظاہرہ کیا گیا تو پھر اگر لولی لنگڑی حکومت چند ماہ چل بھی گئی تو ڈالر اور پٹرول عوام کی پہنچ سے دور ہو جائیں گے، انہوں نے کہا کہ آنے والا وقت پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کا وقت ہے پیپلز پارٹی کی حکومت ملک وقوم کے لیئے ترقی کی نئی راہیں کھولے گی اور عوام کی مشکلات کا خاتمہ ہوگا، عوامی رائے کا احترام ہر ادارے کے لیئے لازم ہے الیکشن کمیشن اپنی ذمہ داری کو پوری کرتے ہوئے تمام حلقوں کے نتائج کا اعلان کرے تا کہ آگے کے مراحل کی جانب بڑھا جاسکے، انہوں نے کہا کہ انتخابات وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکے تھے امید کرتے ہیں نئے منتخب نمائندے اور نئی بننے والی حکومت ملک وقوم کے لیئے خوشیاں اور آسانیاں لائے گی، انتخابات میں جیتنے والی تمام سیاسی پارٹیوں کو چاہیے کہ وہ ملک وقوم کے مفاد میں حکومت سازی کریں اور جو بھی شخص پاکستان کی بہتری اور خوشحالی کے لیئے موزوں ہے اس کو منتخب کریں تا کہ موجودہ بے یقینی، افراتفری اور بحرانوں کا خاتمہ ممکن ہو سکے۔

بقیہ بقیہ جات 22

بابر نواز خان 112389 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر آئے۔ اسی طرح کے پی سے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 185 ڈیرہ غازی خان 2 سے 226 پولنگ اسٹیشنز کے 226 غیر حتمی نتائج کے مطابق آزاد امیدوار زرتاج گل 94881 ووٹ لے کر کامیاب رہیں جبکہ آزاد امیدوار محمود قادر خان 32929 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 23

آزاد امیدوار شہریار ریاض نے 82 ہزار 613 ووٹ لیے۔ تحریک لبیک پاکستان کے امیدوار سجاد احمد عباسی 9432 ووٹ لیکر تیسرے نمبر پر رہے جبکہ جماعت اسلامی کے عمران شفیق 7465 ووٹ لیکر چوتھے اور عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید 5725 ووٹ لیکر پانچویں نمبر پر رہے

بقیہ بقیہ جات 24

اور عوام کی انتھک کوششوں کی حمایت کرتے ہیں۔ چین کی وزارت خارجہ کے ترجمان نے مزید کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات پر تشویش اور قیمتی جانوں کے ضیاع پر افسوس ہے۔ لواحقین اور زخمیوں سے تعزیت اور ہمدردی کا اظہار کرتے ہیں

بقیہ بقیہ جات 25

درج کیا۔ جس کا فیصلہ سناتے ہوئے ایڈیشنل سیشن جج ملک نثار احمد نے ملزم نصر اللہ کو 9 سال قید بامشقت کی سزا کا حکم سنا دیا۔ جس میں سزا بھگتنے کے لیے ملزم کو واپس ڈسٹرکٹ جیل منتقل کردیا گیا۔

بقیہ بقیہ جات 26

ڈراما کیا جارہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے دفاتر میں داخلے کی اجازت نہیں دی جارہی۔

بقیہ بقیہ جات 27

کے احکامات جاری کردیے گئے۔

بقیہ بقیہ جات 28

پر شہید افضل گورو اور شہید مقبول بٹ کی تصاویر آویزاں تھیں۔ بینرز اور کتبوں پر شہداء کو خراج عقیدت پیش کرنے کے تہنیتی جملے درج کیئے گئے تھے۔ ریلی کی قیادت چیئرمین پاسبان حریت جموں کشمیر عزیر احمد غزالی، حریت راہنماؤں مشتاق الاسلام، عثمان علی ہاشم، سید شعیب شاہ، کشمیر یونائیٹڈ موومنٹ کے راہنما پیرزادہ سلطان، جموں کشمیر پیپلز پارٹی کے رہنما سید آصف گیلانی، قاضی خوشحال، اسماعیل جکوال، سید محمود شاہ، چوہدری یوسف بڈھانہ فیصل فاروق، محمد فیاض خان اور دیگر کر رہے تھے۔

بقیہ بقیہ جات 29

مسلم لیگ (ن) کے امیدوار حافظ میاں نعمان 71 ہزار 540 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 30

ڈالر کی سرمایہ کاری کر چکے ہیں، جو کہ اپریل 2024 سے اپریل 2051 کے دوران مختلف سالوں میں میچور ہونگے۔ اس ضمن میں عارف حبیب لمیٹڈ کے ریسرچ ہیڈ طاہر عباس نے کہا کہ یورو بانڈز کی قیمت گزشتہ سات ماہ کے دوران ڈبل ہوچکی ہے، اور یہ دنیا کے بہترین بانڈز کے طور پر سامنے آئے ہیں، پاکستانی بانڈز کی قیمتوں میں اضافے کی بنیادی وجہ پاکستان میں الیکشن کا انعقاد اور الیکشن کے بعد بننے والی نئی حکومت کی جانب سے ممکنہ طور پر آئی ایم ایف پروگرام کا حصول ہے، اور مرکزی بینک کی جانب سے دسمبر 2024 تک پالیسی ریٹ میں کمی کا تخمینہ ہے۔

بقیہ بقیہ جات 31

ذمہ داری اور دلجمعی سے اپنے فرائض سر انجام دیئے۔ سی سی پی او نے کہا کہ بہترین انتظامات کے باعث امن وامان کی صورتحال کنٹرول میں رہی اور شہریوں نے پرامن اور محفوظ ماحول میں اپنا حق رائے دہی استعمال کیا۔ انہوں نے الیکشن ڈے پر شہریوں کے تعاون کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ اہل لاہور نے پولیس سے بھرپور تعاون کیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 32

نے کہا کہ وکیل صاحب کے لوگوں نے ہم پر فائرنگ بھی کی، میرا تعلق گجر برادری سے ہے، یہاں گجر برادری کے 60 ہزار ووٹ ہیں، شیروں کے سربراہ نے مجھے ووٹ ڈالا، شہباز شریف نے ووٹ ڈالا، ووٹ دینے پر شہباز شریف کا مشکور ہوں۔ آئی پی پی نے کہا کہ ہماری مسلم لیگ ن سے انڈر اسٹینڈنگ ہے، ہمارا مقصد ہے کہ ملک میں سیاسی استحکام آئے، پارٹی سربراہ ملک کی بہتری کے لیے فیصلہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ الزامات کی سیاست سے نکلیں، ملک کی بہتری کے لیے کچھ بھی کرنا پڑے کرنا چاہیے۔

بقیہ بقیہ جات 33

کا باعث بنیں گے۔ جمعہ کو اپنے بیان میں نگران وفاقی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہم انتہائی اطمینان کے ساتھ پاکستان میں غیر معمولی سکیورٹی صورتحال میں انتخابات 2024 کے پرامن انعقاد کا ذکر کرتے ہیں، ہزاروں کی تعداد میں مسلح افواج، دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں اور سویلین اہلکاروں کی ہزاروں مربع کلومیٹر کے متنوع علاقوں اور سخت موسم میں محدود وقت کے اندر تعینات کرنا کوئی معمولی کارنامہ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ اس عظیم مشق کے کامیاب انعقاد کو ریاست کے تمام اداروں کی اجتماعی کوششوں سے ہی منسوب کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان میں دہشت گردی کے واقعات تیزی سے بڑھ رہے ہیں اور بلوچستان میں دہشت گرد تنظیموں جیسے ٹی ٹی پی، داعش اور غیر ملکی سپانسر شدہ عسکریت پسند تنظیموں کی مصدقہ اطلاعات موصول ہوئی ہیں جو قانون نافذ کرنے والے اداروں اور شہریوں پر حملے کر کے امن وامان کی سنگین صورتحال پیدا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں تاکہ قوم کے اعتماد کو متزلزل کر کے انہیں اپنے جمہوری حق کے استعمال سے باز رکھیں۔ انہوں نے کہا کہ انتخابات سے پہلے، مسلح افواج اور دیگر قانون نافذ کرنے والے ادارے پورے ملک میں انٹیلی جنس کی بنیاد پر انسداد دہشت گردی کی کارروائیوں میں سرگرم عمل تھے۔ گزشتہ چند ہفتوں میں کئی سنگین واقعات کا سامنا ہوا جن میں شہریوں اور قانون نافذ کرنے والے اداروں کے ارکان کو شدید نقصان پہنچا۔ انتخابات سے صرف ایک دن قبل دہشت گردی کے واقعات میں 28 افراد جاں بحق اور 64 دیگر شدید زخمی ہوئے جس نے ریاست کو اپنے شہریوں کے تحفظ کو یقینی بنانے کے لئے متعدد اقدامات کرنے پر مجبور کیا، اس میں ملک بھر میں موبائل فون سروسز کو معطل کرنے کا مشکل فیصلہ بھی شامل ہے تا کہ دہشت گردوں کے روابط اور دہشت گردانہ کارروائیوں کو انجام دینے کے ذرائع سے روکا جاسکے۔ موبائل ڈیوائسز انسانی ہلاکتوں کے لئے جدید دھماکہ خیز آلات کو چلانے میں بھی استعمال ہوتی ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمیں پوری طرح معلوم تھا کہ موبائل سروس کی معطلی سے پورے پاکستان میں انتخابی نتائج کی ترسیل متاثر ہوگی اور اس عمل میں تاخیر ہوگی تاہم اس تاخیر اور ہمارے شہریوں کی سلامتی کے درمیان موبائل سروسز کی معطلی کا انتخاب کافی واضح تھا اور اس کا فیصلہ کیا گیا۔ انہوں نے کہا کہ حساس علاقوں خصوصاً خیبر پختونخوا اور بلوچستان میں پولنگ سٹیشنوں کے راستے میں آئی ای ڈیز کے امکان کو روکنے کے لئے مناسب بم ڈسپوزل کلیئرنس کرنا پڑی جس میں کافی وقت ضائع ہوا۔ وسیع پیمانے پر پھیلے ہوئے پولنگ اسٹیشنوں اور خاص طور پر بلوچستان، خیبر پختونخوا اور یہاں تک کہ پنجاب اور سندھ کے دیہی علاقوں سے انتخابی نتائج کی فزیکل نقل وحمل، اس طرح کے وسیع حفاظتی اقدامات کے ساتھ ایک محنت طلب اور وقت طلب مشق تھی۔ انتخابات کے نتائج توقع کے مطابق ہیں اور ان لاکھوں لوگوں کی امنگوں کی عکاسی کرتے ہیں جو ووٹ ڈالنے کے لئے لاکھوں کی تعداد میں باہر نکلے۔ تمام بڑے سیاسی ادارے عمومی طور پر ان نتائج سے مطمئن ہیں جو بدلتے ہوئے حقائق اور قوم کے مزاج کی بھی عکاسی کرتے ہیں، یہ سب اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتے ہیں کہ انتخابات واقعی آزادانہ اور منصفانہ تھے۔ وزیر داخلہ نے کہا کہ سخت حفاظتی اقدامات کے باوجود انتخابات کے دن پاکستان بھر میں دہشت گردانہ حملوں سمیت 61 پرتشدد واقعات ہوئے جن میں جدید ترین ہتھیاروں اور دھماکہ خیز آلات کا استعمال کیا گیا جس میں 16 شہریوں کی جانیں گئیں اور 54 دیگر زخمی ہوئے۔ ڈاکٹر گوہر اعجاز نے کہا کہ پاکستان کے آئین کے مطابق کسی بھی شکایت کی صورت میں عوام کو اب بھی قانونی آپشنز کا مکمل سہارا حاصل ہے۔ ہم اس دن کے حوالے سے قومی مفاد کو سامنے رکھتے ہوئے درخواست کرتے ہیں کہ ہماری بات کو سمجھیں اور ہماری حمایت کریں۔ اس تاریخی مشق میں شامل تمام ادارے، خاص طور پر الیکشن کمیشن آف پاکستان جس کا سکیورٹی کی صورتحال پر بہت کم کنٹرول تھا، تنقید اور تذلیل کی بجائے تعریف اور شکر گزاری کے مستحق ہیں۔ ذاتی مفادات رکھنے والے تفرقے کو بھڑکاتے رہیں گے کیونکہ وہ انتشار پیدا کرتے اور انتشار پروان چڑھاتے ہیں۔ ہم شہریوں اور سیاسی رہنماؤں سے درخواست کرتے ہیں کہ وہ انتخابی عملے کو بغیر کسی رکاوٹ کے اپنے فرائض سرانجام دینے دیں اور پولنگ سٹیشنز سے آر او آفس جانے والی سڑکوں کو بند کر کے الیکشن کمیشن آف پاکستان کے کام میں مزید تاخیر نہ کریں۔ انہوں نے کہا کہ آیئے ہم مل کر عظیم کارنامے انجام دینے کے لئے مل کر کام کریں اور امید کرتے ہیں کہ یہ الیکشن پاکستانی قوم کے لئے خوشحالی کا باعث بنے گا۔

بقیہ بقیہ جات 34

مسلم لیگ (ن) کی پوزیشن مضبوط ہے۔ پاکستان مسلم لیگ (ن) عوام کی خدمت اور انہیں مسائل سے نجات دلانے کے لئے اپنے پختہ عہد کو ہمیشہ کی طرح پورا کرے گی۔ یاد رہے کہ اس سے قبل پاکستان تحریک انصاف کے رہنما اور وکیل بیرسٹر علی ظفر نے اپنی پارٹی کی جیت کا دعویٰ کیا تھا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری ایک پوسٹ میں بیرسٹر علی ظفر نے لکھا تھا کہ، عوام کا مینڈیٹ جیت گیا، اب اگلی حکومت پی ٹی آئی بنائے گی۔

بقیہ بقیہ جات 35

مطابق قومی اسمبلی کے حلقے این اے 128 لاہور 12 کے تمام 433 پولنگ اسٹیشنز کا غیر سرکاری غیر حتمی نتیجہ آگیا جہاں استحکام پاکستان پارٹی اور (ن) لیگ کے مشترکہ امیدوار عون چوہدری 1 لاکھ 72 ہزار سے زائد ووٹ حاصل کرکے فاتح قرار پائے۔ جبکہ پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سلمان اکرم راجہ 1 لاکھ 59 ہزار ووٹ حاصل کر کے دوسرے نمبر پر رہے۔ دوسری جانب سلمان اکرم راجہ نے حلقے این اے 128 کے نتائج لاہور ہائی کورٹ میں چیلنج کردیئے۔ سلمان اکرم راجہ لاہور ہائی کورٹ میں درخواست جمع کروانے پہنچے۔ انہوں نے اپنی درخواست میں موقف اختیار کیا ہے کہ بھاری اکثریت سے کامیابی کے باوجود نتائج روک دیے گئے ہیں۔ انہوں نے استدعا کی ہے کہ عدالت ریٹرننگ آفیسر کو نتائج فوری جاری کرنے کا حکم دے۔ یاد رہے کہ اس حلقے پر آئی پی پی اور مسلم لیگ (ن) نے سیٹ ایڈجسٹمنٹ کی تھی اور نواز شریف نے بھی اسی حلقے میں اپنا ووٹ کاسٹ کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 36

و غیر سرکاری نتائج کے مطابق این اے 122 سے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سردار لطیف کھوسہ ایک لاکھ 17 ہزار 109 لیکر کامیاب ہوئے جبکہ لیگی امیدوار خواجہ سعد رفیق 77 ہزار 907 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ مسلم لیگ (ن) کے رہنما خواجہ سعد رفیق نے شکست تسلیم کر لی۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر جاری کیے گئے بیان میں سابق وزیر ریلوے خواجہ سعد رفیق نے ہار تسلیم کرتے ہوئے پاکستان تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار سردار لطیف کھوسہ کو مبارکباد پیش کر دی۔ ان کا کہنا تھا کہ عوامی فیصلے پر خوش دلی سے سرتسلیم خم کرتا ہوں۔ اللہ کریم آنے والی پارلیمان کو متحد ہو کر قومی بحرانوں پر قابو پانے کی توفیق وتقویت عطا کرے ! آمین۔

بقیہ بقیہ جات 37

نواز شریف کو شکست دے کر بڑا اپ سیٹ کردیا۔ غیر سرکاری، غیر حتمی نتیجے کے مطابق این اے 15 مانسہرہ سے آزاد امیدوار شہزادہ گستاسپ خان 99 ہزار 226 ووٹ سے کامیاب رہے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے قائد نواز شریف 78 ہزار 310 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 38

میں اس وقت 136 اضلاع میں آگے ہے لیکن آپ ووٹ کو تبدیل کرنے کی کوششوں کی بہت ساری رپورٹس اور ویڈیوز بھی دیکھ رہے ہوں گے۔ خدشہ ہے کہ 136 اضلاع میں اس کامیابی کو صبح تک کم نہ کردیا جائے۔ جس پر امریکی ترجمان نے کہا کہ ابتدائی نتائج کی بات یہ ہے کہ وہ ابھی ابتدائی ہیں۔ اور ہمیں ابھی اس سے آگے نہیں جانا چاہیے جب تک سرکاری اعلان نہ ہوجائے اس لیے میں مزید تبصرہ یا قیاس آرائی نہیں کروں گا کہ کس کی حکومت بن سکتی ہے۔ صحافی نے پھر سوال کیا کہ مان لیتے ہیں کہ پاکستانی عوام پی ٹی آئی سے وابستہ آزاد امیدواروں کی اکثریت کو منتخب کرتے ہیں، لیکن پھر بیک ڈور مذاکرات سے اچانک وزیراعظم کے لیے ایک اور امیدوار سامنے آتا ہے۔ جس کے پاس اکثریت ہے تو کیا یہ امریکا کے لیے ٹھیک رہے گا۔ امریکی ترجمان نے کہا کہ میں اس معاملے پر قیاس آرائیاں نہیں کرنا چاہوں گا جو ابھی آپ کر رہے ہیں۔ جب ایسی صورت حال پیدا ہوگی تب ہی کچھ کہا جا سکتا ہے۔ ایک صحافی نے سوال کیا کہ پاکستان میں انتخابات ہو چکے ہیں ایسے میں کیا امریکا کے پاس لوگوں کے لیے کوئی پیغام ہے؟ فوراً ہی صحافی نے معذرت کرتے ہوئے اپنا سوال دوبارہ دہرایا کہ کیا پاکستان میں متنازع انتخابات کے بعد امریکا کا پاکستان میں لوگوں کو کوئی پیغام ہے؟ جس پر امریکی ترجمان نے کہا کہ لاکھوں پاکستانی ووٹ ڈالنے گئے اور میں پھر اپنی بات دہراؤں گا کہ پاکستان کی مستقبل کی قیادت کا فیصلہ وہاں کے عوام کو کرنا ہے۔ ہماری دلچسپی جمہوری عمل کے جاری رہنے میں ہے۔ امریکی ترجمان نے انتخابات سے متعلق پرتشدد واقعات کی سختی سے مذمت کرتے ہوئے موبائل فونز اور انٹرنیٹ کی بندش پر تشویش کا اظہار بھی کیا۔ انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار رائے کی خلاف ورزیوں کے معاملات پر نگاہ ہے۔ ایک اور صحافی نے پاکستان میں بننے والی اگلی حکومت کے ساتھ تعلقات کے حوالے سے پوچھا جس پر امریکی ترجمان نے کہا کہ ہم پاکستان کی حکومت کے ساتھ اپنے تعلقات اور شراکت داری کو فروغ دینے کے لیے مناسب اقدامات کرنے میں دلچسپی رکھتے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 39

تاخیر کے خلاف کمشنر آفس کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ احتجاجی مظاہرے میں پی بی 42 کے امیدوار عبدالخالق ہزارہ، پی بی 40 کے امیدوار قادر علی سمیت دیگر شریک ہوئے۔ چیئرمین ایچ ڈی پی عبدالخالق ہزارہ نے بتایا کہ خدشہ ہے ہمارے ساتھ ناانصافی کی جارہی ہے، گزشتہ رات سے ہم یہاں موجود ہیں لیکن ہمیں نتائج نہیں دیئے جارہے۔ کوہاٹ کے ڈگری کالج کے باہر نتائج میں تاخیر ہونے کے خلاف پی ٹی آئی کے حمایت یافتہ کارکنوں نے شدید احتجاج کیا۔ احتجاجی مظاہرے کے باعث کسی کو بھی ڈگری کالج کے احاطے میں جانے کی اجازت نہیں دی گئی، پولیس کی بھاری نفری طلب کرلی گئی ہے۔ باجوڑ سے صوبائی اسمبلی کے حلقے پی کے 20 اور 21 کے نتائج میں تاخیر کے خلاف پی ٹی آئی کے کارکنان نے پشاور کے علاقے باجوڑ کی شاہراہ پر احتجاج مظاہرہ کئے۔ ٹوبہ ٹیک سنگھ سے قومی اسمبلی کے حلقے این اے 106 کے نتائج میں بھی تاخیر کے خلاف پی ٹی آئی کے کارکنوں نے شدید احتجاج کیا

بقیہ بقیہ جات 40

کہ نواز شریف ہی وزیراعظم ہوں گے۔ رہنما (ن) لیگ خواجہ آصف نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ سیاست امکانات کا کھیل ہے، ہمارے یہاں کوئی الیکشن تنازعات کے بغیر نہیں ہوا۔ لیگی رہنما کا مزید کہنا تھا کہ ہمارے ووٹر صبح 9 بجے پولنگ اسٹیشن پہنچ چکے تھے، موبائل فون بند پر ہم نے متبادل انتظام کیا ہوا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کے ووٹر بڑی تعداد میں نکلے، ہوسکتا ہے ہمارے ووٹر نے آسان لیا ہو۔

بقیہ بقیہ جات 41

بھی قومی وصوبائی حلقوں میں کامیابی حاصل کرلی۔ غیر حتمی وغیر سرکاری نتائج کے مطابق قائد مسلم لیگ (ن) نواز شریف لاہور کے حلقہ این اے 130 سے ایک لاکھ 71 ہزار 24 ووٹ لیکر کامیاب ہوئے جبکہ پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ امیدوار ڈاکٹر یاسمین راشد کو ایک لاکھ 15 ہزار 43 ووٹ ملے۔ دوسری جانب مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف اور سینئر نائب صدر مریم نواز نے بھی قومی وصوبائی حلقوں میں کامیابی حاصل کر لی۔ غیر حتمی و غیر سرکاری نتیجے کے مطابق سابق وزیراعظم شہباز شریف لاہور سے صوبائی اور قومی اسمبلی کی سیٹیں بچانے میں کامیاب ہوگئے، انہوں نے حلقہ این اے 123 سے 63 ہزار 953 ووٹ لیے، شہباز شریف کے مدمقابل آزاد امیدوار افضال عظیم پاہٹ 48 ہزار 486 ووٹ ہی لے سکے۔ مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے پنجاب اسمبلی کے حلقہ پی پی 158 سے 38 ہزار 642 ووٹ لے کر کامیابی حاصل کی جبکہ آزاد امیدوار چودھری یوسف علی 23 ہزار 874 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ علاوہ ازیں غیر سرکاری اور غیر حتمی نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کی چیف آرگنائزر مریم نواز بھی پنجاب اسمبلی کے حلقہ 159 لاہور سے کامیاب ہوگئی ہیں، لاہور کے پی پی 159 میں مریم نواز نے 23 ہزار 598 ووٹ لیے، آزاد امیدوار مہر شرافت 21 ہزار 491 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ مسلم لیگ (ن) کے نائب صدر حمزہ شہباز نے بھی لاہور کے حلقہ این اے 118 میں میدان مارلیا۔ غیر حتمی غیر سرکاری نتیجے کے مطابق حمزہ شہباز نے ایک لاکھ 5 ہزار 960 ووٹ حاصل کئے جبکہ آزاد امیدوار عالیہ حمزہ نے ایک لاکھ 8 سو 03 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہیں۔

بقیہ بقیہ جات 42

ہم بھی کہہ رہے ہیں جلد از جلد نتائج چاہئیں، ہم سب جاگ کر نتائج کا انتظار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نتائج کا جلدی اعلان ہوجائے تو ہم سب خوش ہوں گے، موبائل فون بند تھے تو اس سے سب کا نقصان ہوا، ہمیں بھی مشکلات کا سامنا رہا۔ احسن اقبال نے کہا کہ 2018 کے مقابلے میں پرامن انتخابات ہوئے ہیں، پاکستان کو مستحکم حکومت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ نئی حکومت کو آئی ایم ایف کے ساتھ بھی بات چیت کرنی پڑے گی، نئی حکومت کو ریفارمز پروگرام کو بھی آگے بڑھانا پڑے گا۔ ایک سوال کے جواب میں احسن اقبال نے کہا کہ میں نارووال میں ہوں، ہم نتائج اکٹھا کرنے کی کوشش کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 43

حیدر نے کہا ہے کہ کراچی کے نتائج کے اعلان میں تاخیر پر گہری تشویش ہے۔ ایک بیان میں سینیٹر تاج حیدر نے کہا کہ ہمارے امیدواروں کے پاس ان کے خلاف ہونے والی دھاندلی کے ثبوت ہیں۔ رہنما پیپلز پارٹی تاج حیدر نے کہا کہ انتخابی نتائج کا فوری اعلان کیا جائے۔

بقیہ بقیہ جات 44

ہندو برادری سے تعلق رکھنے والی ڈاکٹر سویرا پرکاش نے شکست تسلیم کرتے ہوئے انہیں ووٹ دینے والوں کا شکریہ ادا کیا ہے۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر خود کو بونیر کی دختر قرار دینے والی سویرا پرکاش نے فارم 47 کی تصویر پوسٹ کی ہے۔ خیبر پختونخوا سے صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی کے 25 کی جنرل نشست سے انتخابات میں حصہ لینے والی سویرا پرکاش نے 1754 ووٹ حاصل کیے۔ صوبائی جنرل نشست پر انتخابات میں حصہ لینے اور اقلیت سے تعلق رکھنے والی پہلی خاتون نے اپنے ووٹرز کا شکریہ ادا کیا۔ واضح رہے کہ پی کے 25 بونیر 1 کے تمام 143 پولنگ اسٹیشنز کے نتیجے کے مطابق آزاد امیدوار ریاض خان 28 ہزار 490 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئے ہیں جبکہ جے یو آئی (ف) کے فضل غفور 12 ہزار 702 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 45

کے ساتھ اپوزیشن میں بیٹھے گی تو 6، 7 ماہ میں سارا ملک جائیگا۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ کراچی میں سرپرائز ہوگیا، کراچی میں ایم کیو ایم کچھ زیادہ ہی سیٹیں لے رہی ہے۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ توقع یہی تھی کہ آزاد امیدوار کو برتری رہے گی، پی ٹی آئی کی مقبولیت نفرت کی بنیاد پر پڑی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پی ٹی آئی کی اپنی مقبولیت اور پی ڈی ایم حکومت سے نفرت ایک لہر کی بنیاد بنی، گھٹیا اور ذاتیات پر مبنی فیصلے سنائیں گے تو ردعمل ہی آئیگا۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ زرداری کو مائنس کرکے نظام آگے نہیں چل سکتا جبکہ لولا لنگڑا اقتدار بھی (ن) لیگ کا آخری اقتدار ہوگا، میں جو کہہ رہا ہوں آئندہ 72 گھنٹوں میں سامنے آجائیگا۔ فیصل واوڈا نے کہا کہ ہمارے قانونی ڈھانچے کے اندرونی مسائل کا تدارک کرنا ضروری ہے، جب چاہیں آپ کسی کو گھر بھیج دیتے ہیں، جب چاہیں معاف کردیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس ملک میں مردے کا ووٹ ڈلتا ہے اور انسان جیتتا ہے، 35 سال میں جو بگاڑ پیدا کیا وہ نیا کام کیا کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 46

زیادہ اور حد سے تجاوز ردعمل قرار دیا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق وائٹ ہاؤس میں ایک پریس کانفرنس کے دوران بائیڈن نے غزہ کی صورتحال کے بارے میں پوچھے گئے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ میرے خیال میں، جیسا کہ آپ جانتے ہیں، غزہ میں اسرائیلی ردعمل بہت زیادہ اور اپنی حدود سے تجاوز پر مبنی ہے۔ بائیڈن نے کہا کہ میں اب غزہ میں پائیدار جنگ بندی تک پہنچنے کے لیے سخت دباؤ ڈال رہا ہوں۔ امریکی صدر نے کہا کہ انہوں نے جنگ کے آغاز سے ہی شہریوں پر اس کے اثرات کو کم کرنے کے لیے کافی کوششیں کی تھیں۔ بائیڈن نے کہا کہ مصری صدر عبدالفتاح السیسی پہلے تو رفح کے راستے غزہ کی پٹی میں انسانی امداد کے داخلے کی اجازت دینے کے لیے کراسنگ کھولنا نہیں چاہتے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ میں نے ان سے بات کی اور انہیں کراسنگ کھولنے کے لیے راضی کیا۔ میں نے بی بی (اسرائیلی وزیراعظم بنجمن نیتن یاہو) سے بات کی کہ وہ اسرائیل کی طرف کراسنگ کھولیں۔

بقیہ بقیہ جات 47

ہوں گے تو مخصوص نشستیں نہیں ملیں گی۔ انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے کہا تھا کہ اکثریت ہوگی تب بھی دیگر جماعتوں کو ساتھ لیکر چلیں گے، پنجاب میں آزاد امیدوار (ن) لیگ کی کامیابی کے قریب بھی نہیں ہیں۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ بلاول بھٹو کے والد کی آزاد امیدواروں کو قابو کرنے کی صلاحیت اچھی ہے۔ ایک سوال کے جواب میں (ن) لیگی رہنما نے کہا کہ مانگ کر نہ پہلے ذمہ داری لی ہے اور نہ اب لوں گا، پارٹی فیصلہ کرے گی۔ انہوں نے ایک سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ نتائج میں تاخیر نہیں ہونی چاہیے تھی لیکن ہم شکایت کیسے کرتے کل تمام دن موبائل فون بند تھے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کو نتائج کی تاخیر پر وضاحت دینا چاہیئے۔ انہوں نے کہا کہ پنجاب اور وفاق میں حکومت بنانے کے لیے پرامید ہوں، جب نتائج کم آرہے تھے تب بھی (ن) لیگ آگے تھی، رات تین بجے تک کے نتائج کے مطابق (ن) لیگ زیادہ نشستوں پر جیت رہی تھی اب اگر کسی اور کی حکومت بنی تو اسے قبول کریں گے۔ دریں اثناء اسحاق ڈار نے کہا کہ دانیال عزیز کے بیانات ٹکٹ سے متعلق فیصلے میں رکاوٹ بنے۔ انہوں نے زین قریشی کو جیت پر مبارک باد پیش کی اور کہا کہ جو الیکشن جیتیں ہمیں ان کو دل سے مبارک باد دینی چاہیے۔ اس سے قبل سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر اسحاق ڈار نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات کا نتیجہ پہلے ہی عوام کو معلوم ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان مسلم لیگ ن کے الیکشن سیل کے مرتب کردہ اعداد وشمار کے مطابق پاکستان مسلم لیگ (ن) قومی اسمبلی میں واحد سب سے بڑی سیاسی جماعت اور پنجاب اسمبلی میں واضح اکثریت والی جماعت کے طور پر ابھری ہے۔ الحمدللہ۔ انہوں نے کہا کہ قبل از وقت اور متعصبانہ قیاس آرائیوں سے گریز کیا جانا چاہیے کیونکہ ہم ای سی پی کے سرکاری مکمل نتائج کا انتظار کررہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 48

حکمت کا تقاضا ہے کہ اللہ سے مدد مانگیں اور کم از کم مزید کھدائی بند کردیں۔

بقیہ بقیہ جات 49

میں غیر معمولی تاخیر پر تشویش کا اظہار کردیا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کراچی کے نتائج کی تاخیر اور ابہام کو جلد از جلد ختم کرے۔ مرتضیٰ وہاب نے کہا کہ کراچی میں پیپلز پارٹی کو قومی اسمبلی کی 12 نشستوں پر واضح برتری حاصل ہے، سندھ کے بقایا اضلاع میں پیپلز پارٹی کلین سوئپ کر رہی ہے۔ میئر کراچی نے کہا کہ پیپلز پارٹی امیدواروں کی سندھ سمیت ملک بھر میں جیت و مثبت نتائج چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کے ویژن کو تقویت دے رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 50

دفاتر کے باہر آرمی اور سول آرمڈ فورسز کے اہلکار تعینات کردیے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق آرمی اور سول آرمڈ فورسز کا الیکشن عمل سے کوئی تعلق نہیں ہے، اہلکار گنتی کا عمل مکمل ہونے تک آر اوز دفاتر کے باہر سیکیورٹی دینے کے پابند ہیں۔ ذرائع کے مطابق الیکشن کمیشن اور وزارت داخلہ نے اس سے متعلق نوٹیفکیشن جاری کر رکھا ہے۔ سیکیورٹی ذرائع کے مطابق اہلکار صرف آر اوز کے دفاتر کی بیرونی سیکیورٹی کے لیے تعینات ہیں، انتخابی عملہ آر اوز کے دفاتر کے اندر ووٹوں کی گنتی کا عمل جاری رکھے ہوئے ہے۔

بقیہ بقیہ جات 51

کی بڑی صاحبزادی بختاور بھٹو نے ٹوئٹ کرتے ہوئے کہا ہے کہ سندھ کے عوام جانتے ہیں کہ پیپلز پارٹی کی حکومت نے سندھ کے لیے کیا کچھ کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوام نے نہ صرف پیپلز پارٹی کو چوتھی بار منتخب کیا بلکہ بڑے مارجن سے جیتوایا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 52

حکومت پاکستان کو آئندہ 6 مہینوں میں کئی ادائیگیاں کرنی ہیں، پاکستان کو لمبے عرصے کا بڑا قرض پروگرام چاہیے، پاکستان اسٹاک ایکسچینج عالمی مالیاتی بحران سے بہت سستا بازار ہے۔ بلوم برگ کے منیجر کے مطابق پاکستانی بازار کا قیمت اور آمدنی تناسب کم ترین سطح پر ہے، حصص قیمتوں میں سیاسی، اقتصادی خدشات شامل ہونے کے سبب پاکستان اسٹاک ایکسچینج سستا ہے۔ منیجر روچر ڈیسائی نے کہا کہ پاکستان میں شرح سود آئندہ 9 سے 12 مہینوں میں کم ہوسکتی ہے۔

بقیہ بقیہ جات 53

کرنے کا مشورہ دے دیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر پی ٹی آئی کے آفیشل اکاؤنٹ سے بیان جاری کیا گیا کہ پاکستانی عوام آپ کو کبھی قبول نہیں کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 54

سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کو سردار لطیف کھوسہ نے بڑے مارجن سے شکست دے دی جس پر لیگی رہنما نے مخالف فاتح آزاد امیدوار کو مبارکباد دی۔ این اے 122 سے آزاد امیدوار سردار لطیف کھوسہ ایک لاکھ 17 ہزار 109 لیکر کامیاب ہوئے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار خواجہ سعد رفیق 77 ہزار 907 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ غیر سرکاری، غیر حتمی نتائج سامنے آتے ہی سعد رفیق نے لطیف کھوسہ کو مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا پلیٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ سردار لطیف کھوسہ صاحب کو دلی مبارکباد دی، عوامی فیصلے پر خوش دلی سے سرتسلیم خم کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ آنیوالی پارلیمان کو متحد ہوکر قومی بحرانوں پر قابو پانیکی توفیق دے۔ سعد رفیق کی جانب سے کھلے دل سے فیصلے کو تسلیم کرنے اور مخالف امیدوار کو مبارک دینے پر دیگر سیاسی جماعت کے رہنما بھی ان لیگی رہنما کی تعریف کی۔ پی ٹی آئی کی سابق سیاسی رہنما اور سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری نے ٹوئٹ کرتے ہوئے خواجہ سعد کی جانب سے شکست تسلیم کرنے اور جمہوری عمل کے نتائج کو قبول کرنے پر انہیں سراہا۔ پاکستان تحریک انصاف کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ سے بھی خواجہ سعد کے اس عمل کو سراہا گیا اور طنز کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے ان کے لیڈر بھی لیگی رہنما کے اس عمل کو فالو کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 55

بھی ٹی وی سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ (ن) لیگ حکومت نہیں بناسکتی، (ن) لیگ کی کوئی اکثریت نہیں، نواز شریف یہ کہتے ہوئے واپس جائیں گے کہ مجھے کیوں بلایا۔ انہوں نے مزید کہا کہ (ن) لیگ کی کوئی اکثریت نہیں نہ مرکز میں نہ پنجاب میں حکومت بنا سکتے ہیں۔ لطیف کھوسہ نے کہا کہ لاہور کے حلقہ این اے 130 میں نواز شریف کی ڈاکٹر یاسمین کے مقابلے میں جیت متنازع ہے۔ انہوں نے خواجہ سعد رفیق سے جیتنے اور ان کی جانب سے ملنے والی مبارکباد پر ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ سعد رفیق نے مبارکباد دی لیکن دیر کردی مہربان آتے آتے، سعد رفیق کو مبارک باد رات کو ہی دینی چاہیے تھی انتظار کس بات کا تھا۔ لطیف کھوسہ کا کہنا تھا کہ میں نے خواجہ سعد رفیق کا شکریہ ادا کردیا ہے۔

بقیہ بقیہ جات 56

تمام حلقوں پر اے این پی کی شکست کی ذمے داری کھلے دل سے تسلیم کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ شکست کی ذمے داری قبول کرتے ہوئے پارٹی عہدے سے مستعفی ہونے کا اعلان کرتا ہوں۔ امیر حیدر ہوتی نے کہا کہ پارٹی کے ادنیٰ رکن کی حیثیت سے باچا خان کے قافلے کا حصہ رہوں گا۔

بقیہ بقیہ جات 57

نوجوان زندگی سے ہاتھ دھو بیٹھا اور کئی دیگر زخمی ہوگئے جبکہ کئی گاڑیوں کو آگ لگا کر نذر آتش کر دیا گیا۔ موصولہ اطلاعات کے مطابق عام انتخابات کے موقع پر گزشتہ روز مبینہ طور پر فاٹا انضمام مخالف تحریک کے درجنوں مسلح کارکنوں نے سیاہ جھنڈے لہراتے ہوئے متعدد پولنگ سٹیشنوں پر دھاوا بول کر یلغار کردی اور توڑ پھوڑ' ہلڑ بازی اور فائرنگ کرتے ہوئے ڈالے گئے ووٹوں اور دیگر پولنگ مواد کو آگ لگا دی۔ نامعلوم شرپسندوں نے سرکاری املاک کو نقصان پہنچایا اور مبینہ طور پر وہاں الیکشن ڈیوٹی کے لئے کھڑی پولیس اور نجی گاڑیوں کو نذر آتش کردیا۔ اطلاعات کے مطابق فاٹا انضمام مخالف تحریک نے گزشتہ روز درہ آدم خیل میں واقع ٹھیکلیل وال پولنگ سٹیشن پر یلغار کردی اور توڑ پھوڑ' جلاؤ گھیراؤ اور فائرنگ کرتے ہوئے ووٹوں اور انتخابی مواد کو نذر آتش کردیا جبکہ فائرنگ کی زد میں آکر ایک نوجوان اشفاق ولد نور اسلم سکنہ کی خیل اخوروال درہ آدم خیل جاں بحق ہوگیا اور دو دیگر زخمی ہوگئے۔ دونوں زخمیوں کو تشویشناک حالت میں پشاور منتقل کردیا گیا۔ اطلاعات کے مطابق نامعلوم شرپسندوں نے بوستی خیل اور اخوروال میں قائم پولنگ سٹیشنوں پر بھی حملہ کر دیا اور زبردست توڑ پھوڑ کی۔ یاد رہے کہ ڈھائی سال قبل 2021 میں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کے موقع پر بھی فاٹا انضمام تحریک کے مخالف سینکڑوں کارکنوں نے پولنگ سٹیشنوں کو آگ لگائی تھی۔

بقیہ بقیہ جات 58

آر او آفس ظفروال سے حراست میں لیا گیا ہے اس سے قبل ممتاز اکبر عزیز کا دعویٰ سامنے آیا تھا کہ دانیال عزیز واضح برتری سے جیت چکے ہیں، این اے 75 کے 75 پولنگ اسٹیشنز کا رزلٹ نہیں مل رہا۔ اہلیہ دانیال عزیز نے کہا تھا کہ آر او کا کہنا ہے کہ عملہ سامان لے کر نہیں پہنچا، رزلٹ کہاں سے دیں، آر او کا کہنا ہے کہ 75 پولنگ اسٹیشنز کا رزلٹ ابھی تک نہیں پہنچا۔ یاد رہے کہ گزشتہ روز شکر گڑھ پولیس نے این اے 75 سے آزاد امیدوار دانیال عزیز کو گرفتار کرکے نامعلوم مقام پر منتقل کر دیا تھا۔ ناکے پر دانیال عزیز کو روکا اور زبردستی گاڑی میں ڈالا گیا اور تشدد کا نشانہ بھی بنایا گیا۔ واضح رہے کہ دانیال عزیز مسلم لیگ ن کی جانب سے ممبر قومی اسمبلی رہ چکے ہیں تاہم الیکشن 2024 میں پارٹی کی جانب سے ٹکٹ نہ ملنے پر انہوں نے آزاد الیکشن لڑنے کا فیصلہ کیا تھا۔

بقیہ بقیہ جات 59

اسرائیلی فوج نے مغربی کنارے کے شہر تلکرم کے قریب نورشمس پناہ گزین کیمپ پر چھاپے کے دوران ایک گھر کا گھیرا کر کے اندھا دھند فائرنگ شروع کردی۔ اسرائیلی فوج کے مطابق ایک گھر پر چھاپے کے دوران ایک مسلح شخص نے فوجیوں پر فائرنگ کردی جسے جوابی فائرنگ میں ہلاک کردیا گیا۔ اسرائیلی فوج کا کہنا تھا کہ گھر میں موجود دو دیگر مسلح افراد سے 4 گھنٹے تک مقابلہ جاری رہا جس کے دوران دونوں کو فائرنگ کرکے ہلاک کردیا گیا۔ اس طرح مرنے والوں کی تعداد 3 ہوگئی۔ فلسطینی وزارت صحت کا کہنا تھا کہ جن دو افراد کو فائرنگ کا نشانہ بنایا گیا وہ گھر کے اندر موجود نہیں تھے ان کی لاشیں گھر سے باہر سے ملی ہیں۔ اسرائیل نے اس گھر پر میزائل داغے اور جاتے ہوئے گھر کے بڑے حصے کو منہدم کردیا۔

بقیہ بقیہ جات 60

78 کے نتائج میں ردوبدل کیا گیا ہے۔ تیمور سلیم جھگڑا نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم 6 امیدوار ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر کے دفتر آئے ہوئے ہیں، ڈی آر او کے دفتر میں داخل نہیں ہونے دیا جارہا۔

بقیہ بقیہ جات 61

کا جشن منانے کا سلسلہ جاری ہے۔ سرگودھا میں غیر سرکاری غیر حتمی نتائج کے مطابق سرگودھا کے قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 82 سرگودھا ون سے مسلم لیگ ن کے امیدوار سابق ایم این اے ڈاکٹر مختار احمد بھرتھ 21 ہزار 365 ووٹوں کی برتری سے پیلز پارٹی کے ندیم افضل چن کو شکست دے کر کامیاب قرار پائے جن کے چھوٹے بھائی صہیب احمد بھرتھ مسلم لیگ ن کے ٹکٹ پر صوبائی حلقہ پی پی 71 سے 6 ہزار 39 ووٹوں کی برتری سے تحریک انصاف کے چیئرمین عمران خان کے وکیل آزاد امیدوار نعیم حیدر پنجھوتہ کو شکست دے کر رکن پنجاب اسمبلی کامیاب قرار پائے۔ اس طرح دونوں حقیقی بھائی رکن قومی وصوبائی اسمبلی منتخب ہوگئے۔

بقیہ بقیہ جات 62

48 سے آزاد امیدوار مصطفیٰ نواز کھوکھر نے اپنی شکست تسلیم کرلی۔ سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے بیان جاری کرتے ہوئے کہا کہ یہ کہنے میں کوئی عار نہیں کہ اپنی شکست کھلے دل سے تسلیم کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ افسوس ہوا کہ پی ٹی آئی امیدوار علی بخاری کو حلقہ 48 اسلام آباد کی سیٹ ہرا دی گئی جبکہ وہ واضح جیتے ہوئے تھے، یہ بدترین دھاندلی اور آگ سے کھیلنے کے مترادف ہے۔ انہوں نے کہا کہ جن موصوف کو نتیجہ بدل کر این اے 48 سے جتایا گیا وہ دوڑ میں کہیں بھی نہ تھے۔ ان کا کہنا ہے کہ شعیب شاہین بھی حلقہ 47 سے واضح برتری کے ساتھ جیت چکے ہیں لیکن نتائج شعیب شاہین کے حوالے نہیں کیے جارہے۔

بقیہ بقیہ جات 63

پاکستان پارٹی کے سربراہ جہانگیر ترین 71128 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ آئی پی پی کے سربراہ جہانگیر ترین حلقہ این اے 149 سے بھی ہار گئے۔ این اے 149 کے غیر حتمی وغیر سرکاری نتائج کے مطابق تحریک انصاف کے حمایت یافتہ آزاد امیدوار ملک عامر ڈوگر 143613 ووٹ لے کر کامیاب قرار پائے جبکہ سربراہ استحکام پاکستان پارٹی جہانگیر خان ترین 50166 ووٹ ہی لے سکے۔ پیپلز پارٹی کے رضوان ہانس 14625 ووٹ لے کر تیسرے نمبر پر رہے۔

بقیہ بقیہ جات 64

میں جانا ہے یا پی ٹی آئی میں رہیں۔ بیرسٹر گوہر نے بتایا کہ ابھی کسی جماعت کے ساتھ اتحاد کا فیصلہ نہیں ہوا، ہم انٹرا پارٹی الیکشن کرائیں گے، نوٹیفکیشن بھی جاری کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ عام انتخابات کی وجہ سے انٹرا پارٹی الیکشن ملتوی کیا، عام انتخابات کے بعد انٹرا پارٹی الیکشن بھی کرائیں گے۔ بیرسٹر گوہر نے کہا کہ امید ہے صبح 10 بجے سے پہلے سارے نتائج آجائیں گے، کوشش کریں گے پارلیمنٹ کا حصہ رہیں۔ انہوں نے کہا کہ جو بھی مسائل ہیں پارلیمنٹ کے پلیٹ فارم سے حل کریں گے، جمہوریت، معیشت کے لیے سب سے بات کریں گے۔ بیرسٹر گوہر علی خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور ن لیگ سے اتحاد نہیں ہوسکتا، دیگر پارٹیوں سے اتحاد کے لیے پارٹی میں مشاورت کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 65

نے قومی اسمبلی کے 13 حلقوں کے نتائج جاری کردیئے جس کے مطابق 5 آزاد امیدوار کامیاب ہوئے ہیں جبکہ ن لیگ اور پیپلز پارٹی نے 4، 4 سیٹیں جیتی ہیں۔ این اے 3 سوات 2 میں تمام 309 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق آزاد امیدوار سلیم رحمٰن 81411 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے واجد علی خان 27861 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 17 ایبٹ آباد 2 میں تمام 324 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق آزاد امیدوار علی خان جدون 91177 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئے جبکہ پیپلز پارٹی کے سلیم شاہ 16362 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر ہیں۔ این اے 25 چارسدہ 2 میں تمام 392 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتائج کے مطابق آزاد امیدوار فضل محمد خان نے ایک لاکھ 713 ووٹ لے کر میدان مارلیا جبکہ عوامی نیشنل پارٹی کے ایمل ولی خان 67876 ووٹ لے سکے۔ این اے 30 پشاور 3 میں تمام 267 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق آزاد امیدوار شاندانہ گلزار خان 78971 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئیں، جمعیت علمائے اسلام کے ناصر خان 20950 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 121 لاہور 5 میں تمام 299 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق آزاد امیدوار وسیم قادر 78703 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے اور انہوں نے مسلم لیگ ن کے شیخ روحیل اصغر کو شکست دی، لیگی امیدوار 70597 ووٹ لینے میں کامیاب ہوئے۔ این اے 55 راولپنڈی 4 میں تمام 311 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق مسلم لیگ ن کے ابرار احمد 78542 ووٹ لے کر کامیاب ہو گئے جبکہ آزاد امیدوار محمد بشارت راجہ 67101 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 58 چکوال ایک میں تمام 459 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے طاہر اقبال ایک لاکھ 15 ہزار 974 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے اور ان کے مدمقابل آزاد امیدوار ایاز میر 102537 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 59 تلاگنگ چکوال میں تمام 467 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے سردار غلام عباس 141680 ووٹ لے کر کامیاب ہو گئے اور آزاد امیدوار رومان احمد 129116 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر ہیں۔ این اے 123 لاہور 7 میں تمام 222 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق مسلم لیگ (ن) کے صدر و سابق وزیراعظم شہباز شریف نے 63953 ووٹ لے کر میدان مارلیا ہے اور آزاد امیدوار افضال عظیم پاہٹ 48486 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 195 لاڑکانہ 2 میں تمام 358 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق پیپلز پارٹی کے نظیر احمد بھگیو 133830 ووٹ لے کر کامیاب ہو گئے جبکہ گرینڈ ڈیموکریٹک الائنس کے صفدر علی عباسی 48893 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 195 لاڑکانہ 2 میں تمام 367 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق پیپلز پارٹی کے علی گوہر خان 154832 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے ہیں جبکہ جمعیت علمائے اسلام کے عبدالقیوم 40204 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر ہیں۔ این اے 216 مٹیاری میں تمام 320 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتیجے کے مطابق پیپلز پارٹی کے مخدوم جمیل الزماں 124536 ووٹ لے کر کامیاب ہوگئے جبکہ مسلم لیگ ن کے بشیر احمد 80439 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر رہے۔ این اے 225 ٹھٹھہ میں تمام 425 پولنگ سٹیشنز کے غیر سرکاری وحتمی نتائج کے مطابق پیپلز پارٹی کے صادق علی میمن 14077 ووٹ لے کر کامیاب ہوئے ہیں جبکہ مسلم لیگ ن کے رسول بخش جاکھرو 28899 ووٹ لے کر دوسرے نمبر پر ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 66

مکمل کر لیا ہے جو جدید شمسی توانائی کی سہولیات سے لیس ہیں۔ 2022 تک پاکستان کی شمسی توانائی سے چلنے والی مجموعی صلاحیت 1.24 گیگاواٹ تھی جو 2021 کے مقابلے میں 17 فیصد اضافہ ہے۔ حکومت نے ملک میں شمسی توانائی کا حصہ بڑھانے کے لئے بہت سے اقدامات تجویز کیے ہیں، اب تک پاکستان کی شمسی توانائی کی مارکیٹ 49.68 فیصد کی کمپاؤنڈ سالانہ شرح نمو (سی اے جی آر) پر بڑھنے کا تخمینہ ہے جو 2023 میں 1.30 گیگا ٹن سے بڑھ کر 2028 میں 9.77 گیگا ٹن ہوجائے گی۔ سینٹرل ایشیا ریجنل اکنامک کوآپریشن پروگرام کے مطابق بلوچستان کے حوالے سے پاکستان کی مجموعی تکنیکی توانائی 2900 گیگاواٹ اور 340 گیگاواٹ ہے۔ گوادر پرو کے مطابق مزید برآں، بلوچستان 5-10 سالوں میں کم لاگت والے راستوں کے ذریعے 14 گیگاواٹ سے زیادہ قابل تجدید توانائی کو نافذ کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے، جس میں 9،500 سے 11،500 میگاواٹ کے پی وی یوٹیلٹی اسکیل پلانٹس بھی شامل ہیں۔ بلوچستان کا جغرافیہ، تابکاری اور محل وقوع اسے قابل تجدید توانائی کے حوالے سے پاکستان کے سب سے زیادہ امکانات والے صوبوں میں سے ایک بناتا ہے۔ گوادر پرو کے مطابق دیہی رہائشیوں کے لئے قابل اعتماد بجلی کی رسائی کو بڑھانے کے لئے شمسی پیداوار کے ساتھ جوڑے گئے ڈی سینٹرلائزڈ مائیکرو گرڈز کا استعمال کیا جاسکتا ہے۔ اگرچہ مائیکرو گرڈ عام طور پر صرف بنیادی بجلی (اعلیٰ معیار کی روشنی اور موبائل فون کی چارجنگ) فراہم کرتے ہیں، لیکن یہ طویل مدت میں کافی کم لاگت پر متعدد گھروں کے لئے ایسا کرنے کے قابل ہے۔ ایک اندازے کے مطابق بلوچستان کا 36 فیصد حصہ بجلی سے آراستہ ہے لہذا اس جوڑے میں صوبے کے لیے بے پناہ صلاحیت موجود ہے۔ مستقبل میں یہ صوبہ ملک میں شمسی توانائی کی ترقی کا سب سے بڑا مرکز بننے کے لئے تیار ہے۔ بین الاقوامی توانائی ایجنسی (آئی ای اے) نے حال ہی میں بتایا ہے کہ شمسی توانائی پہلی بار روایتی تیل کے مقابلے میں زیادہ سرمایہ کاری کو راغب کرنے کے لئے تیار ہے۔ 2023 میں شمسی صنعت میں اوسطاً ایک ارب ڈالر یومیہ (سال کے لیے 380 ارب ڈالر) کی سرمایہ کاری کی جا رہی ہے، جو پہلی بار تیل کی پیداوار میں سرمایہ کاری (سال کے لیے 370 ارب ڈالر) سے زیادہ ہے۔ ایسے پس منظر میں پاکستان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے، پاکستان ایک اہم موڑ پر کھڑا ہے، "صاف توانائی کی ٹیکنالوجی کی مسلسل تزئین و آرائش کے ذریعے، نہ صرف شمسی توانائی بلکہ ہم پائیدار اور صاف توانائی کے مستقبل کو محفوظ بنا سکتے ہیں جبکہ قابل تجدید توانائی کے ذرائع کی طرف عالمی منتقلی کے ساتھ آنے والے معاشی فوائد سے فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ یقیناً پاک چین اقتصادی راہداری (سی پیک) نے دونوں ممالک کے درمیان شمسی توانائی کے شعبے میں تعاون کو فروغ دینے میں بھی اہم کردار ادا کیا ہے، ہم صنعت میں قائدانہ کردار ادا کرنے جارہے ہیں، سی پیک کو سبز راہداری بنانے جا رہے ہیں۔

بقیہ بقیہ جات 67

سینئر رہنما اور سابق وفاقی وزیر خواجہ سعد رفیق کو سردار لطیف کھوسہ نے بڑے مارجن سے شکست دے دی جس پر لیگی رہنما نے مخالف فاتح آزاد امیدوار کو مبارکباد دی۔ این اے 122 سے آزاد امیدوار سردار لطیف کھوسہ ایک لاکھ 17 ہزار 109 لیکر کامیاب ہوئے جبکہ مسلم لیگ (ن) کے امیدوار خواجہ سعد رفیق 77 ہزار 907 ووٹ لیکر دوسرے نمبر پر رہے۔ غیر سرکاری، غیر حتمی نتائج سامنے آتے ہی سعد رفیق نے لطیف کھوسہ کو مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا پلیٹ ایکس پر جاری اپنے بیان میں سعد رفیق نے کہا کہ سردار لطیف کھوسہ صاحب کو دلی مبارکباد دی، عوامی فیصلے پر خوش دلی سے سرتسلیم خم کرتا ہوں۔ انہوں نے کہا کہ اللہ آنیوالی پارلیمان کو متحد ہوکر قومی بحرانوں پر قابو پانیکی توفیق دے۔ سعد رفیق کی جانب سے کھلے دل سے فیصلے کو تسلیم کرنے اور مخالف امیدوار کو مبارک دینے پر دیگر سیاسی جماعت کے رہنما بھی ان لیگی رہنما کی تعریف کی۔ پی ٹی آئی کی سابق سیاسی رہنما اور سابق وفاقی وزیر شیریں مزاری نے ٹوئٹ کرتے ہوئے خواجہ سعد کی جانب سے شکست تسلیم کرنے اور جمہوری عمل کے نتائج کو قبول کرنے پر انہیں سراہا۔ پاکستان تحریک انصاف کے آفیشل ٹوئٹر اکاؤنٹ سے بھی خواجہ سعد کے اس عمل کو سراہا گیا اور طنز کرتے ہوئے کہا کہ امید ہے ان کے لیڈر بھی لیگی رہنما کے اس عمل کو فالو کریں گے۔

بقیہ بقیہ جات 68

کا نفاذ 19 جولائی 2023 سے ہوگا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت داخلہ کی سفارش پر نادرا کے آڈٹ کے لیے اسٹیٹ بینک کی جانب سے جاری کردہ کیٹیگری A کی آڈٹ فرم کی خدمات کے حصول کے لیے اوپن بڈنگ کی منظوری دے دی۔ اس فیصلے سے وفاقی کابینہ کے 2019 میں کیے گئے فیصلے میں ترمیم کی گئی جس کے مطابق نادرا کے آڈٹ کے لیے صرف چار بڑی و معروف آڈٹ فرمز کی خدمات حاصل کی جاسکتی تھیں۔ کابینہ کو بتایا گیا نادرا کے آڈٹ کو مزید موثر، شفاف اور بین الاقوامی معیار پر لانے کے لیے ضروری ہے کہ اسٹیٹ بینک میں کیٹیگری A میں رجسٹرڈ تمام آڈٹ فرمز کو نادرا کے آڈٹ کے لیے یکساں مواقع فراہم کئے جائیں۔ وفاقی کابینہ نے وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن کی سفارش پر "سائبر سیکیورٹی فار ڈیجیٹل پاکستان" کے منصوبے کو بطور "قومی کمپیوٹر ایمرجنسی ریسپانس ٹیم" نامزد کرنے کی منظوری دے دی۔ کابینہ کو بتایا گیا کہ سائبر سکیورٹی فار ڈیجیٹل پاکستان کا منصوبہ قومی ترقیاتی بجٹ میں شامل اور اس پر کام پہلے سے جاری ہے۔ وفاقی کابینہ کو اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کی روشنی میں سی ڈی اے ملازمین کو پلاٹوں کی الاٹمنٹ کی پالیسی پیش کی گئی۔ اسلام آباد ہائی کورٹ کے فیصلے کے مطابق سی ڈی اے کو اس بات کا تعین کرنا تھا کہ ملازمین کو رعایتی نرخوں پر دینے سے سی ڈی اے کی آمدن میں کیا فرق آئے گا۔ وزیراعظم نے ہدایت کی کہ پلاٹوں کی الاٹمنٹ میں قیمتی زرعی اراضی کا استعمال کرنے کی بجائے عمودی عمارتوں کی تعمیر پر توجہ دی جائے تاکہ زیادہ سے زیادہ لوگوں کو گھر مہیا ہوسکیں اور جلد از جلد اس ضمن میں پالیسی وضع کی جائے۔ کابینہ نے الاٹمنٹ کی پیش کردہ پالیسی پر فیصلہ مؤخر کردیا۔ وفاقی کابینہ نے وزارت امور کشمیر و گلگت بلتستان کی سفارش پر ActAdaptation کے سیکشن 5(2) میں ترمیم کرنے کی منظوری دے دی۔ اس ترمیم کے تحت اس سیکشن میں آزاد جموں وکشمیر کونسل کی جگہ آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر کے الفاظ کا استعمال کیا جائے گا

کراچی: خاتون اول بیگم ثمینہ علوی ووٹ کاسٹ کررہی ہیں

پیپلز پارٹی نے انٹرنیٹ موبائل سروس کی بندش کے خلاف الیکشن کمیشن میں پٹیشن جمع کرادی

پیپلز پارٹی کے وکلا اس معاملے پر لاہور ہائیکورٹ میں بھی پٹیشن جمع کرائیں گے، انتخابات کے دن انٹرنیٹ اور موبائل نیٹ ورکس کی بندش پر تشویش ہے، یہ عمل جمہوریت اور انتخابی عمل کی نفی کرے گا، شیری رحمان

پولنگ ایجنٹس اپنی شکایات ہم تک کیسے پہنچائیں گے؟، اس موقع پر الیکشن کمشن پنجاب آفس جانے والے پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے صوبائی دفتر کے باہر احتجاج کرتے ہوئے نعرے بازی کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) پیپلز پارٹی کی نائب صدر ،سینیٹر شیری رحمان نے انٹرنیٹ اور موبائل سروس کی بندش کے خلاف الیکشن کمیشن لاہور میں پٹیشن جمع کرا دی، پٹیشن جمع کرانے کے کے موقع ہر امجد حسین ایڈوکیٹ اور ملائکہ رضا بھی انکے ہمراہ تھیں۔اس موقع پر شیری رحمٰن نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے وکلا اس معاملے پر لاہور ہائیکورٹ میں بھی پٹیشن جمع کرائیں گے۔انتخابات کے دن انٹرنیٹ اور موبائل نیٹ ورکس کی بندش پر تشویش ہے، یہ عمل جمہوریت اور انتخابی عمل کی نفی کرے گا۔انہوں نے کہا کہ الیکشن کے دن پر رابطہ لازم ہوتا ہے، پارٹی اور امیدوار کو پولنگ ایجنٹس سے رابطہ رکھنا ہوتا ہے، ہمارا سارا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 28)

اسلام آباد: آئی سی سی پی او ڈاکٹر اکبر خان میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

موبائل فون اور انٹرنیٹ کی بندش سے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن ہرگز مایوس نہ ہوں، سینیٹر تاج حیدر

بلاول بھٹو زرداری کو وزیراعظم بنانے کے لیے کارکن تیر پر مہر لگائیں

پولنگ کے روز موبائل فون اور انٹرنیٹ کی بندش کا کوئی جواز نہیں ، بیان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) انچارج سینٹرل الیکشن سیل پیپلز پارٹی سینیٹر تاج حیدر نے کہا ہے کہ موبائل فون اور انٹرنیٹ کی بندش سے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن ہرگز مایوس نہ ہوں ۔ اپنے بیان میں سینیٹر تاج حیدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکن اپنے اپنے پولنگ اسٹیشنز پر پہنچیں اور ووٹ کاسٹ کریں۔سینیٹر تاج حیدر نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری کو وزیراعظم بنانے کے لیے کارکن تیر پر مہر لگائیں ، پولنگ کے روز موبائل فون اور انٹرنیٹ کی بندش کا کوئی جواز نہیں ۔ انہوں نے کہا کہ امن وامان برقرار رکھنے کیلئے سیکیورٹی کے سخت انتظامات کئے جاسکتے ہیں۔موبائل فون اور انٹرنیٹ کی بندش سے پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکن ہرگز مایوس نہ ہوں ۔ اپنے بیان میں سینیٹر تاج حیدر نے کہا کہ پیپلز پارٹی کے کارکن اپنے اپنے پولنگ اسٹیشنز پر پہنچیں اور ووٹ کاسٹ کریں۔

موبائل فون بند کر کے بھی لوگ ووٹ پول نہ کر سکے، پولیس رکاوٹ بن گئی

پولیس کے پاس نہ ٹیلی فون باہر رکھنے کا بندوبست تھا نہ شہریوں کو سادہ بٹنوں والے فون بند کرکے اپنے پاس رکھنے کی اجازت دی گئی

کراچی کمپنی جی نائن ٹو کے پولنگ سٹیشن نمبر تین پر پولیس سے کافی بحث وتکرار کے بعد شہری بغیر ووٹ پول کئے گھروں کو روانہ ہوگئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) اسلام آباد کے سیکٹر جی نائن ٹو کے پولنگ سٹیشن نمبر دو میں پولیس اہلکار ووٹ ڈالنے میں رکاوٹ بن گئے۔شہریوں کو سادہ بٹنوں والے فون بھی پاس رکھنے کی اجازت نہ مل سکی۔بعض شہریوں نے کہا کہ ہم پرائیوٹ ملازم ہیں ووٹ کاسٹ کر کے ہم نے ڈیوٹی پر جانا ہے یہ سادہ فون ہے پانچ منٹ آپ اپنے پاس رکھ لیں پھر بھی نہ مانے ،فون باہر رکھنے کیلئے بھی کوئی انتظامات نہیں ،اور نہ ہی فون آف کر کے اپنے پاس رکھنے کی اجازت دی جس کے باعث کئی ووٹر بغیر ووٹ دیئے گھروں کو واپس روانہ ہو گئے۔شہریوں نے پولیس اہلکاروں سے کافی بحث وتکرار کیا کہ ٹیلی فون آپ اپنے پاس رکھ لیں لیکن پولیس (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 35)

چارسدہ: اے این پی کے صوبائی صدر نامزد امیدوار این اے 25 ایمل ولی خان بیلٹ پیپر حاصل کررہے ہیں

جھنگ، پولنگ اسٹیشن پر نامعلوم افراد کا دھاوا، بیلٹ باکس اٹھا کر فرار، باکس میں 500 سے زائد ووٹ کی پرچیاں موجود تھیں، پریذائیڈنگ آفیسر

جھنگ (بیورو رپورٹ) نامعلوم افراد جھنگ کے صوبائی حلقہ پی پی 127 کے پولنگ اسٹیشن پر دھاوا بول کر بیلٹ باکس اٹھا کر فرار ہوگئے۔جھنگ میں پولنگ کے دوران مسلح افراد نے پولنگ سٹیشن پر دھاوا بولا اور وہاں موجود بیلٹ بکس اٹھا کر لے گئے جبکہ مسلح افراد کی جانب سے پریذائیڈنگ آفیسر کو بھی تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔نجی ٹی وی کے مطابق ہنگامے کی اطلاع ملنے پر ڈسٹرکٹ ریٹرننگ آفیسر اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 34)

ایم کیو ایم کے رہنماؤں فاروق ستار اور آسیہ اسحٰق نے ووٹ کاسٹ کردیئے

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی کے حلقے این اے 238 میں ایم کیو ایم رہنما فاروق ستار نے اپنا ووٹ کاسٹ کر دیا۔فاروق ستار (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 36)

نواز شریف، یاسمین راشد کے حلقے میں کئی پولنگ اسٹیشنز پر ووٹنگ کا عمل تاخیر سے شروع ہوا

لاہور (سٹاف رپورٹر) پولنگ ایجنٹس کی عدم موجودگی کے باعث این اے 130 کے متعدد پولنگ اسٹیشنز پر ووٹنگ کا آغاز تاخیر سے ہوا۔لاہور کے حلقے این اے 130 سے سابق وزیراعظم نوازشریف اور پی ٹی آئی کی حمایت یافتہ امیدوار ڈاکٹر یاسمین راشد مدمقابل تھے۔ایک پولنگ اسٹیشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 37)

وزارت مذہبی امور نے ضلع سرگودہا کے عازمین حج کو مناسک حج کی تربیت کا شیڈول جاری کر دیا گیا

سرگودہا (بیورو رپورٹ) وزارت مذہبی امور نے ضلع سرگودہا کے عازمین حج کو مناسک حج کی تربیت کا شیڈول جاری کر دیا گیا۔(باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 38)

گزشتہ 8 انتخابات میں سے 6 انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی شرح 50 فیصد سے کم رہی

صرف 2013 اور 2018 کے انتخابات میں ووٹنگ کا تناسب 50 فیصد سے اوپر گیا‘ رپورٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) گزشتہ آٹھ انتخابات میں سے 6 انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی شرح 50 فیصد سے کم رہی۔رپورٹ کے مطابق صرف 2013 اور 2018 کے انتخابات میں ووٹنگ کا تناسب 50 فیصد سے اوپر گیا۔1997ء کے انتخابات میں ووٹ ڈالنے کی شرح سب سے کم 36 فیصد رہی۔رپورٹ کے مطابق 2013ء کے الیکشن میں ووٹنگ کا تناسب سب سے زیادہ 54 فیصد رہا، 2018 کے انتخابات میں بھی ووٹنگ ٹرن آؤٹ 50 فیصد سے زیادہ 52 فیصد رہا۔

انٹرنیٹ اور موبائل فون بند ہونا تشویش کی بات ہے، فاروق ستار

پی این ٹی کالونی سیکنڈری اسکول میں جعلی ووٹ ڈلوائے جا رہے ہیں،

کراچی (بیورو رپورٹ) سینئر ڈپٹی کنوینر متحدہ قومی موومنٹ پاکستان فاروق ستار نے کہا ہے کہ انٹرنیٹ اور موبائل فون بند ہونا تشویش کی بات ہے۔میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاروق ستار نے کہا کہ الیکشن کو متنازع بنایا جارہا ہے الیکشن کمیشن نوٹس لے۔انہوں نے کہا کہ سندھ کے تمام شہروں میں الیکشن نہیں ریفرنڈم ہے، ایم کیو ایم چھینی گئی تمام سیٹیں واپس لے گی، ہم سے چھینی گئی سیٹوں پر جیتنے اور جتوانے والے پریشان تھے۔فاروق ستار نے الزام لگایا ہے کہ پی این ٹی کالونی سیکنڈری اسکول میں جعلی ووٹ ڈلوائے جارہے ہیں، الیکشن کمیشن اس دھاندلی کا فوری نوٹس لے۔انہوں نے کہا کہ انتظامیہ سے اپیل (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 33)

سکھر، پریزائیڈنگ افسر ڈیوٹی چھوڑ کر چلے گئے

پریزائیڈنگ افسران کی واپسی کے بعد پولنگ کا عمل شروع ہوا ہے، پتہ کر رہے ہیں

سکھر (مانیٹرنگ ڈیسک) سکھر کے حلقے این اے 200 کے پولنگ اسٹیشنز نمبر 3 اور 4 میں پریزائیڈنگ افسر ڈیوٹی چھوڑ کر چلے گئے۔پریزائیڈنگ افسران کے جانے کے باعث پولنگ کا عمل 4 گھنٹے رکا رہا۔ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسر کے نوٹس کے بعد پولیس پریزائیڈنگ افسران کو واپس لے آئی اس حوالے سے ڈی آر او فیاض مہیسر کا کہنا ہے کہ پریزائیڈنگ افسران کی واپسی کے بعد پولنگ کا عمل شروع ہوا ہے، پتہ کر رہے ہیں پریزائیڈنگ افسران ڈیوٹی چھوڑ کر کیوں گئے تھے۔ڈی آر او نے کہا کہ ضلع بھر میں پرامن طریقے سے پولنگ کا عمل جاری رہی۔

الیکشن کمیشن کی مبصرین اور میڈیا کے حوالے سے ہدایات

پریزائیڈنگ افسران کو اجازت نامے کے حامل آبزرورز اور میڈیا کو پولنگ اسٹیشن میں داخلے سے نہ روکنے کی ہدایت

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے مبصرین اور میڈیا کے حوالے سے ہدایات جاری کر دیں جس کے مطابق ایکریڈیشن کارڈ یا اجازت نامے کے حامل تمام مبصرین اور میڈیا کو پولنگ اسٹیشن کے اندر جانے کی اجازت مل گئی۔ایک بیان میں الیکشن کمیشن نے کہا کہ ایکریڈیشن کارڈ الیکشن کمیشن کے ترجمان اور ڈسٹرکٹ ریٹرننگ افسران کی طرف سے جاری کیے گئے ہیں۔الیکشن کمیشن نے پریزائیڈنگ افسران کو اجازت نامے کے حامل آبزرورز اور میڈیا کو پولنگ اسٹیشن میں داخلے سے نہ روکنے کی ہدایت کی ہے۔

دو حلقوں کے تین پولنگ اسٹیشنوں پر پولنگ کا وقت بڑھا دیا

گجرات (مانیٹرنگ ڈیسک) الیکشن کمیشن نے گجرات کے 3 پولنگ اسٹیشنوں پر پولنگ کا وقت بڑھا دیا۔نجی ٹی وی نے ترجمان الیکشن کمیشن کے حوالے سے بتایا کہ پولنگ کا وقت (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 29)

ووٹنگ کا عمل ختم ہونے کے بعد سیاسی قیادت، امیدوار حامیوں کے ہمراہ ٹی وی کے سامنے بیٹھ گئے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ووٹنگ کا مرحلہ ختم ہونے کے بعد سیاسی جماعتوں کی قیادت اور امیدوار اپنے حامیوں کے ہمراہ ٹی وی کے آگے بیٹھ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 31)

ہمایوں اختر خان کے لیگی امیدوار پر دھاندلی کے الزامات، پولنگ روک دی گئی

فیصل آباد / تاندلیانوالہ (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 97 سے استحکام پاکستان پارٹی کے امیدوار ہمایوں اختر خان نے مسلم لیگ (ن) کے امیدوار علی گوہر بلوچ پر دھاندلی کے الزامات عائد کردیئے۔پولنگ اسٹیشن نمبر 223 اور 224 پر دھاندلی کے الزام کے بعد پولنگ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 32)

پیپلز پارٹی کے کارکنوں کا انٹرنیٹ کی بندش کیخلاف الیکشن کمیشن کے باہر احتجاجی مظاہرہ

لاہور (سٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے کارکنوں نے انٹرنیٹ کی بندش کے خلاف الیکشن کمیشن کے دفتر کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا۔کارکنان انٹرنیٹ کنٹرول الیکشن نامنظور، بحال (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 39)

بارات سے قبل دولہا ووٹ دینے پولنگ اسٹیشن پہنچ گیا

ملتان (بیورو رپورٹ) پولنگ اسٹیشن پر اس وقت دلچسپ صورتحال بنی جب ایک دولہا ووٹ ڈالنے پہنچ گیا۔پنجاب کے شہر ملتان میں ندیم عباس نامی دولہا اپنی شادی کے روز اپنا حق (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 40)

شہباز شریف نے این اے 128 لاہور میں ووٹ کاسٹ کیا

ایسی حکومت معرض وجود میں آئے جو پاکستان میں محبت اور خیر سگالی جذبات کے پھول نچھاور کرے

یہ عظیم دھرتی محبت ویگانگت سے ہی سرسبز ہوگی، انشا اللہ اس دھرتی سے خوشحالی کے شگوفے پھوٹیں گے، گفتگو

اس وقت ملک میں دراڑیں اور تقسیم پڑ گئی ہے اس کو ختم کریں گے

لاہور (سٹاف رپورٹر) سابق وزیر اعظم اور مسلم لیگ (ن) کے صدر شہباز شریف نے حلقہ این اے 128 کے پولنگ سٹیشن نمبر 82 پر اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔اس موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شہباز شریف نے کہا کہ سکیورٹی کے حوالے سے تمام انتظامات مناسب ہیں، محنت کریں اور پاکستان کی خدمت کریں، نفرتیں دور کریں گے، ٹرانسپرنسی انٹرنیشنل نے ہماری کارکردگی کو سراہا ہے تو اس سے پاکستان کا وقار بڑھا ہے۔شہباز شریف نے کہا کہ دوبارہ عوام کی خدمت کا موقع دینا اللہ کے ہاتھ میں ہے، اس وقت ملک میں دراڑیں اور تقسیم پڑ گئی ہے اس کو ختم کریں گے۔شہباز شریف نے مزید کہا ہے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 30)

چار انتخابی حلقوں میں امیدواروں کی اموات کے باعث پولنگ ملتوی کی گئی

الیکشن کمیشن کے مطابق متعلقہ حلقوں میں الیکشن عام انتخابات کے بعد ہوں گے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چار انتخابی حلقوں میں امیدواروں کی اموات کے باعث پولنگ ملتوی کی گئی ہے۔تفصیلات کے مطابق پی کے 91 کوہاٹ 2 میں امیدوار عصمت اللہ خٹک کے انتقال کے باعث پولنگ نہیں ہوئی جبکہ این اے 8 باجوڑ، پی کے 22 باجوڑ 4 میں امیدوار ریحان زیب کی موت پر پولنگ نہیں ہوئی جبکہ پی پی 266 رحیم یار خان 12 میں امیدوار اسرار حسین کے انتقال پر الیکشن نہیں ہوا۔الیکشن کمیشن کے مطابق متعلقہ حلقوں میں الیکشن عام انتخابات کے بعد ہوں گے، الیکشن کے بعد ان حلقوں کے شیڈول کا اعلان ہو گا۔) چار انتخابی حلقوں میں امیدواروں کی اموات کے باعث پولنگ ملتوی کی گئی ہے۔

نوابشاہ: پی پی پی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی ہمشیرہ آصفہ بھٹو ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے آرہی ہیں

ملک بھر میں موبائل فون سروس بند کرنا دھاندلی کی ابتدا ہے، مصطفیٰ نواز کھوکھر

امیدواروں کا ایجنٹس اور انتخابی مشینری سے رابطہ کاٹنا زیادتی ہے، آزاد امیدوار کی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 47 اور 48 سے آزاد امیدوار مصطفیٰ نواز کھوکھر نے کہا ہے کہ ملک بھر میں موبائل فون سروس بند کرنا دھاندلی کی ابتدا ہے۔موبائل فون سروس کی معطلی کے فیصلے پر مصطفیٰ نواز کھوکھر نے اپنے بیان میں کہا کہ امیدواروں کا ایجنٹس اور (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 41)

الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی، ووٹ کاسٹ کرنے کی ویڈیوز سوشل میڈیا پر وائرل ہونے لگیں

فیصل آباد (بیورو رپورٹ) فیصل آباد میں الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی ،صوبائی حلقہ 112 میں ووٹر کی ووٹ کاسٹ کرنے کی ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ووٹر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 42)

چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے اپنا ووٹ لاہور میں کاسٹ کیا

پولنگ کے دوران امن وامان اور انتظامی امور کی سخت مانیٹرنگ کرنے کی ہدایات جاری

لاہور (سٹاف رپورٹر) چیف سیکرٹری پنجاب زاہد اختر زمان نے آٹھ فروری کو منعقد ہونے والے عام انتخابات میں اپنا ووٹ لاہور میں کاسٹ کیا۔انہوں نے جی او آر ٹو میں قائم پولنگ سٹیشن میں قومی اسمبلی کے حلقہ این اے 129 اور صوبائی اسمبلی کے حلقہ پی پی 171 کیلئے اپنا حق رائے (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 43)

جسٹس نعیم اختر افغان نے اپنی فیملی کے ہمراہ بلوچستان بوائے اسکاؤٹ پولنگ اسٹیشن پر اپنا ووٹ کاسٹ کیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) چیف جسٹس آف بلوچستان ہائی کورٹ جسٹس نعیم اختر افغان نے اپنی فیملی کے ہمراہ بلوچستان بوائے اسکاؤٹ پولنگ اسٹیشن پر اپنا ووٹ کاسٹ کر دیا۔ترجمان الیکشن کمیشن کے مطابق انہوں نے عوام سے درخواست (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 45)

موبائل فون بندش سے لگتا ہے کوئی غیر معمولی حالت بنی ہوئی ہے، مشاہد حسین سید

یہ الیکشن پراسس ہے اور یہ معمول کا دن ہے، انتظامات اچھے ہیں، سکون سے ووٹ کاسٹ کیا ہے، گفتگو

لیول پلیئنگ فیلڈ تو نہیں دی گئی، پھر بھی تیسری دنیا میں لوگوں کو ووٹ ڈالنے کا موقع ملتا ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے سینئر مشاہد حسین نے کہا ہے کہ موبائل فون بندش سے لگتا ہے کہ کوئی غیر معمولی حالت بنی ہوئی ہے۔ایک انٹرویو میں مشاہد حسین سید نے کہا کہ یہ الیکشن پراسس ہے اور یہ معمول کا دن ہے، انتظامات اچھے ہیں، سکون سے ووٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 44)

نگران صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد نے این اے 126 میں ووٹ کاسٹ کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران صوبائی وزیر ابراہیم حسن مراد نے حلقہ این اے 126 اور ذیلی حلقہ 167 میں اپنا ووٹ کاسٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 46)

لاہور: الیکشن کمشنر پنجاب اعجاز انور چوہان، لاہور محمد علی رندھاوا اور دیگر کے ہمراہ پولنگ کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں

یہ اہم نہیں کون اقتدار میں ہے، اہم ہے کہ اقتدار میں کیسے آئے؟ بریڈ شرمن

پاکستان کے استحکام کے لیے آزادانہ اور منصفانہ انتخابات ضروری ہیں، شیلا جیکسن

انتخابات پاکستانی عوام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہیں، امریکی رکن کانگریس کی گفتگو

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی رکن کانگریس شیلا جیکسن نے کہا ہے کہ پاکستان کے استحکام کے لیے آزادانہ اور منصفانہ انتخابات ضروری ہیں۔شیلا جیکسن نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ انتخابات پاکستانی عوام کے لیے ایک اہم سنگ میل ہیں۔علاوہ ازیں ڈیموکریٹک کانگریس مین بریڈ شرمن نے امریکی میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ یہ اہم نہیں کہ کون اقتدار میں ہے اہم ہے کہ اقتدار میں کیسے آئے؟ بریڈ شرمن نے کہا کہ امریکا دنیا بھر میں جمہوریت کا ساتھ دے رہا ہے، پاکستان میں منصفانہ اور آزادانہ انتخابات کی حمایت کرتے ہیں، اس بات سے قطع نظر کہ کون منتخب ہوتا ہے۔

2024 میں گزشتہ انتخابات کے مقابلے 4 کروڑ زیادہ بیلٹ پیپرز چھاپے گئے

موجودہ انتخابات کے لئے 26 کروڑ بیلٹ پیپرز چھاپے گئے اور ان کی چھپائی پر دو ہزار 170 ٹن کاغذ استعمال ہوا

بڑی وجہ انتخابی حلقوں میں امیدواروں کی تعداد میں اضافہ ہے جو 2018 کے انتخابات کے مقابلے میں ڈیڑھ سو گنا زیادہ ہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) الیکشن کمیشن کی جانب سے 2024 میں گزشتہ انتخابات کے مقابلے 4 کروڑ زیادہ بیلٹ پیپرز چھاپے گئے۔الیکشن کمیشن کی جانب سے 2018 میں ہونے والے عام انتخابات میں 22 کروڑ بیلٹ پیپرز چھاپے گئے جن کے لئے 800 ٹن سپیشل سکیورٹی کاغذ استعمال ہوا تھا جبکہ موجودہ انتخابات کے لئے 26 کروڑ بیلٹ پیپرز چھاپے گئے اور ان کی چھپائی پر دو ہزار 170 ٹن کاغذ استعمال ہوا جس کی بڑی وجہ انتخابی حلقوں میں امیدواروں کی تعداد میں اضافہ ہے جو کہ 2018 کے انتخابات (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 47)

عام انتخابات 2024، سرچ انجن گوگل نے اپنا ڈوڈل تبدیل کرلیا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) گوگل نے ملک میں ہونے والے عام انتخابات کے موقع پر خاص ڈوڈل جاری کر دیا۔تفصیلات کے مطابق گوگل پاکستان سمیت دنیا کے بہت سارے ممالک میں خاص دنوں اور اہم مواقع پر خصوصی ڈوڈل جاری کرتا ہے۔گوگل گزشتہ کئی سال سے دنیا بھر میں (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 53)

وزیر صحت پنجاب پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم کا چلڈرن ہسپتال لاہور کا تفصیلی دورہ

ہسپتال میں ری ویمپنگ کے منصوبے کا تفصیلی جائزہ، مریضوں کی عیادت، طبی سہولیات بارے دریافت کیا

لاہور (سٹاف رپورٹر) نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے چلڈرن ہسپتال لاہور کا تفصیلی دورہ کیا۔اس موقع پر وائس چانسلر یونیورسٹی آف چائلڈ ہیلتھ سائنسز پروفیسر ڈاکٹر مسعود صادق اور ایم ڈی پروفیسر ڈاکٹر ٹیپو سلطان بھی موجود تھے۔نگران صوبائی وزیر صحت پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے چلڈرن ہسپتال لاہور میں ری ویمپنگ کے منصوبے کا تفصیلی جائزہ لیا۔پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 52)

لاہور: پاک فوج کے جوان فول پروف سکیورٹی کیلئے ایک حساس پولنگ اسٹیشن کے باہر فرائض سرانجام دے رہے ہیں

انٹرنیٹ سروسز کی بندش سے آئی ٹی انڈسٹری کی برآمدات، سروسز کی خدمات کو شدید دھچکا لگا‘ نعمان سعید

لاہور (سٹاف رپورٹر) معروف پاکستانی ٹیک انٹرپرینیور ،سرمایہ کار اور انفارمیشن ٹیکنالوجی اسٹارٹ اپس کے سرپرست نعمان سعید نے مشاورت کے بغیر ملک بھر میں انٹرنیٹ سروسز کی بندش پر تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ اس اقدام (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 55)

سرگودھا، الیکشن کمیشن کے ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی، ووٹنگ کے دوران موبائل فون سے بیلٹ پیپرز کی تصاویر کھینچنے کا سلسلہ جاری رہا

سرگودھا (بیورو رپورٹ) سرگودھا میں الیکشن کمیشن کی ضابطہ اخلاق کے باوجود پولنگ اسٹیشنز کے اندر انتخابی عمل میں ووٹنگ کے دوران موبائل فون سے بیلٹ پیپرز کی تصاویر کھینچنے کا (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 56)

فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی‘ راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری

پولیس الیکشن ڈیوٹی میں مصروف ,24 گھنٹوں کے دوران 150 سے زائد وارداتیں

ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات‘ نقدی‘ قیمتی سامان‘ موبائل فونز‘ گاڑیاں‘ موٹرسائیکلیں چھین کر فرار ہوگئے

مکوآنہ (مانیٹرنگ ڈیسک) فیصل آباد شہر اور گردونواح میں ڈکیتی‘ راہزنی اور چوری کی وارداتوں کا سلسلہ جاری‘ پولیس الیکشن ڈیوٹی میں مصروف ,24 گھنٹوں کے دوران 150 سے زائد وارداتوں میں ڈاکوؤں اور چوروں کے گروہ لاکھوں کے زیورات‘ نقدی‘ قیمتی سامان‘ موبائل فونز‘ گاڑیاں‘ موٹرسائیکلیں چھین کر فرار ہو گئے، بڑھتی ہوئی وارداتوں پر شہری عدم تحفظ کا شکار ہو گئے، پولیس شہر بھر کی ناکہ بندیوں کے باوجود سماج دشمن عناصر کو پکڑنے میں ناکام ہو گئی۔تفصیلات کے مطابق سول لائن کے علاقہ پی ایم سی کالونی کی رہائشی نجمہ بی بی کے گھر کے تالے توڑ کر چور 77 لاکھ روپے 12 تولے کے طلائی زیورات اور دیگر سامان سمیت کر فرار ہو گئے۔گلبرگ کے علاقہ گرین ویو کالونی میں حنیف کی فیکٹری سے لاکھوں کا مال رکشہ پر لوڈ کر کے فرار ہو گئے ،مدینہ ٹاؤن کے علاقہ 204 چک کے پراپرٹی ڈیلر ناصر علی نے بتایا کہ اسکے گھر داخل ہونیوالے نامعلوم افراد نے 30 لاکھ کی نقدی اور سامان چوری کر لیا، خیابان کالونی کے علی ارشد کے گھر د (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 49)

وزیر صحت پنجاب جمال ناصر کو بغیر شناختی کارڈ ووٹ کاسٹ کرنے سے روک دیا گیا

ڈاکٹر جمال ناصر این اے 56 کے پولنگ اسٹیشن نمبر 289 پر ووٹ ڈالنے پہنچے تھے

راولپنڈی (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر کو بغیر شناختی کارڈ ووٹ کاسٹ کرنے سے روک دیا گیا۔نگران وزیر صحت پنجاب ڈاکٹر جمال ناصر این اے 56 کے پولنگ اسٹیشن نمبر 289 پر ووٹ ڈالنے پہنچے تھے جہاں پریزائیڈنگ افسر نے انہیں شناختی کارڈ نہ ہونے پر ووٹ ڈالنے سے روک دیا۔پریزائیڈنگ افسر کی جانب سے روکے جانے پر ڈاکٹر جمال ناصر شناختی کارڈ لینے کے لیے واپس گھر روانہ ہوگئے۔پریزائیڈنگ افسر کا کہنا تھا کہ شناختی کارڈ کے بغیر ووٹ پول نہیں ہوسکتا، ڈاکٹر جمال ناصر نے واٹس ایپ پر شناختی کارڈ کی کاپی دکھائی تھی۔

عالمی اور مقامی مارکیٹ میں سونے کی قیمت میں معمولی اضافہ

جیولرز کے مطابق آج مارکیٹ میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 400 روپے کا اضافہ ہوگیا

جس سے فی تولہ سونے کی نئی قیمت 2 لاکھ 15 ہزار 500 روپے ہوگیا، دوسری جانب دس گرام سونے کی قیمت 343 روپے بڑھ گئی

کراچی (سٹاف رپورٹر) عالمی مارکیٹ کے زیر اثر پاکستان میں بھی سونے کی قیمت میں معمولی اضافہ ہوگیا۔جیولرز کے مطابق آج مارکیٹ میں فی تولہ سونے کی قیمت میں 400 روپے کا اضافہ ہوگیا، جس سے فی تولہ سونے کی نئی قیمت 2 لاکھ 15 ہزار 500 روپے ہوگیا۔دوسری جانب دس گرام سونے کی قیمت 343 روپے بڑھ گئی، مارکیٹ میں 10 گرام سونا ایک لاکھ 84 ہزار 756 روپے کا ہوگیا جبکہ چاندی کی فی تولہ قیمت 2600 روپے پر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: الیکشن ڈیوٹی جاتے ہوئے روڈ حادثے کا شکار ہو کر وفات پانے والی خاتون پولیس اہلکار کی نماز جنازہ پورے اعزاز کے ساتھ ادا کی جارہی ہے

ووٹروں کو گھروں سے لانے کیلئے پرائیویٹ ٹرانسپورٹ استعمال کی جاتی رہی

ویگنیں، کیری ڈبے اور چنگ چی رکشے بک کرائے گئے، سارا دن گلی محلوں کے چکر کاٹتے رہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) ووٹروں کو گھروں سے لانے کیلئے پرائیویٹ ٹرانسپورٹ کا بھرپور استعمال دیکھا گیا۔تفصیلات کے مطابق مختلف حلقوں میں ویگنیں ،کیری ڈبے اور چنگ چی رکشے ووٹرز کو گھروں سے پولنگ اسٹیشنز لانے کیلئے گلی محلوں کے چکر کاٹتے رہے۔ٹرانسپورٹ پر سیاسی جماعتوں کے جھنڈے اور امیدواروں کے اسٹیکر زبھی چسپاں تھے ۔جب ڈرائیورز سے پوچھا گیا تو ان کا کہنا تھا کہ انہیں صرف یہ معلوم ہے کہ کس شخص نے معاوضہ دینا ہے اور وہ ہم نے پیشگی وصول کر لیا ہے۔ اس حوالے سے سیاسی جماعتوں اور آزاد امیدواروں سے پوچھا گیا تو انہوں نے کہا کہ ان کی طرف سے ایسا کوئی انتظام نہیں کیا گیا، ان کے سپورٹرز نے اپنے طور پر یہ انتظام کیا ہے۔ووٹروں کو گھروں سے لانے کیلئے پرائیویٹ ٹرانسپورٹ کا بھرپور استعمال دیکھا گیا۔تفصیلات کے مطابق مختلف حلقوں میں ویگنیں، کیری ڈبے اور چنگ چی رکشے ووٹرز کو گھروں سے پولنگ اسٹیشنز لانے کیلئے گلی محلوں کے چکر کاٹتے رہے

امیدواروں کی جانب سے پولنگ ایجنٹس کی ذمہ داریاں نبھانے والوں کیلئے پرتکلف ناشتے کا اہتمام

لاہور (سٹاف رپورٹر) عام انتخابات میں امیدواروں کی طرف سے ووٹنگ کے دوران پولنگ ایجنٹس کی ذمہ داریاں نبھانے والوں کیلئے پرتکلف ناشتے کا اہتمام کیا گیا۔امیدواروں کی طرف سے نہ صرف پولنگ ایجنٹس بلکہ انتخابی مہم میں سرگرم رہنے والے رہنماؤں اور متحرک سپورٹرز کو بھی ناشتے کی دعوت دی گئی جن کی حلوہ پوری، سری پائے، نان چنے، پراٹھے ،چائے اور لسی سے تواضع کی گئی۔ناشتے کے بعد پولنگ ایجنٹس کو ووٹنگ کے عمل کے حوالے سے دی گئی تربیت بارے دوبارہ آگاہی دی (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 57)

ووٹنگ لسٹوں میں غلطیوں، ووٹ دوسرے حلقوں میں منتقل ہونے کی شکایات

پولنگ اسٹیشنز پہنچنے والے ووٹرز اپنے ووٹ تلاش کرتے رہے لیکن ووٹر لسٹ میں ان کے نام درج نہیں تھے

لاہور (سٹاف رپورٹر) کئی ووٹرز اپنے ووٹ آبائی حلقوں سے دوسرے حلقوں میں منتقل ہونے کی شکایات کرتے رہے۔تفصیلات کے مطابق ماضی کی طرح 8 فروری کو ہونے والے عام انتخابات میں بھی الیکشن کمیشن کی جانب سے جاری کردہ ووٹنگ لسٹ میں غلطیاں سامنے آئیں۔ پولنگ اسٹیشنز پہنچنے والے ووٹرز اپنے ووٹ تلاش کرتے رہے لیکن ووٹر لسٹ میں ان کے نام درج نہیں تھے ۔علاوہ ازیں الیکشن کمیشن کی ایس ایم ایس سروس سے استفادہ کئے بغیر پولنگ اسٹیشنز آنے والے متعدد ووٹرز بھی ووٹ دوسرے حلقوں میں منتقل ہونے کی وجہ سے پریشانی کا شکار نظر آئے۔

ملک بھر میں شوبز شخصیات نے بھی اپنا ووٹ کاسٹ کیا

مرد وخواتین اداکاروں نے ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد سوشل میڈیا پر تصاویر شیئر کیں

معروف اداکار حمزہ علی عباسی نے بھی ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد تصویر شیئر کی

لاہور (سٹاف رپورٹر) ملک بھر میں شوبز شخصیات نے بھی اپنا ووٹ کاسٹ کیا۔اداکارہ فاطمہ آفندی اور ان کے خاوند کنور ارسلان نے ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر تصویر بھی شیئر کی شوبز جوڑی کی جانب سے سوشل میڈیا صارفین کو پیغام میں کہا ہم نے اپنا حصہ ڈال دیا، اب آپ آگے بڑھیں اور اپنا حصہ ڈالیں۔پاکستان شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ حنا خواجہ بیات نے بھی ووٹ کاسٹ کر دیا۔اداکارہ حنا خواجہ بیات کی جانب سے انسٹاگرام پر ویڈیو پوسٹ کرتے ہوئے کہا گیا کہ الحمداللہ میں نے اپنا ووٹ ڈال دیا، اب آپ بھی بغیر کوئی وقت ضائع کیے اپنے گھروں سے باہر نکلیں اور ووٹ کاسٹ کریں۔پاکستان شوبز انڈسٹری کی مشہور اداکارہ عائزہ خان نے بھی ووٹ کاسٹ کرنے کی تصویر سوشل میڈیا پلیٹ فارم انسٹاگرام پر شیئر کی۔جس کے کیپشن میں اداکارہ نے سوشل میڈیا صارفین کیلئے پیغام میں کہا کہ پولنگ کی تفصیلات کے لیے 8300 پر میسج کریں۔معروف فیشن ڈیزائنر (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 51)

لاہور: ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے پولنگ اسٹیشن آنے والے شہری اپنے شناختی کارڈ دکھار ہے ہیں

سرگودھا میں الیکشن کا عمل انتہائی سستی روی کا شکار رہا جبکہ پہلی بار خواتین میں بھرپور جوش وخروش نظر آیا

سرگودھا (بیورو رپورٹ) سرگودھا میں الیکشن کا عمل انتہائی سستی روی کا شکار رہا جبکہ پہلی بار خواتین میں بھرپور جوش وخروش نظر آیا۔ذرائع کے مطابق سرگودھا میں انتخابی عمل کے دوران الیکشن (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 50)

صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر جاوید اکرم نے لاہور کینٹ میں اپنا ووٹ کاسٹ

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی وزیر سپیشلائزڈ ہیلتھ کیئر ومیڈیکل ایجوکیشن ڈاکٹر جاوید اکرم کی گورنمنٹ ایلیمنٹری سکول لیل لاہور کینٹ میں بنائے گئے پولنگ سٹیشن میں آمد۔پروفیسر ڈاکٹر جاوید اکرم نے این اے

چیف ایڈیٹر: مسز راحت آراء
ایڈیٹر: حیدر علی بھٹی
پرنٹر و پبلشر اصغر علی جٹ نے مسافت پرنٹرز سے چھپوا کر آٹو سنٹر 108 لٹن روڈ لاہور سے شائع کیا
رابطہ نمبر۔0320-1420226

صوبائی دارالحکومت لاہور کے رہائشیوں نے روایت بدل ڈالی

صبح کے وقت پولنگ اسٹیشنز پہنچ کر تعطیل کے روز دیر سے جاگنے کی چھاپ ہٹادی

لاہور (سٹاف رپورٹر) صوبائی دارالحکومت لاہور کے رہائشیوں نے ووٹ ڈالنے کیلئے صبح کے وقت پولنگ اسٹیشنز پہنچ کر تعطیل کے روز دیر سے جاگنے کی اپنے اوپر لگی چھاپ ہٹادی۔تفصیلات کے مطابق لاہوریوں کے بارے میں یہ تاثر عام ہے کہ وہ تعطیل کے روز دوپہر کے وقت جاگتے ہیں اور ناشتہ کر کے اپنی سرگرمیوں کا آغاز کرتے ہیں۔گزشتہ عام اور بلدیاتی انتخابات میں بھی یہ رجحان دیکھا گیا کہ لاہوریے دوپہر کے وقت جاگ کر بڑے آرام اور اطمینان سے ووٹ ڈالنے کیلئے پولنگ سٹیشنز پہنچے لیکن 8 فروری کو لاہوریوں نے روایت بدل ڈالی اور تمام حلقوں کے پولنگ اسٹیشنز پر صبح کے اوقات میں ہی مرد وخواتین ووٹرز کی طویل قطاریں لگ گئیں جس پر میڈیا نے بھی حیرانی کا اظہار کیا۔

عوام نے انتخابی عمل میں شریک ہوکر جمہوریت کی آبیاری کی ہے‘ پاکستان مسلم لیگ

چیلنجز سے نمٹنے کیلئے سیاسی جماعتیں مسلم لیگ کی قیادت کی مفاہمت کی پالیسی پر عمل پیرا ہوں‘ جنرل سیکرٹری لاہور ندیم پہلوان

عوام جس طرح باہر نکلے ہیں یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگ جمہوریت کے عمل پر یقین رکھتے ہیں

لاہور (سٹاف رپورٹر) کستان مسلم لیگ لاہور کے جنرل سیکرٹری محمد ندیم پہلوان نے کہا ہے کہ عوام نے انتخابی عمل میں شریک ہوکر جمہوریت کی آبیاری کی ہے، جمہوریت کا تسلسل جاری رہا تو ان شااللہ پاکستان بہت جلد اپنا مقام حاصل کرلے گا۔ووٹ کاسٹ کرنے کے بعد میڈیا نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے محمد ندیم پہلوان نے کہا کہ رجسٹرڈ ووٹروں کی تعداد کے لحاظ سے پاکستان دنیا کی پانچویں بڑی جمہوریت ہے، ہمیں اپنے رویے بھی جمہوری کرنا ہوں گے کیونکہ یہی ملک کو آگے لے جانے کا واحد ذریعہ ہے۔انہوں نے کہا کہ ہمیں مکالمے، برداشت اور تدبر کو فروغ دینا ہوگا تاکہ ہمارا معاشرے میں بگاڑ پیدا نہ ہو۔عوام جس طرح باہر نکلے ہیں یہ اس بات کا ثبوت ہے کہ لوگ جمہوریت کے عمل پر یقین رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ملک کو درپیش ہمالیہ جیسے چیلنجز کا سامنا کرنا ہے تو تمام سیاسی جماعتوں کو مسلم لیگ کی قیادت کی مفاہمت کی پالیسی پر عمل پیرا ہونا ہوگا۔

شناختی کارڈ رکھنے والے خواجہ سراؤں نے بھی مختلف علاقوں میں اپنے ووٹ کاسٹ کئے، اپنے مخصوص انداز کے ساتھ پولنگ اسٹیشن پہنچنے پر توجہ کا مرکز بنے رہے

لاہور (سٹاف رپورٹر) شناختی کارڈ رکھنے والے خواجہ سراؤں نے بھی مختلف علاقوں میں اپنے ووٹ کاسٹ کئے ،اپنے مخصوص انداز کے ساتھ پولنگ اسٹیشن پہنچنے پر توجہ کا مرکز بنے رہے۔تفصیلات کے مطابق قومی شناختی کارڈ رکھنے والے خواجہ سراؤں نے بھی اپنے اپنے حلقوں میں ووٹ کاسٹ (باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 58)

امیدواروں نے صبح کا آغاز مساجد میں نماز فجر سے کیا

صدقات دیئے گئے ،اہل خانہ اور سپورٹروں کے ہمراہ درگاہوں پر حاضری دی

لاہور (سٹاف رپورٹر) عام انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں نے اپنی صبح کا آغاز مساجد میں نماز فجر کی ادائیگی سے کیا اور اپنی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کرائیں ۔ امیدواروں کے گھروں سے نکلتے وقت بھی اہل خانہ اور عزیز و اقارب نے کامیابی کیلئے دعائیں مانگی جبکہ اس موقع پر صدقات بھی دیئے گئے ۔کئی امیدواروں کی جانب سے کالے بکرے صدقہ کئے گئے ۔امیدواروں کی اکثریت نے اپنے اہل خانہ اور سپورٹروں کے ہمراہ اولیائے کرام کے مزارات پر بھی حاضری دے کر اپنی کامیابی کیلئے دعائیں مانگیں۔عام انتخابات میں حصہ لینے والے امیدواروں نے اپنی صبح کا آغاز مساجد میں نماز فجر کی ادائیگی سے کیا اور اپنی کامیابی کیلئے خصوصی دعائیں بھی کرائیں۔

لاہور: شہری ووٹ کاسٹ کرنے کیلئے قطار بنائے اپنی باری کا انتظار کررہے ہیں